58

سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی

فرانس کے اسٹار فارورڈ کیلیان ایمباپے نے ورلڈ کپ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی کا اعزاز اپنے نام کرلیا۔ (تفصیلات اندر)

پی وی سندھو نے جاپان اوپن جیت لیا

بھارت کی اسٹار بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو نے جاپان اوپن میں 750 ٹائٹل جیتنے کے بعد کہا کہ گزشتہ کئی ماہ کے دوران بہت سے لوگ ان سے پوچھتے تھے کہ کیریئر کا دور ختم ہو چکا ہے۔ (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 197 | صفحات: 08 | ۲۰ جولائی ۲۰۲۶ بروز سوموار بمطابق ۵ صفر ۱۴۴۸ | Monday 20th July 2026 | جلد نمبر 58

حویلی و سرنکوٹ علاقوں میں جانی نقصان پر مجھے گہرا دکھ ہے/LG

راجوری اور پونچھ میں بچاؤ اور امدادی کارروائیوں کا جائزہ لیا

سرینگر/لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے راجوری اور پونچھ میں مسلسل بارشوں اور سیلاب کے بعد جاری بچاؤ اور امدادی کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ لیفٹیننٹ گورنر مسلسل صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ضلع ترقیاتی کمشنروں اور سینئر حکام کو ہدایت دی ہے کہ تمام متاثرہ کنبوں کو فوری امداد فراہم کی جائے اور ایمرجنسی ٹیموں کو ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لئے مکمل طور پر تیار رکھا جائے۔ انہوں نے لوگوں سے بھی پُرسکون رہنے اور سرکاری اطلاعات پر عمل کرنے کی اپیل کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں کہا: "میں نے سینئر حکام سے بات کی اور مسلسل بارشوں اور سیلاب سے/1



سیلاب سے متاثرہ تمام کنبوں کی ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی/وزیر اعلیٰ

شدید بارش کے باعث آنے والے سیلابی ریلوں پر اظہار دکھ

سرینگر/وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے راجوری میں شدید بارش کے باعث آنے والے سیلابی ریلوں پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے جس کے نتیجے میں سرکاری و نجی املاک بشمول بس سٹینڈ کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا اور قصبے و آس پاس کے علاقوں میں عام زندگی متاثر ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وہ صبح سویرے سے ہی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں اور ان کا دفتر مقامی عوامی نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے تاکہ راحت اور بچاؤ کی کارروائیاں بروقت انجام دی جا سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے متاثرہ افراد کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے یقین دلایا کہ سیلاب سے متاثرہ تمام کنبوں کو ہر ممکن مدد/2

راجوری پونچھ میں بادل پھٹ جانے کے بعد سیلاب میں 16 افراد جان بحق

متعدد زخمی، درجنوں مکانات، دکانیں، گاڑیاں اور دیگر املاک تباہ ہو گئیں

ایک ہی خاندان کے چھ افراد ملبے تلے دب کر جاں بحق ہو گئے

سرینگر/یو پی آئی/ جموں خطے کے سرحدی اضلاع پونچھ اور راجوری میں اتوار کی صبح موسلا دھار بارشوں، بادل پھٹنے کے واقعات اور اچانک آنے والے سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی، جس کے نتیجے میں کم از کم 16 افراد جاں بحق، متعدد زخمی اور درجنوں مکانات، دکانیں، گاڑیاں اور دیگر املاک تباہ ہو گئیں۔ انتظامیہ، پولیس، فوج، ریاستی ڈیزاسٹر ریسپانس فورس اور مقامی رضا کار متاثرہ علاقوں میں جنگی بنیادوں پر امدادی اور بچاؤ کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق سب سے زیادہ جانی نقصان پونچھ ضلع کے سرنکوٹ علاقے میں ہوا، جہاں ایک رہائشی مکان منہدم ہونے سے ایک ہی خاندان کے چھ افراد ملبے تلے دب کر جاں بحق ہو گئے۔ مجموعی طور پر ضلع پونچھ میں 16 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی گئی ہے، جبکہ متعدد افراد کے لاپتہ ہونے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں۔ پونچھ کی حویلی تحصیل کے نوناہندی علاقے میں ایک کچا مکان گرنے سے ایک خاتون کی موت واقع ہوئی جبکہ ایک ہی خاندان کے تین افراد زخمی ہوئے، جنہیں ضلع اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ سرنکوٹ کے مرہہ علاقے میں بھی ایک خاتون سیلابی ریلے کی زد میں آکر جان کی بازی ہار گئی۔ بلاک میڈیکل آفیسر سرنکوٹ ڈاکٹر محمد یوسف چودھری نے متعدد اموات کی تصدیق کرتے ہوئے مزید جانی نقصان کے خدشے کا اظہار کیا۔ راجوری ضلع میں بھی شدید بارشوں نے معمولات زندگی درہم برہم کر دیے۔ راجوری ندی میں طغیانی آنے کے باعث بیلا کالونی اور بس اسٹینڈ سمیت کئی علاقے زیر آب آگئے، جہاں کھڑی متعدد گاڑیاں سیلابی پانی/5

وزیر داخلہ امیت شاہ کا LG اور وزیر اعلیٰ سے فوری رابطہ

کہا مرکزی حکومت ہر ممکن تعاون اور ضروری مدد فراہم کرے گی

سرینگر/یو پی آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اتوار کو جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے راجوری ضلع میں شدید بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال کا جائزہ لیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق مرکزی وزیر داخلہ کو متاثرہ علاقوں کی موجودہ صورتحال، جاری ریسکیو اور راحتی کارروائیوں اور انتظامیہ کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ امت شاہ نے لیفٹیننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کو یقین دلایا کہ متاثرہ افراد کی جان و مال کے تحفظ اور امدادی سرگرمیوں کے لیے مرکزی حکومت ہر ممکن تعاون اور ضروری مدد فراہم کرے گی۔/3

رام بن میں بے قابو کار کھائی میں گری، ایک ہلاک چار زخمی

ریسکیو ٹیموں نے گلزار احمد لون (50) ولد علی محمد لون کو موقعے پر مردہ پایا

سرینگر/یو پی آئی/ مرکز کے زیر انتظام جموں کشمیر کے ضلع رامبن کے سب ڈویژن بانہال کی تحصیل کٹڑی کے دور افتادہ منگت علاقے میں اتوار کی صبح ایک آلٹو کار سڑک سے پھسل کر گہری کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقعے پر ہی جاں بحق ہو گیا جب کہ چار دیگر زخمی شدید ہو گئے۔ حادثہ اتوار کی صبح تقریباً 8:25 بجے اس وقت پیش آیا، جب ایک آلٹو کار زیر نمبر JK-11BS-PB-3417 منگت گاؤں سے بانہال کی طرف آنے کے دوران آرام ڈھکہ کے مقام پر ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر گہری کھائی میں جا گری۔ ریسکیو ٹیموں نے گلزار احمد لون (50) ولد علی محمد لون کو موقعے پر مردہ پایا جب کہ چار دیگر/4

ڈاکٹر فاروق عبداللہ کا پونچھ راجوری کے سانحے پر اظہار غم

بے گھر ہونے والے لوگوں کیلئے پناہ گاہ، خوراک اور دیگر ضروری سامان کا مطالبہ



سرینگر/جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے اتوار کے روز سرحدی اضلاع پونچھ اور راجوری میں طوفانی بارش اور بادل پھٹنے کے نتیجے میں لینڈ سلائیڈنگ اور طوفانی سیلاب سے ہونے والے جانی نقصان اور بڑے پیمانے پر تباہی پر دکھ کا اظہار کیا۔ ایک بیان میں عبداللہ نے تباہی میں ہلاک ہونے والوں کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ جبکہ متعدد دیگر کے ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ ہے، انہوں نے جان بچانے اور متاثرہ افراد کی مدد کے لیے ہر ممکن کوششوں پر زور دیا۔ انہوں نے مشکل موسمی حالات اور چیلنجنگ خطوں کے باوجود بچاؤ اور امدادی کارروائیاں جاری رکھنے کے لیے پولیس، اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (SDRF)، سول انتظامیہ اور مقامی رضا کاروں کی کوششوں کی تعریف کی۔ نیشنل کانفرنس کے صدر نے کہا کہ حکومت نے ملبے کو صاف کرنے اور لینڈ سلائیڈنگ سے منقطع دیہاتوں تک سڑک رابطہ بحال کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کیے ہیں، بھاری مشینری/11

راجوری میں سیلاب کے دوران فوج کی بروقت کارروائی

5 بچوں سمیت 11 افراد کو بحفاظت سیلابی پانی سے باہر نکالا گیا

سرینگر/یو پی آئی/ راجوری ضلع میں شدید بارشوں کے بعد آنے والے اچانک سیلاب کے دوران بھارتی فوج نے جموں و کشمیر پولیس، ریاستی ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ایس ڈی آر ایف) اور سول انتظامیہ کے اشتراک سے مختلف مقامات پر ریسکیو کارروائیاں انجام دیتے ہوئے پانچ بچوں سمیت 11 شہریوں کو بحفاظت بچا لیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق وائٹ نائٹ کور کے تحت فوج نے دو الگ الگ امدادی کارروائیاں انجام دیں، جن میں سیلابی پانی میں پھنسے افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ پہلی کارروائی تھنہ منڈی/7

نیتی آیوگ کا پہلا سرمایہ کاری دوست انڈیکس منظر عام پر

جموں و کشمیر کو مجموعی طور پر 28 واں جبکہ لداخ کو 35 واں مقام حاصل

سرینگر/یو ٹی آئی/ نیتی آیوگ کی جانب سے پہلی مرتبہ جاری کیے گئے "انویسٹمنٹ فرینڈلی نیس انڈیکس 2026" میں جموں و کشمیر اور لداخ دونوں کو سرمایہ کاری کیلئے درپیش بنیادی چیلنجز کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جموں و کشمیر کو مجموعی طور پر 28 واں جبکہ لداخ کو 35 واں مقام حاصل ہوا ہے۔ پہاڑی اور شمال مشرقی 12 ریاستوں و مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے زمرے میں جموں و کشمیر ساتویں اور لداخ آخری نمبر پر رہا۔ نیتی آیوگ کے مطابق یہ انڈیکس ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی سرمایہ کاری کو راغب کرنے، سہولت فراہم کرنے اور اسے برقرار رکھنے کی صلاحیت کا شواہد پر مبنی جامع جائزہ لینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ ادارے کا کہنا ہے کہ اس انڈیکس کا مقصد صرف درجہ بندی کرنا نہیں بلکہ حکومتوں کو اپنی کارکردگی کا موازنہ کرنے، پالیسیوں میں/6

جموں و کشمیر کی سرزمین بھائی چارے کی علامت/لیفٹیننٹ گورنر

نسلوں سے یہاں مختلف مذاہب کے لوگوں کو عزت ملی اور روحانی سکون حاصل ہوا

سرینگر/لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بارہمولہ میں سیوا یوتھ سیوا فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقدہ تین المذاہب ہم آہنگی مکالمے سے خطاب کیا۔ انہوں نے سیوا یوتھ فاؤنڈیشن کی منشیات سے پاک جموں و کشمیر مہم میں خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان رضا کاروں نے بے لوث جذبے کے ساتھ کام کیا اور یوٹی کے روشن مستقبل کے لئے ایک بڑی ذمہ داری نبھائی۔ انہوں نے کہا: "اس مہم کے ذریعے ہم نے کنبوں اور اداروں میں اعتماد کو مزید مضبوط کیا ہے، نوجوانوں کے ان کے مستقبل پر اعتماد کو تقویت دی ہے اور پورے ملک کو یہ پیغام دیا ہے کہ جب کوئی معاشرہ خود اپنے مل بیٹھتے پر اٹھ کھڑا ہوتا ہے تو وہ بڑے سے بڑے چیلنج پر بھی قابو پا سکتا ہے۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں و کشمیر کی سرزمین ہمیشہ سے ہم آہنگی، بھائی چارے اور باہمی احترام کی علامت رہی ہے۔ انہوں نے کہا: "نسلوں سے یہاں مختلف مذاہب کے لوگوں کو عزت ملی اور روحانی سکون حاصل ہوا۔ یہ ان اولیا، صوفیوں اور رشیوں کی دیرپا میراث ہے، جنہوں نے صدیوں/10

ککرناگ میں سڑک حادثہ

موٹر سائیکل سوار جاں بحق

سرینگر/یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے کوکرناگ علاقے میں اتوار کو پیش آئے ایک سڑک حادثے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق آرہامہ، کوکرناگ میں ایک موٹر سائیکل اور ماروتی کار کے درمیان تصادم ہوا، جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہو گیا۔ متوفی کی شناخت ضیغان الٹی ولد غلام نبی بٹ، ساکن آرہامہ، کوکرناگ کے طور پر ہوئی ہے۔ حادثے کے بعد زخمی کو فوری طور پر ضلع اسپتال اننت ناگ منتقل کیا گیا، تاہم ڈاکٹروں نے معائنے کے بعد اسے مردہ قرار دیا۔

سیاست انتظار کر سکتی ہے، انسانیت کو مقدم رکھنا ہوگا/سنیل شرما

بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے 20 جولائی کا احتجاج ملتوی کر دیا

سرینگر/یو پی آئی/ جموں و کشمیر اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے رہنما سنیل شرما نے کہا ہے کہ پونچھ اور راجوری میں سیلاب سے ہونے والی تباہی کے پیش نظر پارٹی نے 20 جولائی کو مجوزہ احتجاج ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے، کیونکہ موجودہ حالات میں سیاست نہیں بلکہ انسانیت کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سنیل شرما نے کہا کہ بی جے پی کا احتجاج پیر کے روز گھنٹہ گھر لال چوک سے شروع ہو کر سول سیکرٹریٹ تک جانا تھا، تاہم قدرتی آفت کے باعث اسے فی الحال ملتوی کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سیاسی محاذ آرائی کا وقت نہیں بلکہ تمام سیاسی جماعتوں کو متاثرہ خاندانوں کی مدد کے لیے متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا: "سیاست انتظار کر سکتی ہے، اس وقت انسانیت سب سے مقدم ہے اور ہر سیاسی جماعت کو متاثرین کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا چاہیے۔"/9

لداخ کے اگلے مورچوں کا آرمی کمانڈر کا دورہ

جوانوں کو مزید تربیت اور ہر چیلنج کے لیے تیار رہنے کی تلقین

سرینگر/یو پی آئی/ شمالی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے لداخ سیکٹر میں اگلے محاذ پر تعینات ایک فوجی ڈویژن کا دورہ کیا اور جوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ مہارت کو مزید نکھارنے، سخت تربیت جاری رکھنے اور ہر چیلنج کا ثابت قدمی سے مقابلہ کرنے کے لیے ہمیشہ تیار رہیں۔ اتوار کو جاری ایک سرکاری بیان کے مطابق آرمی کمانڈر کو دورے کے دوران جدید دفاعی ٹیکنالوجی کو اپنانے، نئی نسل کے ہتھیاروں اور فوجی ساز و سامان کی شمولیت، نیز آپریشنل صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کے لیے اختیار کیے گئے جدید طریقہ کار کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے اس موقع پر فائر اینڈ فوری کور کی جانب سے کرگل وجے دیوس کی مناسبت سے منعقد کی گئی کثیر الوع مہم جوئی کی سرگرمیوں، جن میں واٹر رافٹنگ اور دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں سائیکلنگ مہم شامل تھی، کے شرکا سے بھی ملاقات کی۔

اننت ناگ اور اونتی پورہ میں تین منشیات فروش گرفتار/پولیس

منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں میں مزید کامیابی حاصل

سرینگر/یو پی آئی/ جموں و کشمیر پولیس نے "نشہ مکت جموں و کشمیر مہم" کے تحت منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں میں مزید کامیابی حاصل کرتے ہوئے اننت ناگ اور اونتی پورہ میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا، جبکہ ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں ممنوعہ نشہ آور مواد برآمد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ضلع اننت ناگ کے اچبل تھانے کی ایک ٹیم نے کنگن مل میں ناکہ چیکنگ کے دوران زبیر مجید لون ولد عبدالمجید لون ساکن تیلوانی کو گرفتار کیا۔ تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے ایک اعشاریہ سات کلوگرام گانجہ نما پاؤڈر برآمد کیا گیا۔ ایک اور کارروائی میں بجبہاڑہ تھانے کی پولیس نے دودھنار، دگھامہ میں ناکہ چیکنگ کے دوران عمران نذیر ڈار ولد نذیر احمد ڈار ساکن دگھامہ، بجبہاڑہ کو گرفتار کیا۔ اس دوران اس کا ساتھی ارشاد احمد ڈار ولد غلام حسن ڈار موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔/8

واش روم کی کھڑکی سے جموں و کشمیر بینک بانہال میں داخل ہونے کی کوشش

الارم بجتے ہی کوئی رقم یا سامان چرائے بغیر "چور" بھاگ گئے

سرینگر/یو پی آئی/ جموں و کشمیر کے بانہال علاقے میں جموں و کشمیر بینک کی کسکوٹ برانچ میں نامعلوم افراد کی جانب سے مبینہ طور پر چوری کی کوشش کا معاملہ سامنے آیا ہے، جس کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ 17 اور 18 جولائی کی درمیانی شب پیش آیا۔ بینک کے برانچ منیجر توحید مجید نجار کی شکایت پر پولیس نے کارروائی عمل میں لائی۔ شکایت کے مطابق نامعلوم افراد نے مسل خانے کی کھڑکی سے اینگراسٹ پلیٹ نکال کر رسی کے ذریعے بینک کے اندر داخل ہونے کی کوشش کی۔ اندر داخل ہونے کے بعد ملزمان نے برانچ منیجر کے دفتر کی تلاشی لی، تاہم بینک کا الارم بجنے پر وہ بغیر کوئی سامان یا رقم چرائے موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کا انکشاف ہفتہ کی صبح اس وقت ہوا جب بینک کے ایک ملازم نے مسل خانے کا دروازہ کھلا دیکھا اور غیر مجاز داخلے کا شبہ ہونے پر انتظامیہ کو اطلاع دی۔

لیفٹیننٹ گورنر نے سری نگر میں قدیم وچارناگ مندر کا دورہ کیا

مندر کی بحالی کو ماضی، حال اور مستقبل کے درمیان تاریخی پل قرار دیا

سری نگر/ 19 مرجولائی// لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سری نگر میں قدیم وچارناگ مندر کا دورہ کیا۔ انہوں نے وہاں حاضری دی اور جموں وکشمیر سمیت تمام لوگوں کے امن، خوشحالی اور بھلائی کے لئے دُعا کی۔ دورے کے دوران انہوں نے عقیدت مندوں سے بات چیت کی اور شرائین پر جاری تزئین ومرمت اور بحالی کے کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے کہا: "ہزاروں برسوں سے یہ مقدس مندر ہندوستان کے روحانی، فکری اور فلسفیانہ سفر کا مرکز رہا ہے۔ اس کی بحالی ہمارے ماضی، حال اور مستقبل کو جوڑنے والے ایک تاریخی پل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ اس فکری شعور کی واپسی کی علامت ہے جس نے صدیوں تک غور وفکر، مکالمے اور علم کی ایک مسلسل روایت کو پروان چڑھایا۔ وچارناگ کی بحالی جموں وکشمیر کے متنوع اور عظیم ثقافتی ورثے کے تحفظ کی جانب ایک نہایت اہم قدم ہے۔" انہوں نے میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا: "وچارناگ جموں وکشمیر کے ثقافتی اور روحانی ورثے میں ایک مقدس مقام رکھتا ہے۔ اس تاریخی مقام کی بحالی جو کبھی علم ودانش کا ایک عظیم مرکز تھا اور جہاں دُنیا بھر سے علماء ودانشور علمی مباحثوں کے لئے جمع ہوتے تھے، انتہائی خوشی کی بات ہے۔ میں اس عظیم اقدام سے وابستہ تمام افراد کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ایک طویل وقفے کے بعد آج عقیدت مند یہاں یگیہ اور ہون کی مذہبی رسومات ادا کرنے کے لئے۔۔۔/101

این آئی ٹی سرینگر میں طرزِ زندگی سے متعلق

بیماریوں پر فٹنس اور صحت آگاہی پروگرام کا انعقاد

سرینگر، 19 جولائی//// نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (این آئی ٹی) سرینگر کی ایلومنائی ایسوسی ایشن (AANITS) نے دفتر ڈین ایلومنائی اینڈ انٹرنیشنل افیئرز کے اشتراک سے اتوار کے روز ادارے میں فٹنس اینڈ ہیلتھ آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا، جس کا مقصد صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینا اور طرز زندگی سے متعلق بیماریوں کے بارے میں شعور بیدار کرنا تھا۔ یہ پروگرام AANITS کے ایڈیشنل سیکریٹری انجینئر فرحان منظور شاہ کی پہل پر منعقد کیا گیا، جس میں ادارے کے سابق طلبہ، طلبہ، فیکلٹی ممبران اور عملے نے شرکت کی۔ اپنے پیغام میں این آئی ٹی سرینگر کے ڈائریکٹر پروفیسر بنود کمار کنوجیا نے AANITS کی جانب سے پروگرام کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارہ ایسا ماحول فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے جہاں تعلیمی برتری کے ساتھ صحت، فٹنس اور مجموعی فلاح و بہبود کو بھی اہمیت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے پروگرام طلبہ اور فیکلٹی ممبران میں صحت مند عادات اپنانے کے لیے شعور پیدا کرتے ہیں اور انہیں بہتر طرز زندگی اختیار کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ رجسٹرار پروفیسر عتیق الرحمٰن نے کہا کہ این آئی ٹی سرینگر ایسے پروگراموں کی مسلسل حمایت کرتا رہے گا جو احتیاطی صحت، فٹنس اور سماجی شمولیت کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بروقت آگاہی اور طرز زندگی میں مثبت تبدیلیاں نوجوان نسل میں غیر متعدی بیماریوں کے بوجھ کو نمایاں طور پر کم کر سکتی ہیں۔ ڈین ایلومنائی اینڈ انٹرنیشنل افیئرز پروفیسر ایم اے شاہ نے کہا کہ ادارہ طلبہ اور سابق طلبہ کی ہمہ جہتی ترقی پر یقین رکھتا ہے۔۔۔/102

شدید بارشوں کے پیش نظر ضلع انتظامیہ

بانڈی پورہ کی عوامی ایڈوائزری جاری

بانڈی پورہ، 19 جولائی//// ضلع بانڈی پورہ میں جاری شدید بارشوں کے پیش نظر ضلع انتظامیہ نے عوامی ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے شہریوں سے محتاط رہنے کی اپیل کی ہے۔ انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ موسلا دھار بارشوں کے باعث بادل پھٹنے، اچانک سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ، مٹی کے تودے گرنے، پتھر گرنے اور دیگر موسمی خطرات پیدا ہو سکتے ہیں، جن سے انسانی جانوں اور املاک کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ ایڈوائزری میں عوام سے کہا گیا ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، خاص طور پر پہاڑی، لینڈ سلائیڈنگ سے متاثرہ اور نشیبی علاقوں کا رخ نہ کریں۔ انتظامیہ نے شہریوں کو دریا، ندی نالوں، برساتی نالوں اور سیلاب کے خطرے والے مقامات سے دور رہنے کی بھی ہدایت دی ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا۔۔۔/103

عرسِ مبارک حضرت میر میرک اندرابیؒ اور حضرت خواجہ مسعودی ولیؒ

زائرین کے لیے تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں/علی محمد ساگر

سرینگر، 19 جولائی// جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے جنرل سکریٹری اور خانیار سے رکن اسمبلی حاجی علی محمد ساگر، اور پانپور سے رکن اسمبلی جسٹس حسنین مسعودی نے حضرت میر میرک اندرابیؒ (ملارہ، سرینگر) اور حضرت خواجہ مسعودی ولیؒ (پانپور) کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ زائرین کی سہولت کے لیے تمام بنیادی اور لازمی خدمات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں مقدس مقامات پر عرس مبارک کے سلسلے میں وادی کے مختلف اضلاع سمیت بیرونِ کشمیر سے بھی عقیدت مندوں کی بڑی تعداد کی آمد متوقع ہے، اس لیے انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ بجلی، پینے کے صاف پانی، صحت وصفائی، ٹرانسپورٹ، ٹریفک نظم ونسق، پارکنگ اور دیگر ضروری سہولیات کے جامع انتظامات کیے جائیں تاکہ زائرین کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دونوں رہنماؤں نے متعلقہ محکموں پر زور دیا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ عرس کے دوران عوامی سہولیات کی مسلسل نگرانی کریں اور ہنگامی طبی امداد، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی خدمات کو ہر وقت فعال رکھا جائے۔ واضح رہے کہ حضرت میر میرک اندرابیؒ اور حضرت خواجہ مسعودی ولیؒ کا سالانہ عرس مبارک 5 صفر المظفر، مطابق 20 جولائی کو انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس موقع پر دونوں آستانہ ہائے۔۔۔/106

بوتھ سطح کی مضبوطی بی جے پی کی کامیابی کی بنیاد ہے/ اشوک کول

من کی بات' پروگرام کی تیاریوں اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے پر زور

جموں، 19 جولائی// جموں وکشمیر بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے جنرل سکریٹری (تنظیم) اشوک کول نے ضلع جموں کے پہاڑی محلہ شکتی کیندر، موہندر نگر شکتی کیندر (سوامی گووند کول جی آشرم)، پورن نگر شکتی کیندر اور ٹاپ شیر خانیا شکتی کیندر میں بوتھ صدور اور ان کی ٹیموں کے اجلاسوں سے خطاب کیا۔ ان اجلاسوں کا مقصد آئندہ من کی بات' پروگرام کی تیاریوں کا جائزہ لینا اور پارٹی کے بوتھ سطح کے تنظیمی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنانا تھا۔ اجلاسوں میں من کی بات' پروگرام میں عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے، بوتھ ٹیموں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا کرنے اور پارٹی کے آئندہ تنظیمی پروگراموں کو ہر کارکن کی فعال شمولیت کے ذریعے مؤثر انداز میں نافذ کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر جموں وکشمیر بی جے پی کی نائب صدر پریا سیٹھی، جموں پربھاری برجیشور سنگھ رانا، ضلع صدر راجیش گپتا، رکن اسمبلی جموں مشرق یدھویر سیٹھی، رکن اسمبلی ریاسی کلدیپ راج دوبے، رکن اسمبلی جموں مغرب اروند گپتا، وستارک اندرجیت شرما سمیت دیگر سینئر رہنما بھی موجود تھے۔ اشوک کول نے اپنے خطاب میں کہا کہ بی جے پی کی بے مثال تنظیمی طاقت اس کے وقف بوتھ سطح کے کارکنوں کی مرہونِ منت ہے، جو پارٹی کی اصل ریڑھ کی۔۔۔/105

مسائل کا حل دلی میں ہے، جموں کشمیر کے آئینی حقوق بحال کرائیں گے/الطاف بخاری

بانڈی پورہ میں ورکرز کنونشن سے خطاب، مقامی مسائل اُجاگر کیے

سرینگر// اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے کہا ہے کہ ان کی جماعت نئی دہلی کو جموں وکشمیر کے آئینی حقوق بحال کرنے پر مجبور کرے گی، جبکہ اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے گا کہ خطے کی آبادیاتی شناخت اور مسلم اکثریتی حیثیت ہر قسم کی مداخلت سے محفوظ رہے۔ وہ آج بانڈی پورہ میں پارٹی کارکنان کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ سید محمد الطاف بخاری نے کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام کو درپیش تمام مسائل کا حل نئی دہلی میں موجود ہے اور انہی سے مذاکرات کے ذریعے ان کا ازالہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا: "جموں وکشمیر ہندوستان کا حصہ ہے اور ہمارے تمام مسائل کا حل بھی نئی دہلی ہی سے نکلے گا۔ اپنی پارٹی مرکز کو جموں وکشمیر کے آئینی حقوق بحال کرنے پر مجبور کرے گی۔" انہوں نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام میں ڈیموگرافک تبدیلیوں اور مسلم اکثریتی شناخت کو متاثر کرنے کی کسی بھی ممکنہ کوشش کے حوالے سے تشویش پائی جاتی۔۔۔/104

میر واعظ کشمیر مولانا ریاض احمد ہمدانی

خانقاہِ معلی میں جمعرات کو وعظ فرمائیں گے

سرینگر:۔ میر واعظ کشمیر مولانا مولوی ریاض احمد ہمدانی منگلوار 6 ماہ صفر المظفر عرس مبارک بلند پایہ ولی کامل قطب آفتاب حضرت محبوب العالم شیخ حمزہ مخدومؒ کے سلسلے میں تاریخ خانقاہِ معلی حضرت میر سید علی ہمدانیؒ سرینگر میں نماز ظہر سے قبل وعظ وتبلیغ فرمائیں گے اور اس سلسلے میں نماز ظہر کے بعد مجلس توبہ استغفار، خطمات المظلمات، درود واذکار اور اوراد خوانی کی روح پرور مجلس کا انعقاد بھی حسب قدیم ہوگا۔ خدامانِ زیارت بانی اسلام میر سید علی ہمدانیؒ نے محبان اولیائے کرام خصوصاً عقیدتمندان سے اس بابرکت مجلس میں شرکت کی اپیل ہے۔ ادھر میر واعظ ہمدانی نے راجوری اور پونچھ میں سیلابی ریلوں اور زمین کھسکنے سے قیمتی جانوں کی تلافی پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحومین کے لواحقین کیساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے حکومت سے متاثرین کی بازآبادکاری۔۔۔/107

پی ڈی ایف کا جنتر منتر احتجاج میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ

حکومت سے انتخابی وعدے پورے کرنے پر توجہ دینے کا مطالبہ

سرینگر، 19 جولائی// پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ (پی ڈی ایف) کے صدر اور سابق وزیر حکیم محمد یاسین نے اتوار کو کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام نے صرف ریاستی درجے (اسٹیٹ ہڈ) کی بحالی کے لیے نہیں بلکہ آرٹیکل 370، آرٹیکل 35اے اور 5 اگست 2019 سے پہلے موجود آئینی حیثیت کی بحالی کے حق میں ووٹ دیا تھا۔ بڈگام ضلع کے کچواری علاقے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے حکیم یاسین نے کہا کہ پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ نے اس سے قبل نیشنل کانفرنس کو ایک خط لکھ کر ریاستی درجے کی بحالی کے مطالبے پر مجوزہ جنتر منتر احتجاج کے حوالے سے وضاحت طلب کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی قیادت کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا، جس کے بعد پارٹی نے اندرونی مشاورت کے بعد فیصلہ کیا کہ وہ مجوزہ احتجاج میں شرکت نہیں کرے گی، تاہم جموں وکشمیر کی 5 اگست 2019 سے قبل کی آئینی حیثیت کی مکمل بحالی کی حمایت جاری رکھے گی۔ حکیم یاسین نے کہا، "عوام نے علامتی سیاست کے لیے نہیں بلکہ اپنے آئینی اور سیاسی حقوق کی بحالی کے لیے ووٹ دیا تھا۔ ان کا مینڈیٹ ریاستی درجے کے ساتھ ساتھ آرٹیکل 370، آرٹیکل 35اے اور 5 اگست 2019 سے پہلے حاصل آئینی تحفظات کی بحالی کے لیے تھا۔" انہوں نے کہا کہ پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ نے ہمیشہ اس معاملے پر ایک واضح اور مستقل مؤقف اختیار کیا ہے اور جموں وکشمیر کے آئینی اور جمہوری حقوق کی بحالی کے لیے ہر مخلصانہ کوشش کی حمایت جاری رکھے گی۔۔۔/108

براری آنگن شنگس میں مورتی پرتشٹھان دیوس کی تیاریوں کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ نے ماتا اوما بھگوتی تقریب کیلئے تمام سہولیات یقینی بنانے پر زور دیا

اننت ناگ، 19 جولائی//// ڈپٹی کمشنر اننت ناگ، ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ہفتہ کے روز براری آنگن، شنگس کا دورہ کرکے 19 سے 21 جولائی 2026 تک منعقد ہونے والے مورتی پرتشٹھان دیوس برائے ماتا اوما بھگوتی کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مندر احاطے کا معائنہ کیا اور مختلف محکموں کی جانب سے مذہبی تقریب کے پرامن اور کامیاب انعقاد کے لیے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پینے کے پانی، بجلی، سڑکوں کی دستیابی، صفائی، طبی سہولیات، سیکورٹی، ٹریفک نظم ونسق اور زائرین کی سہولت کے لیے دیگر بنیادی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ متعلقہ محکموں کے افسران سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے ہدایت دی کہ تمام انتظامات یقینی طور پر مکمل کیے جائیں اور تقریب کے اختتام تک بلاتعطل جاری رکھے جائیں۔ انہوں نے محکموں کے درمیان قریبی تال میل برقرار رکھنے اور چوبیس گھنٹے مستعد رہنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ زائرین کو محفوظ، صاف ستھرا اور سہولت بخش ماحول فراہم کیا جانا چاہیے۔ اس موقع پر اوما گری ٹرسٹ استھان کے نمائندے بھی موجود تھے، جنہوں نے تقریب کی تیاریوں سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹرسٹ کو تقریب کے کامیاب انعقاد کے لیے مکمل انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ دورے کے دوران سپرنٹنڈنگ انجینئر پی ڈبلیو ڈی سید اشفاق احمد۔۔۔/109

چاڈورہ کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

ظفر میر لسجن کا پی ڈی پی کے مندوبین کنونشن سے خطاب

سرینگر، 19 جولائی// جموں وکشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کے سینئر رہنما ظفر میر (لسجن) نے اتوار کو چاڈورہ اسمبلی حلقہ کو مسلسل نظرانداز کیے جانے پر مقامی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہاں کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور روز بروز بڑھتے ہوئے شہری ومعاشی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ ظفر میر گاؤ پورہ میں منعقدہ پارٹی کے مندوبین کنونشن سے خطاب کر رہے تھے، جس میں گاؤ پورہ، کزویرا، کلمرے، براری گنڈ، وڈی پورہ، کرال چیک، سنزی پورہ، نوہ بگ اور بگام سے تعلق رکھنے والے نو منتخب مندوبین نے شرکت کی۔ کنونشن میں عوامی مسائل، ترقیاتی چیلنجز اور آئندہ پنچایت انتخابات کے لیے پارٹی کی حکمت عملی پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اپنے خطاب۔۔۔/112

خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر بارہمولہ انتظامیہ کی ایڈوائزری جاری

عوام کو احتیاط برتنے اور سرکاری ہدایات پر عمل کرنے کی تلقین

بارہمولہ، 19 جولائی//// محکمہ موسمیات سرینگر کی جانب سے خراب موسم کی پیش گوئی کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر بارہمولہ ڈاکٹر ایس ایف حمید نے 19 سے 23 جولائی 2026 تک کے لیے موسمی ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے عوام سے چوکس رہنے اور ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔ ایڈوائزری میں بالخصوص نتگرگ، گلمرگ، اڑی، یونیار، شیر پورہ گاؤ گرین، چندوسہ، ڈنڈموہ، حاجی بل، شلوران، کلانترا، رامپور راجپور، شلو، گلی بل اور رفیع آباد کے رہائشیوں، خاص طور پر دریا اور ندی نالوں کے کناروں پر رہنے والے افراد کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ سیلاب کے خطرے والے علاقوں سے دور رہیں اور زیر آب سڑکوں یا آبی گزرگاہوں کو عبور کرنے سے گریز کریں، کیونکہ اس سے انسانی جانوں کو شدید خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ نتگرگ، گلمرگ، شیر پورہ گاؤ گرین، اڑی اور یونیار کا سفر کرنے والے سیاحوں اور مسافروں کو بھی مشورہ دیا گیا ہے کہ روانگی سے قبل سڑکوں اور موسم کی صورتحال کی تصدیق کر لیں اور حساس یا خطرناک مقامات کا رخ نہ کریں۔ ضلع انتظامیہ نے تمام متعلقہ محکموں کو ہائی الرٹ رہنے، افرادی قوت اور مشینری کو ہر وقت تیار رکھنے اور ایڈوائزری کی مدت کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹنے کی ہدایت دی ہے۔ انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ۔۔۔/111

خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر رام بن نے ضلع کا جائزہ لیا

قومی شاہراہ-44 سمیت حساس مقامات کا معائنہ

رام بن، 19 جولائی//// خراب موسمی صورتحال اور وقفے وقفے سے ہو رہی بارش کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر رام بن محمد الیاس خان نے آج ضلع بھر کی صورتحال کا ذاتی طور پر جائزہ لیا۔ انہوں نے قومی شاہراہ-44 پر باشری لینڈ سلائیڈ مقام سمیت دیگر حساس علاقوں کا دورہ کیا اور خراب موسم سے ہونے والے اثرات اور متعلقہ محکموں کی جانب سے جاری بحالی اقدامات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام سب ڈویژن مجسٹریٹس اور تحصیلداروں کو ہدایت دی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں موجود رہیں، لائن محکموں۔۔۔/110

سکاسٹ۔ کشمیر اور کے وی کے گریز نے جوار باجرہ فصلوں پر بیداری وتربیتی پروگرام منعقد کیا

روایتی اناج کی کاشت، غذائی اہمیت اور مارکیٹنگ کے مواقع سے متعلق کسانوں کو دی گئی معلومات

بانڈی پورہ، 19 جولائی//// شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر (SKUAST-K) کے شعبہ زرعی توسیع و مواصلات، فیکلٹی آف ایگریکلچر واڈورہ نے کرشی وگیان کیندر (KVK) گریز کے اشتراک سے بے کے ایس ٹی اینڈ آئی سی کے زیر فنڈ پروجیکٹ کشمیر کے شمال مغربی ہمالیائی خطے کے جوار باجرہ اناج کی جمع آوری، خصوصیات، غذائی تجزیہ اور احیاء کے تحت ایک بیداری وتربیتی پروگرام منعقد کیا۔ یہ پروگرام KVK گریز میں منعقد ہوا، جس کا مقصد کسانوں میں جوار باجرہ کی کاشت، اس کی غذائی اہمیت، ویلیو ایڈیشن، مارکیٹنگ کے مواقع اور دیہی روزگار کو بہتر بنانے کے لیے اجتماعی کاروباری ماڈلز کی ترقی سے متعلق بیداری پیدا کرنا تھا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے بے کے ایس ٹی اینڈ آئی سی کے زیر اہتمام پروجیکٹ کے پرنسپل انویسٹی گیٹر اور شعبہ زرعی توسیع کے سربراہ ڈاکٹر بلال احمد بھٹ نے روایتی جوار باجرہ کی کاشت کو دوبارہ فروغ دینے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فصلیں غذائی تحفظ، موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کی صلاحیت اور پائیدار زرعی نظام کے لیے اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ جوار باجرہ کی کاشت اپنائیں اور حکومت کی جانب سے پیداوار اور ویلیو چین کی ترقی کے لیے فراہم کی جانے والی مختلف اسکیموں سے فائدہ اٹھائیں۔ تکنیکی سیشنز کے دوران شعبہ زرعی توسیع کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر شجاعت حسین بھٹ نے جوار باجرہ کی مارکیٹنگ کے امکانات۔۔۔/113

ضلع انتظامیہ رام بن نے منشیات فروشوں سے

2.5 کروڑ روپے مالیت کی اراضی واگزار کرائی

رام بن، 19 جولائی//// جاری 100 روزہ نشہ مکت جموں وکشمیر مہم کے تحت ضلع انتظامیہ رام بن نے پولیس، محکمہ مال اور محکمہ جنگلات کے تعاون سے آج ضلع میں بڑے پیمانے پر انسداد تجاوزات مہم چلائی۔ اس کارروائی کی نگرانی ڈپٹی کمشنر رام بن محمد الیاس خان اور سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس رام بن ارون گپتا نے کی۔ مشترکہ ٹیموں میں ایگزیکٹو مجسٹریٹس، محکمہ مال کے افسران، پولیس اہلکار اور محکمہ جنگلات کے ملازمین شامل تھے۔ کارروائی کے دوران ضلع انتظامیہ نے منشیات کی غیر قانونی تجارت میں ملوث افراد کے قبضے سے 18 کنال 0.5 مرلہ سرکاری اراضی اور 16 کنال 4 مرلہ جنگلاتی اراضی واگزار کرائی۔ واگزار کرائی گئی مجموعی زمین کی مارکیٹ مالیت تقریباً 2.5 کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔ ضلع انتظامیہ نے کہا کہ یہ کارروائی منشیات کے کاروبار اور اس سے منسلک غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کی عکاسی کرتی ہے۔ منشیات فروشوں سے سرکاری زمین واپس حاصل کرنے کا مقصد غیر قانونی ٹیکس وصول کرنے کو ختم کرنا، سرکاری املاک کا تحفظ اور قانون کی بالادستی قائم رکھنا ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ منشیات کے خلاف مہم اور تجاوزات ہٹانے کی کارروائیوں میں آنے والے دنوں میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ منشیات کی اسمگلنگ یا سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضے میں ملوث کسی بھی شخص کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ضلع انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ منشیات سے متعلق سرگرمیوں اور غیر قانونی تجاوزات کے بارے میں معلومات فراہم۔۔۔/114

ڈی آئی پی آر کٹھوعہ کی جانب

سے بھجن سندھیا کا انعقاد

کٹھوعہ، 19 جولائی//// خراب موسمی حالات کے باعث شری امرناتھ جی یاترا کی عارضی معطلی کے دوران یاتریوں کو روحانی سکون اور مثبت ماحول فراہم کرنے کے مقصد سے محکمہ اطلاعات وعوامی رابطہ (ڈی آئی پی آر) کٹھوعہ نے آج لکھن پور یاتری سہولتی مرکز میں بھجن سندھیا کا انعقاد کیا۔ اس روحانی پروگرام میں یاتریوں نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی اور شام کے وقت منعقدہ بھجنوں اور روحانی موسیقی سے لطف اندوز ہوئے۔ معروف بھجن گلوکار نرشتوم ماہی اور ان کی ٹیم نے بھگوان شیو کی حمد پر مبنی شیو استوتی اور مختلف عقیدتی بھجن پیش کیے۔ کئی یاتریوں نے بھی کائیگی میں حصہ لیا اور عقیدت کے جذبے کے ساتھ رقص کر کے اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

سرینگر ٹائمز
20 جولائی 2026 بروز سوموار

دہلی میں نیشنل کانفرنس کی پُکار

آج 20 جولائی کی تاریخ کو نیشنل کانفرنس نے راجدھانی نئی دہلی میں جنتر منتر کے مقام پر سٹیٹ ہڈ کی واپسی کیلئے احتجاج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کچھ دن قبل جنتر منتر میں اجازت دینے یا نہ دینے کے معاملہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اجازت ملے یا نا ملے مگر وہ نئی دہلی میں کسی نہ کسی طرح ریاستی درجہ کیلئے پارٹی کی جانب سے احتجاج ضرور کریں گے۔ انہوں نے ہفتوں پہلے اپنے ارادے کا اعلان کیا تھا اور مرکزی و مقامی اپوزیشن کے لیڈران سے انکی آواز سے آواز ملانے کی اپیل بھی کی تھی۔ لیکن عمر عبداللہ کی طرف سے حزب اختلاف سے تعاون مانگنے کا فیصلہ ان کیلئے بھاری پڑ رہا ہے۔ کیونکہ اکثر پارٹیوں نے ان سے فاصلہ رکھنے یا کنارہ کرنے کا باضابطہ اعلان کیا ہے۔ اگرچہ پردیش کانگریس کمیٹی نے ان کی ریلے میں شرکت کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے مگر اس کے گفتار اور کردار سے صاف نظر آتا ہے کہ وہ "بادل ناخواستہ" شرکت کر رہی ہے۔ پردیش کانگریس کے صدر طارق حمید قرہ نے کہا کہ سٹیٹ ہڈ کی واپسی کیلئے سب سے پہلے کانگریس نے ہی پہل کی تھی اور نئی دہلی کے سوا جموں کشمیر میں بھی ریلیوں کا اہتمام کیا تھا مگر اس وقت نیشنل کانفرنس نے گرم جوشی کے بجائے سرد مہری کا مظاہرہ کیا۔ عمر عبداللہ کی طرف سے میر واعظ عمر فاروق کو دعوت دینا عمر عبداللہ کیلئے فکر انگیز ثابت ہوا ہے۔ مرکز میں الیکٹرانک میڈیا عمر عبداللہ نے تیکھے سوالات پوچھ رہے ہیں اور کانگریس سے بھی پوچھ رہے ہیں کہ کیا وہ میر واعظ کے ساتھ کسی سٹیج میں شرکت کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ویسے میر واعظ نے پہلے ہی عمر عبداللہ تک یہ پیغام پہنچایا ہے کہ معاملہ صرف سٹیٹ ہڈ کی واپسی کے مطالبہ تک ہی محدود نہیں بلکہ اس سے بھی آگے چلنے کا ہے۔ اُن کے یہ ریمارکس ریلے میں شامل ہونے سے "معذرت" کے برابر ہیں۔ پی ڈی پی کی سربراہ محبوبہ مفتی نے عمر عبداللہ کی دعوت کو کئی شرطوں سے منسلک کیا ہے اور شرطیں ایسی ہیں کہ شاید ہی عمر عبداللہ ان کو قبول کریں۔ محبوبہ مفتی نے ریاستی درجہ ہی نہیں بلکہ خصوصی درجہ کی بحالی پر زور دینے کی بات کہی ہے۔ اپنی پارٹی کے لیڈر الطاف بخاری نے بھری پریس کانفرنس میں اگرچہ سٹیٹ ہڈ کی واپسی کی حمایت کی مگر عمر عبداللہ کی طرف سے جنتر منتر میں ریلے میں شامل ہونے سے صاف انکار کیا اور کہا کہ معاملہ ایجی ٹیشن کے ذریعہ حل نہیں کیا جاتا بلکہ مرکز کے ساتھ بامعنی مذاکرات کے ذریعہ نمٹایا جاسکتا ہے۔ پیپلز کانفرنس کے لیڈر سجاد غنی لون جن کے اسمبلی میں دو ممبران ہیں نے بھی نیشنل کانفرنس کی جانب سے جنتر منتر میں شرکت کرنے سے معذوری ظاہر کی ہے۔ انہوں نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ سٹیٹ ہڈ کی واپسی کیلئے ریلے کا اہتمام قابل اعتراض نہ سہی مگر معاملہ اس سے آگے لے جانے کا ہے۔ نیشنل کانفرنس کے ممبر پارلیمنٹ آغا روح اللہ بار بار کہتے ہیں کہ سٹیٹ ہڈ کیلئے عمر عبداللہ کی تگ و دو اور اب جنتر منتر میں احتجاج کا مطلب بی جے پی کے ایجنڈا کی توثیق کرنا ہے۔ جبکہ نیشنل کانفرنس کو دفعہ 370 کی بحالی کیلئے لڑنے کیلئے ووٹ دئے گئے تھے۔ انجینئر رشید نے بھی ریلے میں شامل ہونے سے انکار کیا۔ بہرحال جس وقت آپ ان سطور کو پڑھ رہے ہوں گے۔ نئی دہلی میں نیشنل کانفرنس کی جانب سے ریاستی درجہ کی واپسی کیلئے احتجاج کی تیاریاں مکمل ہوگئی ہوں گی۔ احتجاج یقیناً پرامن ہوگا۔ عمر عبداللہ نے اپنے ممبران اسمبلی اراکین پارلیمنٹ پارٹی کے لیڈروں اور کارکنوں وغیرہ کو سختی سے ہدایات دئے ہوں گے کہ مظاہرہ کو "پُر اثر" بنانے کیلئے "پُر امن" بنانے میں کوئی کمی نہ ہونے پائے۔ لیکن یہ سوال عمر عبداللہ کا پیچھا کرتا رہے گا۔ کہ سٹیٹ ہڈ کی واپسی کیلئے جب مرکز نے پہلے ہی وعدوں پر وعدے کئے ہیں تو اس کا انتظار کرنے کیلئے اب ان میں ہمت کیوں نہیں رہ گئی ہے۔ اور یہ کہ کہیں انہوں نے اپوزیشن کو دعوت دے کر اپنے لئے پریشانیوں کو دعوت تو نہیں دی ہے۔

لینز کی حفاظت، آنکھوں کی حفاظت

شوکت احمد بٹ

چشمہ لاکھوں افراد کی روزمرہ زندگی کا ایک اہم حصہ ہے۔ بہت سے لوگ تعلیم، ملازمت، مطالعہ، گاڑی چلانے اور دیگر معمولات زندگی کے لیے چشمے پر انحصار کرتے ہیں۔ اگرچہ زیادہ تر افراد اپنے چشمے کے فریم کا تو خیال رکھتے ہیں، لیکن لینز کی صفائی اور حفاظت کو اکثر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ یہی غفلت نہ صرف بینائی کے معیار کو متاثر کرتی ہے بلکہ لینز کی عمر بھی کم کر دیتی ہے اور بعض اوقات آنکھوں میں تھکن، سر درد اور دھندلا پن کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ چشمہ استعمال کرنے والے افراد لینز کی مناسب دیکھ بھال کو اپنی روزمرہ عادت کا حصہ بنائیں۔



لینز کی سطح نہایت حساس ہوتی ہے۔ گرد، مٹی، انگلیوں کے نشانات، پسینہ اور ہوا میں موجود باریک ذرات روزانہ لینز پر جمع ہوتے رہتے ہیں۔ اگر ان ذرات کو غلط طریقے سے صاف کیا جائے تو لینز پر باریک خراشیں پڑ سکتی ہیں۔ ابتدا میں یہ خراشیں معمولی محسوس ہوتی ہیں، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ یہ بینائی کو متاثر کرنے لگتی ہیں اور لینز کی شفافیت کم ہو جاتی ہے۔

بہت سے افراد کی عادت ہوتی ہے کہ وہ چشمہ اپنے کپڑوں، رومال، دوپٹے یا قمیص کی آستین سے صاف کر لیتے ہیں۔ اگرچہ یہ طریقہ آسان معلوم ہوتا ہے، لیکن حقیقت میں یہ لینز کے لیے نقصان دہ ہے۔ کپڑوں پر موجود گرد کے ذرات لینز پر رگڑ کھا کر باریک خراشیں پیدا کر دیتے ہیں۔ اسی طرح خشک لینز کو زور سے رگڑنا بھی مناسب نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ لینز کو پہلے صاف پانی سے دھو لیا جائے تاکہ گرد کے ذرات الگ ہو جائیں، پھر مخصوص مائیکروفائبر کپڑے سے آہستگی کے ساتھ صاف کیا جائے۔

مارکیٹ میں لینز صاف کرنے کے لیے خصوصی کلیننگ اسپرے بھی دستیاب ہیں۔ ایسے اسپرے لینز کی کوٹنگ کو نقصان پہنچائے بغیر میل کچیل اور چکنائی کو صاف کر دیتے ہیں۔ عام شیشے صاف کرنے والے کیمیکل، سخت ڈٹرجنٹ یا الکحل والے محلول ہرگز لینز کے لیے موزوں نہیں ہوتے۔ ان کے استعمال سے لینز کی حفاظتی تہہ متاثر ہو سکتی ہے، اس لیے ہمیشہ ماہر چشم یا مستند آپٹیکل اسٹور کی تجویز کردہ مصنوعات ہی استعمال کرنی چاہئیں۔

چشمہ اتارتے وقت بھی احتیاط ضروری ہے۔ بعض افراد ایک ہی طرف سے چشمہ پکڑ کر اتارتے ہیں، جس سے وقت کے ساتھ فریم ٹیڑھا ہو سکتا ہے اور لینز اپنی درست پوزیشن سے ہٹ سکتے ہیں۔ ہمیشہ دونوں ہاتھوں سے چشمہ اتارنا اور پہننا چاہیے تاکہ فریم متوازن رہے اور لینز پر غیر ضروری دباؤ نہ پڑے۔

جب چشمہ استعمال میں نہ ہو تو اسے کسی محفوظ اور سخت ڈبے میں رکھنا چاہیے۔ بہت سے لوگ چشمہ میز، بستر، گاڑی کی سیٹ یا جیب میں بغیر کیس کے رکھ دیتے ہیں، جہاں اس کے گرنے، دبنے یا خراش آنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اسی طرح چشمے کو لینز کی طرف نیچے رکھنا بھی غلط عادت ہے، کیونکہ اس سے لینز براہ راست سطح سے رگڑ کھاتے ہیں۔

گرمی بھی لینز کی دشمن ثابت ہو سکتی ہے۔ شدید دھوپ میں بند گاڑی کے اندر چشمہ چھوڑ دینا یا اسے زیادہ درجہ حرارت والی جگہ پر رکھنا بعض اقسام کے لینز اور ان کی کوٹنگ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اس لیے کوشش کریں کہ چشمہ معتدل درجہ حرارت میں محفوظ رکھا جائے اور غیر ضروری طور پر تیز گرمی کے سامنے نہ چھوڑا جائے۔

اگر لینز پر اینٹی ریفلیکشن، اینٹی اسکریچ یا بلیو لائٹ فلٹر جیسی کوٹنگ موجود ہو تو اس کی حفاظت مزید اہم ہو جاتی ہے۔ غلط صفائی یا نامناسب کیمیکل کے استعمال سے یہ کوٹنگ خراب ہو سکتی ہے، جس کے بعد لینز اپنی اصل کارکردگی کھو دیتے ہیں۔ اس لیے صفائی کے ہر مرحلے میں نرمی اور احتیاط اختیار کرنا ضروری ہے۔

بچوں کے چشموں کی دیکھ بھال پر والدین کو خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ بچے کھیل کود کے دوران اکثر چشمہ ادھر ادھر رکھ دیتے ہیں یا غلط طریقے سے صاف کرتے ہیں، جس سے لینز جلد خراب ہو سکتے ہیں۔ والدین اگر انہیں ابتدا ہی سے چشمے کی حفاظت کے صحیح اصول سکھائیں تو یہ عادت زندگی بھر ان کے کام آئے گی۔

اگر لینز پر گہری خراشیں آ جائیں، بار بار دھندلا پن محسوس ہو یا صفائی کے باوجود نظر واضح نہ آئے تو صرف صفائی پر اکتفا نہ کریں بلکہ کسی مستند آپٹومیٹرسٹ یا ماہر چشم سے رجوع کریں۔ بعض اوقات مسئلہ لینز کی خرابی نہیں بلکہ نظر میں تبدیلی بھی ہو سکتی ہے، جس کے لیے نئے نمبر یا نئے لینز کی ضرورت پیش آتی ہے۔

آج کے دور میں کمپیوٹر، موبائل فون اور دیگر ڈیجیٹل آلات کے استعمال میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے۔ ایسے حالات میں صاف اور شفاف لینز آنکھوں پر دباؤ کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ گندے یا دھندلے لینز کی وجہ سے انسان غیر شعوری طور پر آنکھوں پر زیادہ زور ڈالتا ہے، جس سے تھکن، سر درد اور توجہ میں کمی محسوس ہو سکتی ہے۔

آخر میں یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ چشمہ صرف ایک طبی ضرورت نہیں بلکہ بینائی کی حفاظت کا اہم ذریعہ بھی ہے۔ چند منٹ کی روزانہ دیکھ بھال، درست صفائی کا طریقہ، مناسب کلیننگ کپڑا، محفوظ کیس اور احتیاط سے استعمال کرنے کی عادت لینز کی عمر میں نمایاں اضافہ کر سکتی ہے۔ صاف اور محفوظ لینز نہ صرف واضح بینائی فراہم کرتے ہیں بلکہ آنکھوں کو غیر ضروری دباؤ سے بھی بچاتے ہیں۔ اگر ہم اپنے چشمے کی اسی طرح حفاظت کریں جیسے اپنی دیگر قیمتی اشیاء کی کرتے ہیں تو بہتر بینائی، آرام دہ زندگی اور آنکھوں کی اچھی صحت سے طویل عرصے تک لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

بچوں کی مالش: بہتر جسمانی نگہداشت کا مؤثر ذریعہ

نومولود اور کم عمر بچوں کی تیل سے مالش کے فوائد، احتیاطیں اور درست طریقہ

فرقان احمد

بچے اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہیں، اور ہر والدین کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کا بچہ صحت مند، توانا اور خوش و خرم زندگی گزارے۔ نومولود کی پیدائش کے بعد اس کی مناسب دیکھ بھال میں صفائی، متوازن غذا، بروقت ویکسینیشن اور محبت بھرے ماحول کے ساتھ ساتھ جسم کی ہلکی اور درست انداز میں مالش بھی ایک اہم روایت رہی ہے۔ برصغیر سمیت دنیا کے کئی ممالک میں صدیوں سے بچوں کی تیل سے مالش کی جاتی رہی ہے، اور جدید تحقیق بھی اس بات کی تائید کرتی ہے کہ مناسب طریقے سے کی جانے والی مالش بچے کی جسمانی اور ذہنی نشوونما میں مثبت کردار ادا کر سکتی ہے۔ تاہم یہ بھی ضروری ہے کہ مالش کا طریقہ درست ہو، مناسب تیل استعمال کیا جائے اور ایسی غلطیوں سے بچا جائے جو بچے کی نازک جلد یا صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوں۔

نومولود بچے کی جلد نہایت نازک اور حساس ہوتی ہے۔ پیدائش کے ابتدائی مہینوں میں جلد بیرونی ماحول سے ہم آہنگ ہو رہی ہوتی ہے، اس لیے اس کی حفاظت انتہائی ضروری ہے۔ قدرتی اور معیاری تیل سے ہلکی مالش جلد کو نرم رکھنے، خشکی کم کرنے اور جلد میں نمی برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر ایسے علاقوں میں جہاں موسم خشک ہو، تیل کی مناسب مقدار جلد کو پھٹنے اور خارش سے بچانے میں معاون ہوتی ہے۔

بچوں کی مالش صرف جسم تک محدود نہیں رہتی بلکہ اس کے ذریعے والدین اور بچے کے درمیان محبت، اعتماد اور جذباتی وابستگی بھی مضبوط ہوتی ہے۔ جب والد یا والدہ نرم ہاتھوں سے بچے کی مالش کرتے ہیں تو بچہ خود کو محفوظ اور پرسکون محسوس کرتا ہے۔ اس دوران آنکھوں کا رابطہ، مسکراہٹ اور نرم گفتگو بچے کی ذہنی نشوونما اور جذباتی استحکام میں بھی مثبت کردار ادا کرتی ہے۔

بعض طبی مطالعات سے معلوم ہوا ہے کہ مناسب مالش کرنے سے کئی بچوں کی نیند کے معیار میں بہتری آتی ہے۔ جو بچے رات کو بے چینی کا شکار ہوتے ہیں، وہ مالش کے بعد نسبتاً سکون سے سوتے ہیں۔ بہتر نیند بچے کی نشوونما، دماغی ترقی اور قوت مدافعت کے لیے انتہائی اہم سمجھی جاتی ہے۔ اسی طرح نرم مالش سے جسم میں خون کی گردش بہتر ہونے میں بھی مدد مل سکتی ہے، جس سے جسم کے مختلف حصوں کو مناسب مقدار میں آکسیجن اور غذائی اجزا پہنچتے ہیں۔

اگر بچے کو ہلکی مالش آرام دہ ماحول میں دی جائے تو اس کے پٹھوں کو سکون ملتا ہے اور جسم میں نرمی برقرار رہتی ہے۔ تاہم یہ تصور درست نہیں کہ زیادہ زور سے مالش کرنے یا ہاتھ پاؤں کھینچنے سے بچہ جلدی مضبوط ہو جاتا ہے۔ اس طرح کی سخت مالش سے بچے کے نازک جوڑوں، ہڈیوں اور پٹھوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے ہمیشہ ہلکے ہاتھ سے اور بچے کی آرام دہ کیفیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مالش کرنی چاہیے۔

تیل کے انتخاب میں بھی احتیاط ضروری ہے۔ خالص اور معیاری تیل استعمال کرنا چاہیے جو بچے کی جلد کے لیے موزوں ہو۔ بعض بچوں کی جلد حساس ہوتی ہے، اس لیے کسی بھی نئے تیل کو استعمال کرنے سے پہلے جلد کے ایک چھوٹے حصے پر آزما لینا بہتر ہوتا ہے۔ اگر سرخی، خارش یا دانے ظاہر ہوں تو وہ تیل استعمال نہیں کرنا چاہیے اور ضرورت پڑنے پر ماہر اطفال یا جلد کے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہیے۔

مالش کرنے کا بہترین وقت وہ ہوتا ہے جب بچہ جاگ رہا ہو، بھوکا نہ ہو اور نہ ہی دودھ پینے کے فوراً بعد ہو۔ دودھ پلانے کے فوراً بعد مالش کرنے سے بچے کو بے آرامی یا قے کی شکایت ہو سکتی ہے۔ اسی طرح بہت زیادہ سرد یا گرم ماحول میں بھی مالش سے گریز کرنا چاہیے۔ کمرہ معتدل درجہ حرارت کا ہو تاکہ بچہ کو ٹھنڈ یا گرمی محسوس نہ ہو۔

مالش کے دوران والدین کے ہاتھ صاف ہونے چاہئیں اور ناخن تراشے ہوئے ہوں تاکہ بچے کی جلد پر خراش نہ آئے۔ زیورات، انگوٹھیاں یا کنگن اتار دینا بھی بہتر ہوتا ہے تاکہ مالش کرتے وقت بچے کو کسی قسم کی چوٹ نہ لگے۔ مالش کے بعد اگر موسم مناسب ہو تو نیم گرم پانی سے مختصر غسل بھی کرایا جا سکتا ہے، لیکن سردیوں میں بچے کو اچھی طرح خشک کر کے فوراً گرم کپڑے پہنانا ضروری ہے۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہر بچہ مختلف ہوتا ہے۔ بعض بچے مالش سے بہت لطف اندوز ہوتے ہیں جبکہ کچھ بچے ابتدا میں بے چینی محسوس کر سکتے ہیں۔ اگر بچہ مسلسل رونے لگے، جسم سخت کر لے یا بے آرام نظر آئے تو مالش روک دینا بہتر ہے۔ بچے کے اشاروں کو سمجھنا اچھی نگہداشت کا اہم حصہ ہے۔

دیہی علاقوں میں بعض اوقات بچوں کی مالش کے دوران روایتی طریقوں کے تحت زور سے جسم دبایا جاتا ہے یا مختلف جڑی بوٹیوں، خوشبودار تیلوں اور غیر معیاری اشیا کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ایسی عادات سے حتی الامکان بچنا چاہیے کیونکہ ان سے جلدی الرجی، جلن یا دیگر طبی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح نومولود کے سر کے نرم حصے پر زیادہ دباؤ ڈالنا بھی مناسب نہیں۔

قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں یا ایسے بچوں کو جو کسی بیماری، جلدی مسئلے یا پیدائشی طبی کیفیت کا شکار ہوں، ان کی مالش کے بارے میں پہلے معالج سے مشورہ لینا چاہیے۔ بعض صورتوں میں ڈاکٹر مخصوص ہدایات دیتے ہیں تاکہ بچے کی صحت متاثر نہ ہو۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ صرف مالش سے بچے کی ہڈیاں لمبی، رنگ گورا یا جسم غیر معمولی طور پر مضبوط نہیں ہو جاتا۔ ایسے دعوے سائنسی بنیادوں پر درست نہیں ہیں۔ بچے کی صحت مند نشوونما کا انحصار متوازن غذا، ماں کے دودھ، مناسب نیند، صفائی، حفاظتی ٹیکوں اور محبت بھرے ماحول پر ہوتا ہے۔ مالش ان تمام عوامل کے ساتھ ایک معاون عمل کے طور پر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔

آج کے مصروف دور میں اگر والدین روزانہ چند منٹ اپنے بچے کی محبت اور توجہ کے ساتھ مالش کریں تو یہ نہ صرف بچے کی جسمانی راحت کا سبب بنتا ہے بلکہ والدین اور بچے کے درمیان تعلق کو بھی مزید مضبوط کرتا ہے۔ یہ چند قیمتی لمحے بچے کی ابتدائی زندگی میں خوشگوار یادوں اور مثبت جذبات کی بنیاد رکھتے ہیں۔

مختصراً، بچوں کی تیل سے مالش ایک مفید روایت ہے، بشرطیکہ اسے اعتدال، صفائی اور درست طبی اصولوں کے مطابق انجام دیا جائے۔ مناسب تیل، نرم ہاتھ، آرام دہ ماحول اور بچے کی کیفیت کا خیال رکھتے ہوئے کی جانے والی مالش جلد کی حفاظت، سکون، بہتر نیند اور والدین سے جذباتی وابستگی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ روایتی غلط تصورات سے بچیں، غیر ضروری سخت مالش سے گریز کریں اور اگر بچے کی جلد یا صحت کے بارے میں کوئی تشویش ہو تو فوری طور پر مستند ڈاکٹر سے مشورہ حاصل کریں۔ اسی متوازن طرز عمل سے بچوں کی پرورش زیادہ محفوظ، صحت مند اور خوشگوار بن سکتی ہے۔

خبرونظر

چنار کتاب میلہ میں شائقین کا رش اور جوش

یو پی آئی/ ڈل جھیل کے کنارے واقع شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر (ایس کے آئی سی سی) میں جاری نو روزہ چنار بک فیسٹیول میں طلبہ، اساتذہ، ادیبوں اور کتاب دوست افراد کی بڑی تعداد شریک ہو رہی ہے، جہاں مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ کتاب صرف علم کا ذریعہ نہیں بلکہ انسان میں غور و فکر، تنقیدی شعور اور سوال کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے والی بہترین استاد ہے۔ یہ کتاب میلہ نیشنل بک ٹرسٹ، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، وزارت تعلیم، حکومت ہند اور ضلعی انتظامیہ سرینگر کے اشتراک سے منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا افتتاح گزشتہ روز جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کیا تھا۔

میلے میں انگریزی، اردو، کشمیری، ہندی، ڈوگری اور دیگر زبانوں کی کتابوں پر مشتمل تقریباً 200 اسٹال قائم کیے گئے ہیں، جبکہ ملک بھر کے لگ بھگ 250 ناشرین اور کتب فروش اپنی مطبوعات کی نمائش کر رہے ہیں۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کتابوں کی خریداری کے ساتھ ساتھ ادبی و ثقافتی سرگرمیوں میں بھی بھرپور دلچسپی لے رہے ہیں۔ معروف افسانہ نگار پرویز مانوس نے اس موقع پر کہا کہ ڈیجیٹل دور میں مطالعے کا رجحان کم ضرور ہوا ہے، تاہم ایسے کتابی میلوں سے نئی نسل کو دوبارہ کتابوں کی طرف راغب کرنے میں مدد ملے گی۔

ان کا کہنا تھا کہ "کتاب محض معلومات فراہم نہیں کرتی بلکہ انسان کو غور و فکر، تجزیہ اور سوال کرنے کا سلیقہ بھی عطا کرتی ہے۔" انہوں نے کہا کہ اگرچہ برقی کتابیں اپنی اہمیت رکھتی ہیں، لیکن روایتی کتاب کی خوشبو، ورق گردانی کا احساس اور یکسوئی کے ساتھ مطالعہ کرنے کا لطف اپنی الگ ہی حیثیت رکھتا ہے۔ کتاب میلے میں روزانہ مختلف ادبی، ثقافتی اور تفریحی پروگرام بھی منعقد کیے جا رہے ہیں، جن میں مذاکرے، مشاعرے، شام غزل، صوفیانہ موسیقی، بچوں کے خصوصی پروگرام اور معروف مصنفین سے ملاقات جیسی سرگرمیاں شامل ہیں، جنہوں نے میلے کو علم و ادب کے ساتھ ثقافتی ہم آہنگی کا بھی مرکز بنا دیا ہے۔

مختلف اشاعتی اداروں کے نمائندوں کا کہنا ہے کہ قارئین کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے مذہب، تاریخ، ادب، سائنس، بچوں کے ادب اور عصری موضوعات پر مبنی کتابوں کا وسیع ذخیرہ رکھا گیا ہے، جس میں طلبہ اور نوجوان خصوصی دلچسپی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ آثار قدیمہ کے سروے سے متعلق ادارے نے بھی میلے میں خصوصی اسٹال قائم کیا ہے، جہاں تاریخی ورثے اور آثار قدیمہ سے متعلق کتابوں کو زائرین کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔ منتظمین کے مطابق چنار بک فیسٹیول کا بنیادی مقصد نئی نسل میں مطالعے کی عادت کو فروغ دینا، تحقیق اور تخلیقی سوچ کی حوصلہ افزائی کرنا اور کتاب سے مضبوط رشتہ استوار کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ہر طالب علم روزانہ کم از کم 20 منٹ مطالعہ کرے تو اس سے علمی اور فکری ترقی کی نئی راہیں کھل سکتی ہیں۔ واضح رہے کہ نو روزہ چنار بک فیسٹیول 18 جولائی سے شروع ہوا ہے اور 26 جولائی تک جاری رہے گا۔

کشمیر میں ایک ہزار میگاواٹ بجلی کی کمی کا خدشہ

یو پی آئی/ کشمیر پاور ڈسٹری بیوشن کارپوریشن لمیٹڈ (کے پی ڈی سی ایل) نے اتوار کو عوامی نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بگلیہار اور سلال پن بجلی منصوبوں کی طے شدہ بندش کے باعث وادی کشمیر میں تقریباً ایک ہزار میگاواٹ بجلی کی کمی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جس کے نتیجے میں بجلی کی فراہمی میں عارضی کٹوتی کی جا سکتی ہے۔ نوٹس کے مطابق بگلیہار پن بجلی منصوبے میں فلشنگ کا عمل اتوار 19 جولائی کی رات 10 بجے شروع ہوگا، جو چار سے پانچ روز تک جاری رہے گا۔

اس عمل کے پیش نظر سہ پہر تین بجے سے بجلی کی پیداوار بتدریج کم کی جائے گی، جبکہ شام ساڑھے سات بجے منصوبہ مکمل طور پر بند کر دیا جائے گا۔ ادھر سلال پن بجلی منصوبہ 18 جولائی سے دس روزہ منصوبہ بند مرمت کے لیے پہلے ہی بند ہے۔ کے پی ڈی سی ایل کے مطابق گرمیوں کے دوران وادی کشمیر کی بجلی کی ضروریات کا ایک بڑا حصہ بگلیہار اور سلال پن بجلی منصوبوں سے پورا کیا جاتا ہے، تاہم دونوں منصوبوں کی بیک وقت بندش کے باعث جموں و کشمیر میں تقریباً ایک ہزار میگاواٹ بجلی کی قلت پیدا ہونے کا امکان ہے۔

سنڈے مارکیٹ متاثر، چھابڑی فروشوں کو نقصان

ٹی ای این/ سرینگر سمیت وادی کشمیر کے کئی علاقوں میں اتوار کو ہونے والی موسلا دھار بارش نے معمولات زندگی کو متاثر کر دیا۔ دارالحکومت سرینگر میں چند ہی لمحوں کی شدید بارش کے باعث متعدد سڑکوں پر پانی جمع ہو گیا، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی اور راہگیروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ سب سے زیادہ اثر شہر کے تجارتی مرکز لال چوک میں نظر آیا، جہاں ہر اتوار لگنے والا معروف سنڈے مارکیٹ بارش اور پانی جمع ہونے کے باعث بری طرح متاثر ہوا۔

دوپہر کے وقت اچانک شروع ہونے والی تیز بارش نے لال چوک، بدھ مالو، امیرا کدل، ریذیڈنسی روڈ، مائسمہ، کرن نگر، راجباغ، جہانگیر چوک اور شہر کے دیگر نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے کی صورتحال پیدا کر دی۔ کئی مقامات پر گاڑیوں کی رفتار سست پڑ گئی جبکہ موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کو خاصی دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ بارش کا سب سے زیادہ معاشی اثر لال چوک کے اتوار بازار پر دیکھنے میں آیا، جہاں وادی کے مختلف اضلاع سے آئے سینکڑوں دکانداروں نے عارضی اسٹال لگائے تھے۔

اچانک ہونے والی بارش کے باعث متعدد دکانداروں کو اپنا سامان سمیٹنا پڑا جبکہ کئی مقامات پر کپڑے، جوتے اور دیگر اشیا بھیگ گئیں۔ خریداروں کی تعداد میں نمایاں کمی آنے سے کاروبار شدید متاثر ہوا اور متعدد تاجروں نے دن بھر کی فروخت نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔

سنڈے مارکیٹ سے وابستہ تاجروں کا کہنا تھا کہ وہ پورے ہفتے اس بازار کے انتظار میں رہتے ہیں کیونکہ ان کی آمدنی کا بڑا حصہ اسی روز کی فروخت پر منحصر ہوتا ہے، تاہم خراب موسم نے ان کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ کئی تاجروں نے مطالبہ کیا کہ اتوار بازار کے لیے بہتر نکاسی آب اور بارش سے تحفظ کے مناسب انتظامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے نقصانات سے بچا جا سکے۔

برطانیہ کی حوالگی کی درخواست پر اینڈریو اور ٹرسٹن ٹیٹ گرفتار

واشنگٹن، 19 جولائی (یو این آئی) امریکی مارشلز سروس نے ہفتے کے روز سوشل میڈیا شخصیات اینڈریو ٹیٹ اور ان کے بھائی ٹرسٹن ٹیٹ کو گرفتار کر لیا۔ برطانیہ کی کراؤن پراسیکیوشن سروس (سی پی ایس) نے دونوں کی حوالگی کی درخواست کرتے ہوئے ان پر آبروریزی، جنسی تشدد، انسانی اسمگلنگ اور دیگر سنگین جرائم کے متعدد الزامات عائد کیے ہیں۔ سی پی ایس کے مطابق چار مزید مبینہ متاثرین کی نشاندہی کے بعد دونوں بھائیوں کے خلاف الزامات میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اینڈریو ٹیٹ (39 سال) اور ٹرسٹن ٹیٹ (38 سال) کو جولائی 2010 سے اگست 2017 کے درمیان برطانیہ میں مبینہ طور پر کیے گئے جرائم کے سلسلے میں مقدمات کا سامنا کرنا ہوگا۔ سی پی ایس کے ایکسٹریمز کرائم ڈویژن کے سربراہ میلکم میک ہیلی نے بیان میں کہا کہ دونوں بھائیوں کے خلاف آبروریزی، جنسی استحصال کے مقصد سے انسانی اسمگلنگ میں سہولت فراہم کرنے یا اس کا انتظام کرنے، اور بچوں کی فحاشی تصاویر سے متعلق جرائم کے الزامات پر قانونی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ امریکی اور برطانوی دوہری شہریت رکھنے والے اینڈریو اور ٹرسٹن ٹیٹ نے اپنے خلاف عائد تمام الزامات کی تردید کی ہے۔ امریکی مارشلز سروس نے گرفتاری کے حوالے سے تبصرہ کرنے سے گریز کیا، تاہم متعدد میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں بھائیوں کو فلوریڈا کے شہر میامی میں گرفتار کیا گیا۔ یہ پیش رفت ٹیٹ برادران کی قانونی مشکلات میں ایک نئے مرحلے کی نشاندہی کرتی ہے۔ دونوں پہلے ہی رومانیہ میں عدالتی کارروائیوں کا سامنا کر رہے ہیں، جہاں دسمبر 2022 سے ان کے خلاف تحقیقات جاری ہیں۔ اینڈریو ٹیٹ اور ٹرسٹن ٹیٹ نے مردانگی اور عورت سے متعلق اپنے خیالات کی بنیاد پر سوشل میڈیا پر بڑی تعداد میں مداح بنائے ہیں، جبکہ اینڈریو ٹیٹ ماضی میں خود کو مرد اور بالادستی کا حامی بھی قرار دے چکے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اینڈریو ٹیٹ کو دو سال برطانیہ میں ایک دیوانی مقدمے کا بھی سامنا ہے جس میں چار خواتین نے ان پر 2013 سے 2015 کے درمیان جنسی استحصال کے الزامات عائد کیے ہیں۔

یوکرین کا دعویٰ، روس کے وسطی علاقوں میں گوداموں اور تیل کے ایک مرکز کو نشانہ بنایا

کیف/ماسکو، 19 جولائی (یو این آئی) یوکرین نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے رات بھر روس کے وسطی علاقوں میں بڑے پیمانے پر ڈرون حملے کرتے ہوئے ماسکو اور نامبوف علاقوں کے دو اہم لاجسٹک مراکز اور تیل کے ایک مرکز کو نشانہ بنایا۔ دوسری جانب روسی حکام کے مطابق ان حملوں میں کم از کم آٹھ افراد ہلاک اور 62 زخمی ہوئے ہیں۔ یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے سوشل میڈیا پر کہا کہ یوکرینی فوج نے اپنی "لانگ رینج سٹرائکس حکمت عملی" کے تحت ان لاجسٹک مراکز پر حملہ کیا، جنہیں روس ڈرون کی تیاری کے لیے پابندیوں کے دائرے میں آنے والے پرزوں اور ٹیوی گیشن آلات کی فراہمی کے لیے استعمال کر رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک تیل کے مرکز کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ روسی آن لائن ریٹیل کمپنی وائلڈ بیریز کی بانی محترمہ تاتیانا رکم کے مطابق حملوں میں کمپنی کے دو گودام متاثر ہوئے ہیں۔ نامبوف علاقے کے سربراہ یوگینی پیرویشوف نے بتایا کہ رات کی شفٹ میں کام کرنے والے سات ملازمین موقع پر ہی ہلاک ہو گئے، جبکہ 25 دیگر زخمی ہوئے۔ ماسکو کے علاقے الیکٹروستال میں واقع وائلڈ بیریز کے ایک لاجسٹک مرکز پر ڈرون حملے میں ایک شخص ہلاک اور 37 زخمی ہوئے۔ ادھر ماسکو کے میئر جناب سرگئی سوبیانین نے کہا کہ ماسکو کی جانب آنے والے 370 ڈرون کی نشاندہی کی گئی، جن میں سے بیشتر کو فضائی دفاعی نظام نے ناکارہ بنا دیا، جبکہ 64 ڈرون مار گرائے گئے۔ ان دعووں کی آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔ یوکرینی فضائیہ نے کہا کہ روس نے رات بھر یوکرین پر 90 ڈرون اور سات میزائلوں سے حملہ کیا، جن کا بنیادی ہدف اوڈیسا کا علاقہ تھا۔ یوکرین کا دعویٰ ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے ایک میزائل اور 69 ڈرون تباہ کر دیے۔

لیبیا کے بینک چین کے ادائیگی نظام سے منسلک، ڈالر پر انحصار میں کمی کی راہ ہموار

بیجنگ، 19 جولائی (یو این آئی) لیبیا اور چین نے لیبیا کے تجارتی بینکوں کو چین کے کراس بارڈر ادائیگی اور تصفیہ نظام (سی آئی پی ایس) سے منسلک کرنے پر اتفاق کیا ہے جسے دونوں ممالک کے درمیان مالیاتی تعاون کو فروغ دینے اور امریکی ڈالر پر انحصار کم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لیبیا کے مرکزی بینک کے گورنر جناب ڈاکٹر محمد عیسیٰ اور پیپلز بینک آف چائنا کے گورنر جناب پان گونگ شینگ کے درمیان بیجنگ میں ہونے والی ملاقات میں اس معاہدے پر اتفاق کیا گیا۔ لیبیا کے مرکزی بینک نے اپنی ویب سائٹ پر جاری بیان میں کہا کہ بیجنگ کے دورے پر موجود ڈاکٹر محمد عیسیٰ نے چینی مرکزی بینک کے گورنر سے ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم کا جائزہ لیا اور باہمی تجارت کو مزید فروغ دینے اور اس کی شرح نمو میں اضافے کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا۔ بیان کے مطابق دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان حقیقی تزویراتی شراکت داری کے ایک نئے مرحلے کے آغاز کی اہمیت پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس سلسلے میں لیبیا کے تجارتی بینکوں کو چین کے کراس بارڈر انٹربینک منیمنٹ سسٹم (سی آئی پی ایس) سے منسلک کرنے کا فیصلہ کیا گیا جس سے بین الاقوامی مالیاتی لین دین مزید آسان ہو سکے گا۔

آسیان اجلاسوں میں شرکت کیلئے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو فلپائن جائیں گے

واشنگٹن، 19 جولائی (یو این آئی) امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو 19 سے 23 جولائی تک فلپائن کے دارالحکومت منیلا کا دورہ کریں گے، جہاں وہ جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم (آسیان) کے اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں شرکت کریں گے۔ یہ اطلاع امریکی محکمہ خارجہ نے دی ہے۔ محکمہ خارجہ کے مطابق مسٹر روبیو امریکہ آسیان پوسٹ منسٹریل کانفرنس، مشرقی ایشیا سربراہ اجلاس کے وزرائے خارجہ کے اجلاس اور آسیان ریجنل فورم (اے آر ایف) کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شریک ہوں گے۔ اس دوران وہ ہند بحرالکاہل خطے کے متعدد ممالک کے اعلیٰ حکام کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ امریکہ نے کہا ہے کہ یہ دورہ آزاد، کھلے اور محفوظ ہند بحرالکاہل خطے کے فروغ کے ساتھ ساتھ علاقائی تعاون اور شراکت داری کو مضبوط بنانے کی اس کی خارجہ پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ اس موقع پر امریکہ آسیان شراکت داری کی پیش رفت کا جائزہ لینے اور فلپائن کے ساتھ جامع اسٹریٹجک تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر بھی زور دیا جائے گا۔ فلپائن 19 سے 24 جولائی تک آسیان وزرائے خارجہ اجلاس، پوسٹ منسٹریل کانفرنس اور جنوب مشرقی ایشیا میں روسی تعاون کے معاہدے (ٹی اے سی) کی 50ویں سالگرہ سے متعلق تقریبات کی میزبانی کر رہا ہے۔ ان اجلاسوں میں ہندوستان کے وزیر خارجہ ایس جے شنکر، چین کے وزیر خارجہ وانگ یی، روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف، آسٹریلیا کی وزیر خارجہ محترمہ پینی ونگ، جاپان، نیوزی لینڈ اور یورپی یونین کے نمائندے بھی شرکت کریں گے۔ اجلاسوں کے موقع پر کواڈ ممالک کے وزرائے خارجہ، مارکو روبیو، ایس جے شنکر، جاپان کے توشیمیتسو موتیگی اور محترمہ پینی ونگ کے درمیان بھی ملاقات کا امکان ہے۔ آسیان کے وزرائے خارجہ علاقائی تعاون، بین الاقوامی حالات، اقتصادی اشتراک، توانائی کے تحفظ اور تنظیم کے اتحاد کو مضبوط بنانے سمیت مختلف امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ اجلاسوں کا اختتام 25 جولائی کو ٹی اے سی کی 50ویں سالگرہ کی تقریبات کے ساتھ ہوگا۔

ہنگری کے صدر تاماس سُلیوک نے آئینی ترمیم پر دستخط کیے

بوداپیسٹ، 19 جولائی (یو این آئی) ہنگری کے صدر تاماس سُلیوک نے ملک کے آئین (فنڈامنٹل لا) میں 17ویں آئینی ترمیم پر دستخط کر دیے ہیں، جس کے نافذ ہونے کے ساتھ ہی ان کی صدارتی مدت ختم ہو جائے گی۔ فیس بک پر جاری اپنے بیان میں تاماس سُلیوک نے کہا کہ کسی موجودہ صدر کی مدت کار کو آئینی ترمیم کے ذریعے ختم کرنا غیر معمولی اقدام ہے اور یہ جمہوری اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے اسے سیاسی طاقت کے غلط استعمال کی سنگین مثال قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس ترمیم سے قانون کی حکمرانی، اداروں کی خودمختاری اور جمہوری نظام کو براہ راست نقصان پہنچا ہے۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ ترمیم پر دستخط سے انکار کرنا خود آئین کی خلاف ورزی ہوتا، اس لیے انہوں نے اپنے آئینی فرض کی ادائیگی کرتے ہوئے اس پر دستخط کیے۔ نئی شقوں کے مطابق ترمیم نافذ ہونے کے اگلے روز صدر کی مدت کار ختم ہو جائے گی۔ نئے صدر کے انتخاب تک پارلیمنٹ کی اسپیکر اگنیس فور عبوری طور قائم مقام صدر کے فرائض انجام دیں گی۔ اس کے بعد پارلیمنٹ زیادہ سے زیادہ پانچ برس کی مدت کے لیے نئے صدر کا انتخاب کرے گی یا اس وقت تک جب تک نیا آئین نافذ نہیں ہو جاتا۔ اس آئینی ترمیم میں ارکان پارلیمنٹ کی مدت رکنیت کو 12 برس یا زیادہ سے زیادہ تین مدتوں تک محدود کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ آئینی عدالت کے ججوں کی زیادہ سے زیادہ عمر 70 برس مقرر کی گئی ہے اور انہیں سپریم کورٹ (کوریا) اور قومی عدالتی دفتر (او بی ایچ) کے سربراہان کو ہٹانے کی کارروائی شروع کرنے کا اختیار بھی دیا گیا ہے۔

لبنانی صدر جوزف عون حزب اللہ سے متعلق منصوبہ لے کر وائٹ ہاؤس جائیں گے

بیروت، 19 جولائی (یو این آئی) لبنان کے صدر مسٹر جوزف عون اس ہفتے اپنے پہلے سرکاری دورے پر وائٹ ہاؤس جائیں گے، جہاں وہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے دوران ایک ایسا منصوبہ پیش کریں گے جس کا مقصد حزب اللہ کے ہتھیاروں کو تلف کرنے اور لبنان سے اسرائیلی افواج کے انخلا کو یقینی بنانا ہے۔ جناب جوزف عون گزشتہ برس صدر منتخب ہونے سے قبل امریکی حمایت یافتہ لبنانی فوج کے سربراہ تھے۔ وہ گزشتہ دو دہائیوں میں وائٹ ہاؤس کا دورہ کرنے والے پہلے لبنانی صدر ہوں گے اور اس موقع پر پہلی بار ڈونلڈ ٹرمپ سے بالمشافہ ملاقات کریں گے۔ رپورٹس کے مطابق منگل کو ہونے والی یہ ملاقات ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب اسرائیلی فوج لبنان کے جنوبی علاقوں کے ایک بڑے حصے پر موجود ہے اور اسرائیلی حملوں کے باعث لاکھوں لبنانی بے گھر ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب حزب اللہ حکومت کی جانب سے اسرائیل کے ساتھ براہ راست مذاکرات اور تنظیم کے ہتھیار ریاست کے حوالے کرنے کی کوششوں کی مخالفت کر رہی ہے۔ گزشتہ ہفتے اپنے دفتر سے جاری بیان میں جناب جوزف عون نے کہا تھا کہ وہ صدر ٹرمپ سے مطالبہ کریں گے کہ وہ اسرائیل پر دباؤ ڈالیں تاکہ 26 جون 2026 کو لبنان اور اسرائیل کے درمیان امریکہ کی ثالثی میں طے پانے والے معاہدے پر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ اس معاہدے میں حزب اللہ کے ہتھیاروں کے خاتمے، اسرائیلی افواج کے مرحلہ وار انخلا اور دونوں ممالک کے درمیان پرامن تعلقات کے قیام کی شقیں شامل ہیں۔ ایک لبنانی عہدیدار کے مطابق صدر عون امریکی صدر کو ایک تحریری تجویز بھی پیش کریں گے، جس میں حزب اللہ کے ہتھیاروں کے بڑے ذخیرے کو مرحلہ وار ختم کرنے کا طریقہ کار بیان کیا گیا ہے۔ عہدیدار کا کہنا تھا کہ صدر عون کا خیال ہے کہ صرف ڈونلڈ ٹرمپ ہی ایسے اثر و رسوخ کے حامل ہیں جو اسرائیل کو اپنی افواج واپس بلانے اور لبنان کی خودمختاری کی بحالی پر آمادہ کر سکتے ہیں۔

امریکہ نے اپنے شہریوں کے لیے عالمی سفری الرٹ جاری کر دیا

واشنگٹن، 19 جولائی (یو این آئی) امریکہ کے محکمہ خارجہ نے دنیا بھر میں موجود اپنے شہریوں کے لیے سفری الرٹ جاری کرتے ہوئے انہیں ممکنہ سیکیورٹی خطرات کے پیش نظر محتاط رہنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی سفارتی تنصیبات کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے، جبکہ ایران کی حمایت کرنے والے گروہوں کی جانب سے بیرون ملک امریکی مفادات اور امریکی شہریوں پر حملوں کا خطرہ موجود ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سفری الرٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ موجودہ صورتحال انتہائی پیچیدہ ہے اور خطے میں کشیدگی کسی بھی وقت اچانک بڑھ سکتی ہے۔ یہ الرٹ ایسے وقت جاری کیا گیا ہے جب امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ دوبارہ شدت اختیار کر چکی ہے۔

چین میں لینڈ سلائیڈنگ، 8 افراد ہلاک، 34 لاپتہ

بیجنگ، 19 جولائی (یو این آئی) چین کے شہر چونگ کنگ میں لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں کم از کم آٹھ افراد ہلاک جبکہ 34 لاپتہ ہو گئے ہیں، جبکہ بڑے پیمانے پر تباہی کے باعث ایک ہزار سے زائد افراد بے گھر ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مٹی اور چٹانوں کا بڑا تودا گرنے سے 10 سے زائد عمارتیں ملبے تلے دب گئیں، جبکہ اس حادثے کے نتیجے میں ایک ہزار 100 سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنا پڑا۔ چینی میڈیا نے بتایا کہ مسلسل ہونے والی شدید بارشوں کے باعث یہ لینڈ سلائیڈنگ پیش آئی۔ چینی حکام کے مطابق امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور اب تک ملبے تلے دبے 10 افراد کو زندہ نکال لیا گیا ہے، جن میں سے دو کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ حکام نے آٹھ افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے، جبکہ 34 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ حکام کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ تقریباً 18 ہزار مکعب میٹر ملبے اور چٹانوں پر مشتمل تھی، جس نے وسیع علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ علاقائی منصوبہ بندی کے ذمہ دار حکام نے خبردار کیا ہے کہ حالیہ خراب موسمی حالات کے باعث علاقے میں مزید لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ برقرار ہے۔

امریکہ کا ایران کی نئی میزائل حکمت عملی پر تشویش کا اظہار

واشنگٹن، 19 جولائی (یو این آئی): امریکی حکام نے کہا ہے کہ ایران نے امریکی دفاعی نظام کو چکمہ دینے کے لیے اپنی حملہ آور حکمت عملی میں تبدیلی کی ہے اور اب ایسے جدید میزائل استعمال کر رہا ہے جو انتہائی تیز رفتاری سے حرکت کرتے ہوئے دوران پرواز اپنی سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی حکام کا کہنا ہے کہ ایران کی اس نئی حکمت عملی سے حساس فوجی اور تزویراتی اہداف کو نشانہ بنانے کی اس کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے۔ وال اسٹریٹ جرنل نے امریکی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ واشنگٹن میں اس بات پر بھی تشویش پائی جا رہی ہے کہ ممکنہ طور پر تہران کو ہدف بندی یا انٹیلی جنس کے شعبے میں روس یا چین کی تکنیکی معاونت حاصل ہو سکتی ہے، تاہم اس حوالے سے کوئی عوامی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ ادھر ایران کے حملے میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کے اہل خانہ سے متعدد امریکی قانون سازوں نے تعزیت کا اظہار کیا۔ ان میں ایوان نمائندگان کے اسپیکر جناب مائیک جانسن اور سینیٹ کی خارجہ تعلقات کمیٹی کی سینئر ڈیموکریٹ رکن محترمہ جین شاہین شامل ہیں۔ جین شاہین نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے مطالبہ کیا کہ وہ جاری تنازع کے خاتمے کے لیے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں۔ دوسری جانب امریکی وزیر دفاع جناب پیٹ ہیگستھ نے کہا کہ امریکی فوجیوں کی ہلاکت سے امریکہ کے عزم میں مزید مضبوطی آئے گی۔

اردن نے عقبہ کی بندرگاہ اور ہوائی اڈہ خالی کرانے کی خبروں کی تردید کی

عمان، 19 جولائی (یو این آئی) اردن کے وزیر برائے سفارتی مواصلات اور سرکاری ترجمان جناب محمد المومنی نے کہا ہے کہ امریکی سفارت خانے کی جانب سے سکیورٹی الرٹ جاری کیے جانے کے باوجود عقبہ کی بندرگاہ یا بین الاقوامی ہوائی اڈہ خالی کرانے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ العربیہ سے گفتگو کرتے ہوئے محمد المومنی نے کہا کہ عقبہ کی بندرگاہ اور ہوائی اڈہ معمول کے مطابق کام کر رہے ہیں اور بندرگاہ اپنی مکمل استعداد کے ساتھ فعال ہے۔ اردنی حکام نے خبر رساں ایجنسی اے ایف پی کو بھی ان اطلاعات کی تردید کی کہ حکومت نے ساحلی شہر عقبہ کی بندرگاہ اور ہوائی اڈہ خالی کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ محمد المومنی کے مطابق حکام کو کسی ممکنہ خطرے کے شواہد نہیں ملے۔ یہ وضاحت ایسے وقت میں سامنے آئی جب امریکی سفارت خانے نے اتوار کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا تھا کہ جنوبی اردن کے شہر عقبہ میں واقع بین الاقوامی ہوائی اڈے اور بندرگاہ کو ایک مخصوص اور قابل اعتماد خطرے کے پیش نظر خالی کر دیا گیا ہے۔ امریکی سفارت خانے نے خطرے کی نوعیت کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں، تاہم اردن میں موجود امریکی شہریوں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ عقبہ کے ہوائی اڈے اور بندرگاہ کا رخ نہ کریں۔

ترکیہ کی ایک شادی میں ڈیڑھ لاکھ ڈالر کے تحائف، 35 بھیڑوں کی دعوت نے توجہ حاصل کر لی

انقرہ، 19 جولائی (یو این آئی): ترکیہ کے جنوب مشرقی صوبے شرناق میں منعقد ہونے والی ایک شادی کی تقریب گزشتہ دو روز سے ملکی اور بین الاقوامی میڈیا کے علاوہ سوشل میڈیا پر بھی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے، جہاں دولہا اور دلہن کو تقریباً 60 لاکھ ترک لیرا (تقریباً ڈیڑھ لاکھ امریکی ڈالر) مالیت کے تحائف دیے گئے، جبکہ مہمانوں کی ضیافت کے لیے 35 بھیڑیں ذبح کی گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بوشاب علاقے کے گاؤں موتکو جا میں منعقد ہونے والی یہ تقریب دو روز تک جاری رہی، جس میں ترکیہ کے مختلف علاقوں اور بیرون ملک سے آنے والے ہزاروں مہمانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر روایتی ترک رقص "ہالائے" پیش کیا گیا اور ترکیہ کا قومی پرچم بھی لہرایا گیا۔ رپورٹس کے مطابق دولہا اور دلہن کو دیے گئے تحائف کی مجموعی مالیت تقریباً 60 لاکھ ترک لیرا رہی، جن میں دلہن کے لیے سونے کے زیورات جبکہ دولہا کے لیے نقد رقم شامل تھی۔ مہمانوں کی تواضع کے لیے 35 بھیڑیں ذبح کی گئیں، جبکہ تقریب کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر بڑے پیمانے پر شیئر کی گئیں، جس کے بعد اس شادی پر مختلف آرا سامنے آئیں۔ دولہا کے نمائندے سیف اللہ انجن نے کہا کہ اگرچہ تحائف کی مالیت غیر معمولی تھی، تاہم خاندان کے لیے سب سے زیادہ اہمیت مہمانوں کی محبت، یکجہتی اور بھائی چارے کے جذبے کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے ذاتی طور پر ڈھائی لاکھ ترک لیرا (تقریباً 6 ہزار 300 امریکی ڈالر) کا تحفہ پیش کیا۔ دلہن روجین ارجان نے تقریب پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے لیے سب سے قیمتی یاد اہل خانہ اور دوستوں کی شرکت ہے۔ ادھر دولہا کے چچا نے ترکیہ اور بیرون ملک سے آنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقریب علاقے کے لوگوں کی یادوں میں طویل عرصے تک زندہ رہے گی۔ اس شادی پر سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل سامنے آیا۔ بعض صارفین نے اسے مقامی روایات اور ثقافتی اقدار کی عکاسی قرار دیا، جبکہ بعض نے موجودہ معاشی حالات میں اتنے بڑے پیمانے پر اخراجات کو غیر ضروری قرار دیا۔

نیویارک کے میئر ظہران ممدانی نے میئن یاہو کی ممکنہ گرفتاری سے متعلق قانونی پہلوؤں پر غور شروع کر دیا

نیویارک، 19 جولائی (یو این آئی) نیویارک کے میئر ظہران ممدانی نے کہا ہے کہ وہ اس بات کا جائزہ لے رہے ہیں کہ آیا اقوام متحدہ کے آئندہ سربراہی اجلاس کے دوران اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن میئن یاہو کی ممکنہ آمد کی صورت میں کوئی قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے یا نہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہفتے کے روز شائع ہونے والے ایک انٹرویو میں ظہران ممدانی کے اس بیان کے بعد اسرائیلی وزیر اعظم کے حامی حلقوں کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آیا۔ ظہران ممدانی نے نیویارک ٹائمز کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ بنجمن میئن یاہو ایک جنگی مجرم ہیں جن کے خلاف بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) نے وارنٹ جاری کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کونسل پر ستانہ حکومت قرار دینا صرف ان کی ذاتی رائے نہیں بلکہ بہت سے لوگوں کا بھی یہی موقف ہے جس کی بنیاد گزشتہ برسوں کے دوران اسرائیلی وزیر اعظم کے اقدامات ہیں۔ ظہران ممدانی نے کہا کہ انہیں اس بات کا یقین نہیں کہ آیا انہیں نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کو کسی غیر ملکی رہنما کو حراست میں لینے کی ہدایت دینے کا قانونی اختیار حاصل ہے یا نہیں، تاہم وہ اس معاملے پر شہر کی قانونی ٹیم سے مشاورت کر رہے ہیں۔

PUBLIC NOTICE

I want to transfer the electricity connection bearing cosumer ID: 020405000703 from Mohammad Amin Dar S/o h Mohammad Dar S/o Gasoo Zakoora to Umair Ul Islam S/o Mohd Shafi Baba, R/o Near Masjid Bilal, Bilal Colony Soura Srinagar J&K. If anybody having any objection in this regard he/she may file the same before the concerned authority within a period of seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained.

Umair Ul Islam S/o Mohd Shafi Baba, R/o Near Masjid Bilal, Bilal Colony Soura Srinagar J&K

PUBLIC NOTICE

This is to inform the general public that my name mentioned in my Aadhar Card bearing No: 2665-9385-7095 was Jameela Akhter and I have changed my name to Joziya AKhter and now I want to change my name from Jameela Akhter (old name) to Joziya Akhter (New Name). In this regard, if anyone has any objecton, he or she may approach the concerned authorities within a period of seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained.

Joziya AKhter
D/o Ghulam Mohammad Beigh
R/o Soibugh Budgam

THE JAMMU AND KASHMIR BOARD OF SCHOOL EDUCATION NEW CAMPUS,BEMINA SRINAGAR
ATTENTION PLEASE

The candidate whose photograph is above reports that he/she has lost his/her Original (DOB) Certificate having the following description:-
Roll No.: 222412 Class: 10th Yeer & Session: March April-2002 Private Registration No.: 00NKM208041 Name: Khurshaid Ahmad Sheikh Father's Name: Mohd Ramzan Sheikh Mother's Name: Raja Bano D.O.B: 07-05-1986 Residence: Watrad Dalbal-191111.Now the candidate has applied for issuance for DUPLICATE D.O.B:CERTIFICATE/S at the Jammu and Kashmir Board of School Education, New Campus Bemina, Srinagar. If any person has any objection in this regard may file the same in the office of the Assistant Secretary, Certificates Kashmir Division within seven days from the date of publication of this notice, after the expiry of said period, no objection will be entertained.
The previous Serial Number of lost/damaged Qualification Certificate be treated as CANCELLED. This is published for the information of the general public.
No: F(Certs-I-DQC)B/KD/20 Assistant Secretary
Dated: 06.07.2026 Certificates-KD

FAZILIS BEREAVED

With profound grief, we inform the sad demis of Mushtaq Ahmed Fazili S/o Late Abdul Aziz Fazili R/o Pine Enclav, Sanat Nagar who passed away on Sunday (19th of July). The Congregational Fateh Khawani shall be held on 21st of July (Tuesday) at 10:30 AM at our ancestral graveyard at Gogjibagh near Government Polytechnic College. Following the Congregational Fateh Khawani, a Taziyati Majlis will be hald at our residence at Pine Enclave, Sanat Nagar on the same day.

Bereaved
Khurshid Anwar Fazili (Brother), Asrar Fazili (Son)
Dr. Munis Azim Mattu (Son-in-law)
Contact: 9596899909 | 9419010653

وکست بھارت کے لیے صحت مند شہری ضروری ہیں۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ

نئی دہلی 17 جولائی (ایم این این)

کینسر، ذیابیطس، موٹاپے اور طرز زندگی کی دیگر بیماریوں کے خلاف ملک گیر عوامی تحریک (جن آندولن) کا مطالبہ کرتے ہوئے، مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) برائے سائنس و ٹیکنالوجی اور ارتھ سائنسز ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کہا کہ کینسر، ذیابیطس، موٹاپے اور دیگر غیر متعدی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے خلاف ہندوستان کے ردعمل کو اسپتالوں سے آگے بڑھنا چاہیے اور ایک عوامی تحریک بننا چاہیے، جو طبی نگہداشت کے ابتدائی مشورے پر مبنی ایک عوامی تحریک بننا چاہیے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ آج ملک کو نہ صرف بیماری کی کمی کا سامنا ہے بلکہ صحت سے متعلق وسیع پیمانے پر غلط معلومات کے چیلنج کا بھی سامنا ہے جس سے سائنسی مواصلات اور شواہد پر مبنی صحت سے متعلق مواصلات کو وکست بھارت کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے پہلے سے کہیں زیادہ اہم بنا دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ **My Battle with Cancer and the Will to** کے اجراء سے خطاب کر رہے تھے، جو کینسر سے بچ جانے والے ممتاز سائنسدان اور سابق سینئر مشیر سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبہ ڈاکٹر اکھلیش گپتا کی تصنیف ہے۔ اس تقریب میں ممتاز طبی پیشہ افراد، علمی اور سائنسی برادری، اعلیٰ سرکاری حکام، محققین اور سائنسی برادری کے اراکین نے شرکت کی، جو کینسر پر قابو پانے کے بعد ڈاکٹر گپتا کے لچک کے شاندار سفر کا جشن منانے کے لیے اکٹھے ہوئے۔ کتاب کو ذاتی یادداشت سے کہیں زیادہ بتاتے ہوئے، ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ یہ جرأت، لچک، دیانت اور سائنس میں اٹل ایمان کے ایک غیر معمولی سفر کا ذکر کرتی ہے۔ کتاب کو مکمل طور پر پڑھنے کے بعد، انہوں نے کہا کہ یہ نہ صرف سنگین بیماریوں سے لڑنے والے مریضوں کے لیے بلکہ ڈاکٹروں، سائنسدانوں، پالیسی ساز اور نوجوان پیشہ افراد کے لیے بھی اہم اسباق پیش کرتی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کس طرح عزم اور صحیح طبی رہنمائی مصیبت کو الہام میں بدل سکتی ہے۔ ہندوستان کے تیزی سے بدلتے ہوئے بیماریوں کے پروفائل کا حوالہ دیتے ہوئے، ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ غیر متعدی بیماریاں ملک کے سب سے بڑے عوامی صحت کے چیلنجوں میں سے ایک کے طور پر ابھری ہیں۔ کینسر، ذیابیطس، موٹاپا، فیٹی جگر کی بیماری اور دیگر جیوٹک عوارض تمام خطوں میں بڑھ رہے ہیں اور تیزی سے نوجوان آبادی کو متاثر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے کینسر اب قابل علاج یا قابل علاج ہیں اگر جلد تشخیص ہو جائے، بروقت اسکریننگ اور فوری طبی مداخلت اموات کو کم کرنے اور علاج کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے سب سے موثر ذریعہ ہے۔ موٹاپے اور غیر صحت مند طرز زندگی کے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے، وزیر نے کہا کہ احتیاطی صحت کی دیکھ بھال کو انفرادی انتخاب کے بجائے قومی عادت بننا چاہیے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اگر ہندوستان کو طرز زندگی کی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو روکنا ہے تو متوازن غذائیت، باقاعدہ جسمانی سرگرمی اور وقتاً فوقتاً صحت کے چیک اپ کو روزمرہ کی زندگی کا ایک لازمی حصہ بنانا چاہیے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے خبردار کیا کہ آج ملک کو نہ صرف صحت سے متعلق معلومات کی زیادہ سے زیادہ ترسیل کی ضرورت ہے بلکہ غذائیت، خوراک اور بیماریوں کے انتظام سے متعلق غلط معلومات کے خطرناک پھیلاؤ پر بھی نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر تصدیق شدہ مشورے اور سیڈ سائنسی دعوے اکثر مناسب علاج میں تاخیر کرتے ہیں اور مریضوں کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں کہ وہ بروقت صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ افراد سے رابطہ کریں۔

گجیندر سنگھ شیخاوت نے کرغزستان میں

ایس سی او کے ثقافتی وزراء کے اجلاس میں شرکت کی

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

مرکزی وزیر ثقافت گجیندر سنگھ شیخاوت نے اتوار کو کرغزستان کے چوپون اتا میں شنگھائی تعاون تنظیم (**SCO**) کے رکن ممالک کے وزرائے ثقافت کے **23** ویں اجلاس میں ہندوستان کی نمائندگی کی۔ ہفتہ کو کرغزستان کے ثقافتی اور ماحولی ورثے کے شعبے کے سربراہ چنار بیک زولد وشیف اور کرغزستان میں ہندوستان کے سفیر بریندر سنگھ یادو نے بشکیک کے ہوائی اڈے پر شیخاوت کا استقبال کیا۔ کرغزستان میں ہندوستانی سفارت خانے نے ایکس پر پوسٹ کیا کہ شری گجیندر سنگھ شیخاوت، عزت مآب وزیر ثقافت کا بشکیک پہنچنے پر جمہوریہ کرغزستان کے ثقافتی اور ماحولی ورثہ کے محکمے کے سربراہ جناب چنار بیک زولد وشیف اور سفیر سنگھ نے گرمجوشی سے خیر مقدم کیا۔ کرغزستان نے **2025-2026** کے لیے ایس سی او کی چیئرمین شپ حاصل کی ہے اور صدر سیدر جاپاروف نے ایس سی او کے **25** سال: پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کی طرف" اس کی ایس سی او کی صدارت کے موضوع کے طور پر اعلان کیا ہے۔ اپریل کے شروع میں، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (**SCO**) کے وزرائے دفاع کی میٹنگ میں شرکت کی اور محفوظ پناہ گاہوں کو ختم کرنے، دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کی برائیوں سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اور غیر بھیدبھاؤ کرنے والے نقطہ نظر کی فوری ضرورت پر زور دیا۔

ڈھاکہ میں ہندوستانی ہائی کمیشن کے مشترکہ ثقافتی ورثے کا جشن منانے کیلئے شرون سندھیا مانسون میوزیکل شام کا انعقاد کیا

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

اندرا گاندھی کلچرل سینٹر (آئی جی سی سی)، ڈھاکہ میں ہندوستان کے ہائی کمیشن نے شرون سندھیا کا انعقاد کیا، ایک مون سون میوزیکل شام، جس میں ہندوستان اور بنگلہ دیش کی شاندار موسیقی کی روایات اور مشترکہ ثقافتی ورثے کا جشن منایا گیا۔ یہ پروگرام سنیچر کو ڈھاکہ میں ہندوستان کے ہائی کمیشن میں منعقد ہوا اور اس نے مون سون کے موسم کی ثقافتی اہمیت کو اجاگر کیا، جس نے پورے خطے کے شاعروں، موسیقاروں اور فنکاروں کو طویل عرصے سے متاثر کیا ہے۔ اس تقریب میں بنگالی اور ہندی گانوں کے منتخب کردہ انتخاب کے ذریعے ملہار کی خوبصورتی کی نمائش کی گئی، جس میں فطرت کے موضوعات، جذبات اور بنگالی روایت کے دیرپا اثر و رسوخ کی عکاسی کی گئی۔ اس شام میں ممتاز بنگلہ دیشی فنکاروں گرو اٹیل کمار سہا اور آلوک کمار سین کی ہندوستانی کلاسیکی موسیقی کی پرفارمنس پیش کی گئی، اس کے بعد ٹیگور کے مشہور فنکار چنچل خان کی رابندر سنگیت پرفارمنس ہوئی۔ بنگلہ دیشی کلاسیکی گلوکار اور موسیقی کے گرو اٹیل کمار سہا نے ہندوستانی کلاسیکی موسیقی میں اپنی مہارت پیش کی۔ کلاسیکی روایات کے تحفظ اور فروغ میں اپنی شراکت کے لیے جانا جاتا ہے، سہا نے کئی ماہر موسیقاروں کو تربیت دی ہے اور بنگلہ دیش میں نوجوان گلوکاروں کی پرورش میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ایک معزز بنگلہ دیشی گلوکار آلوک کمار سین نے ہندوستانی کلاسیکی اور نیم کلاسیکی موسیقی میں اپنی پرفارمنس سے سامعین کو مسحور کیا۔ ان کے ذخیرے میں غزلیں، رابندر سنگیت اور جدید بنگالی گانے شامل ہیں، جس سے انہیں بنگلہ دیش اور بیرون ملک پہچان ملی۔ چنچل خان، ایک مشہور رابندر سنگیت کے ماہر، محقق اور ماہر تعلیم، نے رابندر ناتھ ٹیگور کی کمپوزیشن کی روح پرور تشریحات پیش کیں۔

پانامہ کے وزیر خارجہ پانچ روزہ سرکاری دورے پر بھارت پہنچ گئے

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

پانامہ کے خارجہ امور کے وزیر جیویر ایڈوارڈو مارٹنز-اچا واسکیز اتوار کو ہندوستان کے پانچ روزہ سرکاری دورے پر قومی دارالحکومت پہنچے، جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو بڑھانا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال کا خیر مقدم کرتے ہوئے، وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک پوسٹ کیا، پانامہ وزیر خارجہ جیویر ایڈوارڈو مارٹنز-اچا واسکیز کی نئی دہلی آمد پر ان کا پرتپاک خیر مقدم۔ ہندوستان اور پانامہ مشترکہ اقدار، باہمی مفادات اور خیر سگالی پر مبنی قریبی شراکت داری رکھتے ہیں۔ تجارت، تجارت، رابطے اور سفارتی تعاون سمیت تمام شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان۔ وزارت خارجہ کے مطابق، پانامہ کے وزیر خارجہ نئی دہلی میں اپنے وقت کے دوران سینئر ہندوستانی قیادت کے ساتھ کئی اعلیٰ سطحی میٹنگوں میں شرکت کرنے والے ہیں۔ پیر کو مارٹنز-آچا دوطرفہ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو وسعت دینے کی حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے نئی پارلیمنٹ کی عمارت میں وزیر تجارت اور صنعت پیوش گوئل کے ساتھ بات چیت کرنے والے ہیں۔ بعد ازاں پیر کو وہ حیدرآباد ہاؤس میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کی قیادت کریں گے۔ توقع ہے کہ دونوں قائدین ہندوستان-پانامہ تعلقات کے جامع فریم ورک کا جائزہ لیں گے اور باہمی فائدے کے شعبوں میں شراکت داری کے نئے راستوں کی نشاندہی کریں گے۔ دورے پر آئے ہوئے وزیر خارجہ منگل کو نئی دہلی میں اپنی سرکاری مصروفیات جاری رکھیں گے، اس کے بعد بدھ کو ٹرانسپورٹ بھون میں مرکزی وزیر برائے بندرگاہ، جہاز رانی اور آبی گزرگاہ سربانند سونووال سے ملاقات ہوگی۔

بھارت نے آذربائیجان میں اپنے عالمی ثقافتی ورثے کے مقامات پر مستقل نمائش کا آغاز کیا

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

آذربائیجان میں ہندوستان کے سفارتخانے نے باکو میں اپنے احاطے میں ہندوستان کے یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کے مقامات پر ایک مستقل نمائش کا افتتاح کیا ہے، جس میں ہندوستان کے امیر ثقافتی اور قدرتی ورثے کا جشن منایا گیا ہے اور لوگوں کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنایا گیا ہے۔ ہفتہ کو منعقد ہونے والی اس خصوصی تقریب میں متعدد ممالک کے سفیروں اور سفارت کاروں، آذربائیجانی پارلیمنٹ کے اراکین، کاروباری برادری کے نمائندوں، ٹورزم ٹریول آپریٹرز، معروف میڈیا تنظیموں، سوشل میڈیا پر اثر انداز کرنے والے اور ہندوستانی تارکین وطن کے اراکین نے شرکت کی۔ نمائش کا افتتاح آذربائیجان میں ہندوستان کے سفیر ابھے کمار اور یو این ٹی ٹیٹ آذربائیجان کے کنٹری پروگرام کی سربراہ اینا سووے نے مشترکہ طور پر کیا۔ انہوں نے ایک ساتھ مل کر **11** نمائشی پینلز کے ایک متحرک ڈسپلے کی نقاب کشائی کی جس میں ہندوستان کے سب سے مشہور ثقافتی اور قدرتی نشانات کے انتخاب کو نمایاں کیا گیا ہے جو یونیسکو کی طرف سے ان کی شاندار آفاقی قدر کے لیے تسلیم کیے گئے ہیں۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، سفیر کمار نے کہا کہ ہندوستان دنیا کی قدیم ترین مسلسل تہذیبوں میں سے ایک ہے، جس کی ثقافتی میراث ہزاروں سال پرانی ہے۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ ہندوستان **44** یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ سائٹس کا گھر ہے، جن میں **36** ثقافتی مقامات، سات قدرتی سائٹس، اور ایک مخلوط سائٹ شامل ہے، جو نہ صرف ہندوستان کے غیر معمولی ورثے کی نمائندگی کرتی ہے بلکہ انسانیت کے مشترکہ ورثے کی بھی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی سطح پر مشہور مقامات جیسے کہ قدیم نالندہ یونیورسٹی، مشہور تاج محل، سانچی میں بدھ مت کی یادگاریں، اور بھیمبیٹکا اور کھجوراہو کے شاندار مندروں کے احاطے کو ہندوستان کی متنوع تہذیبی اور نیف، فنکارانہ کمال، اور فن تعمیر کی شاندار مثالوں کے طور پر حوالہ دیا۔

وزیر خارجہ جے شنکر نے زنجبار کے صدر سے ملاقات کی

دوطرفہ مصنوعی ذہانت، ٹیک، تعلیمی تعلقات کو وسعت دینے کا عزم

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے اتوار کو زنجبار کے صدر اور انقلابی کونسل کے چیئرمین حسین علی مبیوانی سے قومی دارالحکومت میں ملاقات کی، جس کا مقصد ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، پانی کے بنیادی ڈھانچے، مصنوعی ذہانت، صحت کی دیکھ بھال اور اعلیٰ تعلیم سمیت اہم شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو گہرا کرنا تھا۔ ایکس پر سفارتی مصروفیات کا جائزہ لیتے ہوئے، وزیر خارجہ نے زنجبار اور متحدہ جمہوریہ تنزانیہ دونوں کے ساتھ ترقیاتی اتحاد کو تقویت دینے کے نئی دہلی کے عزم پر زور دیتے ہوئے بات چیت کو نتیجہ خیز قرار دیا۔ انہوں نے لکھا، زنجبار کے صدر حسین علی مبیوانی سے مل کر خوشی ہوئی۔ اعلیٰ تعلیم، صلاحیت سازی، پانی کی فراہمی، صحت، اے آئی، ڈیجیٹل اور دیگر ترجیحی شعبوں میں اپنے تعاون کو بڑھانا۔" دونوں فریقوں کے درمیان تیزی سے ابھرتے ہوئے تعلیمی ہم آہنگی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، جے شنکر نے مزید کہا کہ ہماری قریبی شراکت داری اور افریقہ کی تعلیم اور ترقی کی ترجیحات کے لیے ہندوستان کی مستقل وابستگی کی ایک روشن مثال کے طور پر کھڑا ہے۔" ہائی پروفائل میٹنگ ہندوستان اور تنزانیہ کے درمیان وسیع تر رفاقت کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے کیونکہ دونوں جمہوریتیں ٹیکنالوجی کی منتقلی، ادارہ جاتی ترقی، اور مشترکہ صلاحیت سازی کے منصوبوں کے ذریعے اپنے اسٹریٹجک اتحاد کو تیز کرتی ہیں۔ صدر مبیوانی چینئی میں تجارتی اور تعلیمی پروگراموں کے لنگر انداز ہونے کے بعد دارالحکومت پہنچے، جہاں انہوں نے جمعہ کو انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (**IIT**) مدراس کے **63** ویں کانووکیشن کی تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔

بھارت کا پاور سیکٹر مالی سال 27 کی بڑھتی ہوئی مانگ، صلاحیت میں اضافے پر مضبوط ترقی کے لیے تیار

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان کے پاور سیکٹر کے مالی سال **27** تک چارج رہنے کی توقع ہے کیونکہ بجلی کی طلب میں اضافہ، بجلی کی بلند ترین کھپت اور ایندھن کی صلاحیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ بروکریج نے کہا کہ توقع ہے کہ بجلی کی کھپت لچکدار رہے گی کیونکہ صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں تیز ہوتی ہیں، جس سے بجلی کی افادیت کے لیے سازگار حالات پیدا ہوتے ہیں۔ بڑھتے ہوئے قابل تجدید پورٹ فولیوز کے ساتھ ایندھن سے محفوظ تھرمل اثاثوں والی کمپنیاں کمائی میں پائیدار نمو فراہم کرنے کے لیے بہتر جگہ پر ہونے کا امکان ہے۔ بھارت نے اپریل سے جون **2026** کی سہ ماہی کے دوران تقریباً **485** بلین یونٹ بجلی استعمال کی، جو کہ ایک سال پہلے کے مقابلے میں تقریباً **8** فیصد زیادہ ہے۔ مئی میں بجلی کی زیادہ سے زیادہ طلب **270.82** گیگاواٹ تک پہنچ گئی، رپورٹ میں اس اضافے کی وجہ شدید گرمی کی لہر، مون سون کے تاخیر سے شروع ہونے اور ٹھنڈک کی اعلیٰ ضروریات کو قرار دیا گیا ہے۔ سہ ماہی کے دوران گھریلو مالی نجکاری کی تجارت میں بھی اضافہ ہوا۔ مالی سال **27** کی پہلی سہ ماہی میں انڈین انرجی ایکسچینج پر تجارت کی جانے والی حجم میں سال بہ سال تقریباً **16** فیصد اضافہ ہوا، جو سپلائی کی تنگی کے دوران ایکسچینج پر مبنی مارکیٹوں پر زیادہ انحصار کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہاں تک کہ جب قابل تجدید توانائی تیزی سے پھیلتی جا رہی ہے، توقع ہے کہ تھرمل پاور ہندوستان کے بجلی کے مرکب میں مرکزی حیثیت رکھے گی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملک کی توانائی کی حکمت عملی دونوں ذرائع پر انحصار کرتی رہے گی، کوئلے سے چلنے والے پلانٹس قابل اعتماد بیس لوڈ پاور فراہم کرتے ہیں۔

بھارت نے بین الاقوامی کیمسٹری اولمپیاڈ 2026 میں 4 طلائی تمغے جیتے

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

بھارت نے **58** ویں بین الاقوامی کیمسٹری اولمپیاڈ **2026** میں ایک اور شاندار کارکردگی پیش کی ہے، اس کی ٹیم کے چاروں اراکین نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔ ملک نے چین، ویت نام اور انفرادی شرکت کنندہ (روس) کے ساتھ مشترکہ ریکارڈ **1** بھی حاصل کیا، جس نے باوقار عالمی مقابلے میں ہندوستان کی اب تک کی بہترین کارکردگی کو نشان زد کیا۔ بین الاقوامی کیمسٹری اولمپیاڈ **2026** تاشقند، ازبکستان میں **10** سے **19** جولائی تک منعقد ہوا۔ مقابلے میں **93** ممالک کے کل **383** طلباء نے حصہ لیا، جس سے یہ اولمپیاڈ کے سب سے بڑے ایڈیشن میں سے ایک ہے۔ ہومی بھابھا سینٹر فار سائنس ایجوکیشن کے مطابق، جو بین الاقوامی سائنس اولمپیاڈز میں ہندوستان کی شرکت کو مربوط کرتا ہے، یہ انٹرنیشنل کیمسٹری اولمپیاڈ میں ہندوستان کی **27** ویں شرکت ہے اور اس کی اب تک کی بہترین کارکردگی ہے

کولکتہ اور شمال مشرق میں دفاعی پیداوار کی بڑی صلاحیت ہے۔ منوج پانڈے

نئی دہلی 19 جولائی (ایم این این)

قومی سلامتی اور اقتصادی مضبوطی کو ہندوستان کے مستقبل کی دو سب سے اہم بنیاد بتاتے ہوئے سابق آرمی چیف جنرل منوج پانڈے نے کہا کہ حالیہ برسوں میں ہندوستان نے اپنی اسٹریٹجک صلاحیت میں نمایاں پیش رفت کی ہے لیکن مستقبل کے چیلنجوں کے پیش نظر دفاعی تیاریوں کو لگاتار مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے آپریشن سندور کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہر فوجی مہم مستقبل کے لیے ایک نیا سبق دیتی ہے۔ ان سے حاصل ہونے والے تجربات کی بنیاد پر مسلح افواج کی حکمت عملی کو مزید بااختیار بنایا جانا چاہیے۔ کولکاتا کے فیئر فیلڈ بائی میریٹ میں دیانا جیو-اکونومک فورم (ڈی جی ای ایف) کی جانب سے اتوار کو منعقدہ افتتاحی قومی سیمینار کا ابھرتے ہوئے عالمی نظام میں قومی سلامتی اور اقتصادی لچک: وکست بھارت کی اسٹریٹجک ترجیحات کے موضوع پر ملک کے ممتاز فوجی حکام، اسٹریٹجک ماہرین، ماہرین اقتصادیات، صنعت کاروں اور کیپٹل مارکیٹ سے وابستہ ماہرین نے تفصیل سے غور و خوض کیا۔ پروگرام میں مشرقی کمان کے چیف آف اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل گمبھیر سنگھ، بریگیڈیئر آدتیہ سہائے سمیت کئی سینئر فوجی حکام، سابق فوجی، صنعت کار اور مختلف شعبوں کے ماہرین موجود تھے۔ سیمینار کے افتتاحی سیشن میں جنرل منوج پانڈے نے کہا کہ آج دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت، ڈرون، سائبر جنگ، خلائی نگرانی کے نظام اور جدید ترین ہتھیاروں نے جنگ کی پوری نوعیت بدل دی ہے۔ ایسے وقت میں صرف روایتی فوجی طاقت کافی نہیں ہوگی، بلکہ نئی ٹیکنالوجیز کو تیزی سے اپنانا اور انہیں فوجی مہمات کا حصہ بنانا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل کی جنگیں کثیر جہتی ہوں گی، جن میں زمین، سمندر اور ہوا کے ساتھ ساتھ سائبر اور خلائی شعبے بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ اس لیے ہندوستانی مسلح افواج کو ان تمام شعبوں میں مربوط صلاحیت پیدا کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ فوجیوں کی تربیت، جدید ہتھیاروں کی دستیابی، تکنیکی مہارت اور تیز فیصلے لینے کی صلاحیت پر خصوصی توجہ دینی ہوگی، تاکہ کسی بھی چیلنج کا موثر طریقے سے مقابلہ کیا جا سکے۔ سابق آرمی چیف نے کہا کہ جدید جنگ میں ٹیکنالوجی کا کردار لگاتار بڑھ رہا ہے لیکن ایک فوجی کی سب سے بڑی طاقت آج بھی اس کا ڈسپلن، وطن سے لگن، ایمانداری، ہمت اور فرض شناسی ہے۔ یہ ایسی اقدار ہیں جو کسی بھی دور میں نہیں بدلتیں اور ہندوستانی فوج کی پہچان بھی یہی ہے۔ اس سے پہلے منعقدہ پہلے تکنیکی سیشن میں ابھرتے ہوئے عالمی نظام میں ہندوستان کی دفاعی تیاری اور اسٹریٹجک مزاحمتی صلاحیت کے موضوع پر لیفٹیننٹ جنرل راج شکلا، لیفٹیننٹ جنرل سبرت ساہا، لیفٹیننٹ جنرل دشیت سنگھ اور ایئر مارشل ناگیش کپور نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مقررین نے بدلتے ہوئے عالمی سیکورٹی منظرنامے، قومی سلامتی کی حکمت عملی، آپریشن سندور سے حاصل ہونے والے تجربات، دفاعی شعبے میں خود انحصاری، فوجی جدید کاری، اسٹریٹجک مزاحمتی صلاحیت اور مستقبل کی جنگوں میں نئی ٹیکنالوجیز کے کردار پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کو لگاتار وسعت دیتے ہوئے مقامی دفاعی پیداوار کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔

لداخ کی پُگا وادی میں ہندوستان کے پہلے اور گہرے جیوتھرمل کنویں کو شروع کیا گیا

نئی دہلی، 17 جولائی (یو این آئی)

ہندوستان کے صاف توانائی کے مشن کو ایک بڑے فروغ میں، ملک کے پہلے اور سب سے گہرے جیوتھرمل کنویں جمعہ کو مرکز کے زیر انتظام علاقہ لداخ کی پگا وادی میں شروع کیے گئے۔ او این جی سی انرجی سنٹر کے ذریعہ چلائے گئے دو جیوتھرمل کنویں لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ کے ذریعہ شروع کیے گئے تھے۔ یہ کنویں پگا میں **1** میگاواٹ کے پائلٹ جیوتھرمل پاور پراجیکٹ کے نفاذ کے لیے اہم ہیں، جو کہ ہندوستان کا پہلا مظاہرہ کرنے پر جیوتھرمل پاور پروجیکٹ ہوگا۔ سکسینہ نے کہا، **14000** فٹ سے زیادہ کی اونچائی پر دو **1000** میٹر گہرے کنوؤں کا کام، قابل تجدید ذرائع سے چلنے والے صاف توانائی کا مرکز بننے کی طرف لداخ کے سفر کو نمایاں طور پر آگے بڑھائے گا، جیسا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے تصور کیا تھا۔ جیوتھرمل پاور پروجیکٹ کو لداخ انکلاو، لداخ خودمختار پہاڑی ترقیاتی کونسل، لیہ، اور او این جی سی انرجی سینٹر کے درمیان پہلے سہ فریقی ایم او یو کی میعاد ختم ہونے کے بعد ایک بڑا دھچکا لگا تھا، جس کے نتیجے میں کئی مہینوں کی تاخیر ہوئی تھی۔ ہندوستان کی توانائی کی حفاظت اور صاف توانائی کی منتقلی کے لیے جیوتھرمل توانائی کی تزویراتی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، سکسینہ نے جون میں مزید پانچ سال کے لیے مفاہمت نامے کی تجدید میں سہولت فراہم کی، جس کے بعد دو جیوتھرمل کنوؤں کی تکمیل پر کام دوبارہ شروع ہوا۔

باغی اراکین پارلیمنٹ کو کل جماعتی میٹنگ میں الگ مدعو کئے جانے کے خلاف اپوزیشن کا علامتی واک آؤٹ

نئی دہلی، 19 جولائی (یو این آئی)

پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس سے قبل مرکزی حکومت کی جانب سے اتوار کو بلائی گئی کل جماعتی میٹنگ سے اپوزیشن جماعتوں کے لیڈران نے کچھ دیر کے لیے علامتی واک آؤٹ کیا۔ اپوزیشن لیڈران نے کہا کہ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے سامنے معاملہ زیر التوا ہونے کے باوجود ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کے **20** باغی اراکین پارلیمنٹ کے گروپ این سی پی آئی کو میٹنگ میں مدعو کیے جانے کی مخالفت میں میٹنگ سے واک آؤٹ کیا گیا۔ بعد میں تمام اپوزیشن لیڈران میٹنگ میں واپس آ گئے۔ کانگریس کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے سوشل میڈیا ایکس پر لکھا، تمام اپوزیشن جماعتوں نے چند منٹوں کے لیے کل جماعتی میٹنگ سے واک آؤٹ کیا۔ یہ مودی حکومت کے اس فیصلے کے خلاف احتجاج تھا جس میں لوک سبھا اسپیکر کے پاس حتمی فیصلہ زیر التوا ہونے کے باوجود ترنمول کے **20** باغی اراکین پارلیمنٹ کے لیے بنے این سی پی آئی کو میٹنگ میں بلایا گیا۔ شیو سینا (یو بی ٹی) کے رکن پارلیمنٹ اروند سانت نے کہا کہ باغی اراکین پارلیمنٹ کو دی جانے والی اس شناخت کا کوئی قانون نہیں ہے۔ اپوزیشن نے اس کی مخالفت کی اور اسی وجہ سے میٹنگ سے واک آؤٹ کیا۔ عام آدمی پارٹی کے این ڈی گپتا نے کہا کہ ان کی پارٹی کے **10** راجیہ سبھا اراکین میں سے **7** کو ہائی جیک کر لیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ان کی عرضی پر ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے اسے غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان اراکین پارلیمنٹ کو الگ اور آزاد نشستیں الاٹ کرنا غلط ہے۔ انہوں نے اسے جمہوریت کا قتل قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اور ایوان کی انتظامیہ کا رویہ جمہوری روایات کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں نے اسی معاملے پر اپنا احتجاج درج کرانے کے لئے کل جماعتی میٹنگ سے علامتی واک آؤٹ کیا۔

FAZILIS BEREAVED

With profound grief, we inform of the sad demise of
Mushtaq Ahmed Fazili
S/o Late Abdul Aziz Fazili
R/o Pine Enclave, Sanat Nagar
who passed away on Sunday, the 19th of July.

The congregational Fateh Khwani shall be held on
Tuesday, the 21st July at 10:30 am
at our ancestral graveyard at Gogjibagh
near Government Polytechnic College.

Following the congregational Fateh Khwani, a Taziyati Majlis will be held at our residence at Pine Enclave, Sanat Nagar on the same day.

BEREAVED:
- Khurshid Anwar Fazili (Brother)
- Asrar Fazili (Son)
- Dr. Munis Azim Mattu (Son-in-law)

Contact: 9596899909, 9419010653

ڈل اور نگین جھیل میں شکارا سروس معطل، سرینگر انتظامیہ کی ایڈوائزری جاری

سرینگر/ یو پی آئی/ محکمہ موسمیات کی جانب سے 19 سے 23 جولائی تک جموں و کشمیر، بالخصوص سرینگر میں شدید سے انتہائی شدید بارشوں کی پیش گوئی کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ سرینگر نے عوامی ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے ڈل اور نگین جھیل میں شکارا سروس عارضی طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سرینگر کے دفتر کی جانب سے جاری ایڈوائزری میں شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اس عرصے کے دوران انتہائی احتیاط برتیں اور خراب موسمی حالات کے پیش نظر غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں۔ انتظامیہ نے خاص طور پر نقیر گجری، خنوہ اور ملحقہ علاقوں کے رہائشیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ موسم بہتر ہونے تک پہاڑی ڈھلانوں، لینڈ سلائیڈنگ کے خدشے والے مقامات اور ندی نالوں یا آبی ذخائر کے قریب جانے سے گریز کریں۔ ایڈوائزری کے مطابق سیاحوں اور مقامی شکارا مالکان کو ہدایت دی گئی ہے کہ موسمی الرٹ کے دوران ڈل اور نگین جھیل میں تمام شکارا سرگرمیاں معطل رکھیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ اسی طرح دریائے جہلم اور دیگر آبی ذخائر میں ریت نکالنے کا کام کرنے والے افراد کو بھی سختی سے ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پانی کی سطح اور دریا کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیے بغیر دریا عبور کرنے یا کان کنی کی کوئی سرگرمی انجام نہ دیں۔

شدید بارشوں کی پیش گوئی

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

متاثرہ راجوری اور پونچھ کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ راجوری میں سول انتظامیہ، پولیس، فوج، سٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ایس ڈی آر ایف) اور مقامی رضاکاروں کی امدادی ٹیمیں زمین پر سرگرم عمل ہیں۔ متاثرہ کنبوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ تمام محکمے ہائی الرٹ پر ہیں اور فوری امدادی و بحالی کے کاموں کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ میں لوگوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ پُرسکون رہیں اور سرکاری ہدایات پر عمل کریں۔ راجوری اور پونچھ کے جیولی و سرنکوٹ علاقوں میں جانی نقصان پر مجھے گہرا دکھ ہے۔ میری دلی ہمدردیاں سوگوار کنبوں کے ساتھ ہیں۔

بقیہ نمبر 2

فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا: "آج صبح سویرے سے ہی میں جموں کے بعض علاقوں بالخصوص راجوری قصبہ اور اس کے آس پاس علاقوں میں غیر معمولی بارش سے پیدا ہونے والی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہوں۔ میں علاقے کے مقامی ممبران اسمبلی سے مسلسل رابطے میں ہوں۔ اگرچہ صورتحال ابھی بھی تبدیل ہو رہی ہے لیکن انتظامیہ کی اولین ترجیح قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ ہے۔ حکومت شدید بارشوں اور اچانک آنے والے سیلاب سے جانی و مالی نقصان اٹھانے والے متاثرین کی ہر ممکن امداد اور معاونت کرے گی۔"

بقیہ نمبر 3

واضح رہے کہ گزشتہ شب ہونے والی موسلا دھار بارشوں کے باعث راجوری ضلع کے مختلف علاقوں میں اچانک سیلابی ریلے آنے سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے، جس کے بعد ضلعی انتظامیہ، پولیس، فوج، ریاستی ڈیزاسٹر ریسپانس فورس اور دیگر متعلقہ اداروں نے ریسکیو اور راحتی کارروائیاں مزید تیز کر دی ہیں۔

بقیہ نمبر 4

ضلیں کو باہل ہسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس نے ضلیں کی شناخت محمد اسحاق (28) ولد عبدالرحمن کھانڈے، محمد رفیق (31) ولد عبدالرشید، نواز احمد (33) ولد عبداللہ اور زیبا بیگم (45) زوجہ عبداللہ کے طور پر کی ہے۔

بقیہ نمبر 5

میں بہہ گئیں اور کاروباری اداروں کو بھاری نقصان پہنچا۔ متعدد مکانات میں پانی داخل ہونے سے کئی خاندان محصور ہو گئے، جبکہ مویشیوں کے ہلاک ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ حمد منڈی سب ڈویژن کے چروگ، راجدھانی اور بھروٹ علاقوں میں بھی اچانک سیلاب نے تباہی مچائی۔ بھروٹ میں ایک کرشر یونٹ پر کام کرنے والے کئی مزدور سیلاب میں پھنس گئے، جنہیں محفوظ نکالنے کے لیے امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ ادھر منجاکوٹ تحصیل کے کوٹلی کلابان اور گولیناری علاقوں میں بادل پھٹنے کے بعد آنے والے سیلاب نے مقامی قبرستان کو شدید نقصان پہنچایا، جس سے متعدد قبریں بہہ گئیں۔ اس واقعے پر مقامی آبادی نے گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے ایک روز قبل ہی جموں خطے میں شدید سے انتہائی شدید بارش اور اچانک سیلاب کا انتباہ جاری کیا تھا، جس کے بعد انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے متاثرہ علاقوں کی صورت حال پر گہرے رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ صبح سے مسلسل صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں اور ضلعی انتظامیہ و عوامی نمائندوں سے رابطے میں ہیں۔ انہوں نے اپنا دہلی کا دورہ مختصر کرتے ہوئے جموں واپس آنے کا فیصلہ کیا تاکہ متاثرہ علاقوں کا خود جائزہ لیا جا سکے اور امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ انسانی جانوں کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتے ہوئے ریسکیو، راحت اور بازآبادکاری کے کام میں مزید تیزی لائی جائے۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن سرکاری امداد فراہم کرنے کا بھی یقین دلایا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی راجوری اور پونچھ کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے سینئر حکام سے بات چیت کی اور سول انتظامیہ، پولیس، فوج، ریاستی ڈیزاسٹر ریسپانس فورس اور دیگر متعلقہ اداروں کو امدادی کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ تعزیت کی اور فوری مالی امداد، محفوظ مقامات پر منتقلی اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی کو یقینی بنانے کی تاکید کی۔ سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد نے بھی سیلابی تباہی پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ نمبر 6

موجود خامیوں کی نشاندہی کرنے، بہترین طریقہ کار سے سیکھنے اور ادارہ جاتی اصلاحات کو فروغ دینے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جموں و کشمیر نے مجموعی طور پر 40.2 اسکور حاصل کیا، جبکہ لداخ کا مجموعی اسکور 27 رہا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جموں و کشمیر کی مضبوطی حکومتی پالیسیوں اور ادارہ جاتی ماحول میں نظر آتی ہے، تاہم بنیادی ڈھانچے کی کمزوری اور مالیاتی صحت کی خراب صورتحال سرمایہ کاری کے ماحول کو متاثر کر رہی ہے۔ کاروباری ماحول کے حوالے سے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مالی سال 2024 کے دوران جموں و کشمیر کی اپنی ٹیکس آمدنی مجموعی ریاستی گھریلو پیداوار (جی ایس ڈی پی) کا 15 فیصد رہی، جو پہاڑی اور شمال مشرقی ریاستوں کے اوسط سے تقریباً 70 فیصد زیادہ ہے۔ اسی عرصے میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن موجودہ کمپنیوں کے 21 فیصد کے برابر رہی، جو متعلقہ زمرے کے اوسط سے 34 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ نمبر 7

کے جنوب میں واقع چروگ گاؤں کے قریب کی گئی، جہاں ایک برساتی نالے میں طغیانی آنے کے باعث پانچ بچوں سمیت نو افراد پھنس گئے تھے۔ فوجی جوان شدید بہاؤ اور خراب موسمی حالات کے باوجود فوری طور پر موقع پر پہنچے اور تمام افراد کو بحفاظت نکال لیا۔ دوسری کارروائی توشہرہ کے دھنگری علاقے کے قریب تاوی دریا میں کی گئی، جہاں 17 سے 20 برس کی عمر کے دو نوجوان دریا کے بیچ ایک جزیرے نما مقام پر محصور ہو گئے تھے۔ انجینئر رجمنٹ کے اہلکاروں نے تیز پانی کے بہاؤ کے باوجود کامیاب ریسکیو آپریشن انجام دے کر دونوں نوجوانوں کو محفوظ مقام پر منتقل کیا۔

بقیہ نمبر 8

جس کی گرفتاری کے لیے تلاش جاری ہے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے دو تھیلوں میں موجود سات اعشاریہ ایک کلوگرام پوسٹ کا بھوسہ بھی ضبط کر لیا۔ ادھر اونتی پورہ کے کھریو تھانے کی پولیس نے مون پورہ کراسنگ پر ناکہ چیکنگ کے دوران ثاقب بشیر بٹ ولد بشیر احمد بٹ ساکن خنوہ، سرینگر کو گرفتار کیا۔ اس کی تلاشی لینے پر تین اعشاریہ ایک گرام ہیروئن نما مادہ برآمد کیا گیا۔

بقیہ نمبر 9

سنیل شرما نے کہا کہ بی جے پی کی مرکزی اور جموں و کشمیر قیادت نے احتجاج کے بجائے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کے مطابق پارٹی کے کارکن فوری طور پر پونچھ اور راجوری روانہ ہوں گے تاکہ متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مدد کی جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ احتجاج منسوخ نہیں بلکہ صرف ملتوی کیا گیا ہے اور حالات معمول پر آنے کے بعد نئی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 10

تک محبت، ہمدردی اور اتحاد کا درس دیا۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ویدک تعلیمات کسی ایک مذہب سے وابستہ نہیں تھیں۔ ان کے واعظ براہ راست انسانی دل سے مخاطب ہوتے تھے۔ انہوں نے بھی لوگوں کو ان کے مذہب کی بنیاد پر نہیں پرکھا بلکہ مختلف طریقہ ہائے عبادت کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اسی طرح شیخ العالم نے یہ سبق دیا کہ حقیقی عبادت اختلاف اور تقسیم میں نہیں بلکہ رحم دلی اور ہر انسان کی خدمت میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا: "کشمیر کی فروغ پذیر ریشی صوفی روایت کسی ایک مذہب کی برتری کا اعلان نہیں کرتی بلکہ اس کا پیغام یہ ہے کہ تمام مذاہب اور عقائد ایک ہی حقیقت سے اپنی قوت حاصل کرتے ہیں۔ میرا یقین ہے کہ یہی تعلیم ہماری مشترکہ تہذیبی میراث ہے۔ یہ ورثہ صرف ہندوؤں، مسلمانوں، سکھوں، بدھوں یا عیسائیوں کا نہیں بلکہ اس مقدس سرزمین پر پیدا ہونے والے ہر شہری کا مشترکہ سرمایہ ہے اور اس کی حفاظت ہماری اخلاقی اور روحانی ذمہ داری ہے۔ ہمیں اس ہم آہنگی کی اسی طرح حفاظت کرنی چاہیے جیسے ہم اپنے کنبوں کی حفاظت کرتے ہیں۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ سماجی اور مذہبی ہم آہنگی ایک مضبوط معاشرے، مضبوط جموں و کشمیر اور ترقی یافتہ ہندوستان کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا: "جب لوگ پُرامن بقائے باہمی کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں تو معاشرے کی توانائی ترقی کی سب سے بڑی قوت بن جاتی ہے۔ اسی لئے میرا پختہ یقین ہے کہ ہم آہنگی نہ صرف اخلاقی ضرورت ہے بلکہ معاشی خوشحالی کی بنیاد اور آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کی ضمانت بھی ہے۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہمیں تمام مذاہب کے یکساں احترام کے جذبے کو مضبوط کرنا چاہیے تاکہ ہر شہری یکساں مواقع کے ساتھ ترقی کر سکے۔ ہمیں باہمی خیرسگالی کو مضبوط کرنا چاہیے تاکہ ہر گھر سے نفرت کا خاتمہ ہو سکے اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے لئے متحد ہونا ہوگا تاکہ منشیات جیسی ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا: "آج بارہمولہ کی سرزمین سے یہ پیغام جانا چاہیے کہ اگر دنیا میں کوئی ایسی سرزمین ہے جو مختلف کمیونٹیوں، فرقوں اور عقائد امن، خوشحال اور بااعتماد بقائے باہمی کا عملی سبق دے سکتی ہے تو وہ ہندوستان ہے۔" لیفٹیننٹ گورنر نے نوجوانوں سے خود پر اعتماد رکھنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا: "اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھیں۔ یقین کریں کہ آپ ایسا مستقبل تعمیر کر سکتے ہیں جو ماضی سے کہیں زیادہ روشن ہو۔ ایک طویل عرصے تک اس سرزمین نے منشیات اور دہشت گردی کی ناسور کا سامنا کیا جس نے نوجوانوں کی سوچ، خوابوں اور مستقبل کو متاثر کیا۔" انہوں نے کہا: "آج میں پورے یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہ دور اب ختم ہو چکا ہے۔ جموں و کشمیر کے نوجوانوں نے اپنے مستقبل کی باگ ڈور خود سنبھال لی ہے اور یونین ٹیریٹری تعلیم، صنعت کاری، اختراع، روحانی بیداری اور قومی یکجہتی کے نئے دور کی جانب گامزن ہے۔ آیئے ہم سب مل کر ایک مضبوط، خوشحال، پُرامن اور ترقی پسند جموں و کشمیر کی تعمیر کریں۔" دورے کے دوران لیفٹیننٹ گورنر نے مختلف عوامی وفود سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے ان کے پیش کردہ مسائل پر مناسب کارروائی کا یقین دلایا۔ اس موقعہ پر جی او سی ڈگر ڈویژن میجر جنرل منوج جوشی، پرنسپل سیکرٹری محکمہ ثقافت برج موہن شرما، ڈی آئی جی شمالی کشمیر رینج ڈاکٹر وجے کمار، ضلع ترقیاتی کمشنر بارہمولہ سید فخرالدین حامد، ایس ایس پی بارہمولہ گرندر پال سنگھ، چیئرمین سید یوتھ سیو فورم فاؤنڈیشن وجاہت فاروق بٹ، فاؤنڈیشن کے اراکین، سینئر افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان، ممتاز شہری، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور بڑی تعداد میں نوجوان موجود تھے۔

بقیہ نمبر 11

اور افرادی قوت کو تعینات کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی نوٹ کیا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ذاتی طور پر بچاؤ اور امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کر رہے ہیں۔ انہوں نے انتظامیہ سے بھی اپیل کی کہ وہ آفت سے بے گھر ہونے والے لوگوں کے لیے پناہ گاہ، خوراک اور دیگر ضروری سامان کے فوری انتظامات کو یقینی بنائے اور جنگی بنیادوں پر بحالی کا کام شروع کرے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

جمع ہوئے ہیں۔ دو ہزار برس سے بھی زائد عرصہ قبل عظیم فلسفی اکھیو گپت جیسے نامور سکالر سے وابستہ یہ مقدس مقام روحانیت سے لے کر ریاضی تک مختلف علوم پر غور و خوض کے لئے دنیا بھر کے دانشوروں کو اپنی جانب متوجہ کرتا رہا ہے۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اس مقام کی بحالی اس سنہری دور کی واپسی کا پیش خیمہ ثابت ہو، جب علم، ریاضی، سائنس اور جدیدیت کے موضوعات پر نئے سرے سے مکالمے فروغ پاتے تھے اور ساتھ ہی یہ خطے میں امن، خوشحالی اور ترقی کا ذریعہ بنے۔" اس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر کے ہمراہ ڈی آئی جی سینٹرل کشمیر رینج راجیو پانڈے، ضلع ترقیاتی کمشنر سری نگر اکشے لابرو، ایس ایس پی سری نگر ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی اور دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔

102

جہاں جسمانی اور ذہنی صحت کو تعلیمی کامیابی کے برابر اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے آگاہی پروگرام احتیاطی صحت کی ثقافت کو فروغ دیتے ہیں اور نوجوانوں کو ابتدائی عمر سے ہی صحت مند عادات اپنانے کی ترغیب دیتے ہیں۔ ایس کے آئی ایم ایس سرینگر کے شعبہ ایڈوکرائنولوجی کے سابق سربراہ ڈاکٹر شارق رشید مسعودی نے ذیابیطس اور موٹاپے کے بڑھتے ہوئے مسائل پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ باقاعدہ جسمانی سرگرمی، متوازن غذا اور بروقت طبی مشاورت طرز زندگی سے متعلق بیماریوں کی روک تھام میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ چیسٹ ڈیزیز اسپتال سرینگر کے شعبہ پلمونولوجی کے سربراہ ڈاکٹر نوید نذیر شاہ نے سانس کی صحت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ورزش، بروقت تشخیص اور صحت مند عادات کی اہمیت اجاگر کی تاکہ پھیپھڑوں کی دائمی بیماریوں کے خطرے کو کم کیا جا سکے۔ سینئر فزیوتھراپسٹ اور اسپورٹس میڈیسن ماہر ڈاکٹر میر اشفاق حسین نے جسمانی فٹنس برقرار رکھنے، چوٹوں سے بچاؤ اور مجموعی صحت بہتر بنانے میں فزیوتھراپی، باقاعدہ ورزش اور درست جسمانی انداز (پوسچر) کے کردار پر روشنی ڈالی۔ ماہرین نے مشترکہ طور پر اس بات پر زور دیا کہ باقاعدہ جسمانی سرگرمی، متوازن غذا، بروقت تشخیص اور صحت مند طرز زندگی ذیابیطس، موٹاپے اور سانس کی بیماریوں سمیت مختلف طرز زندگی سے متعلق امراض کی روک تھام اور بہتر انتظام کے لیے بنیادی ستون ہیں۔

103

جا سکے۔ ضلع انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً ضلع انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی جانب سے جاری کردہ ہدایات اور مشوروں پر سختی سے عمل کریں۔ شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ پرسکون رہیں، حالات پر نظر رکھیں، انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور افواہوں یا غیر مصدقہ اطلاعات پھیلانے سے گریز کریں۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال، نقصان یا امداد کی ضرورت کی صورت میں عوام سے کہا گیا ہے کہ فوری طور پر ضلع کنٹرول روم کے نمبرز 01957-225322، 7006328689، 7006526985 پر رابطہ کریں تاکہ بروقت مدد فراہم کی جا سکے۔

104

ہے۔" اپنی پارٹی ان خدشات کو مرکز کے سامنے موثر انداز میں اٹھائے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ان کا مناسب ازالہ ہو۔" انہوں نے مرکزی سرکار سے اپیل کی کہ "دل اور دلی کی دوریاں ختم کرنے" کے اپنے وعدے کو پورا کریں اور جموں کشمیر کے لوگوں کے ساتھ بات چیت کی جائے تاکہ ان کے مسائل کو سنا جائے اور انہیں حل کیا جا سکے۔ سید محمد الطاف بخاری نے نیشنل کانفرنس کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چھ برسوں کے دوران، خصوصاً 2024 میں بھاری عوامی مینڈیٹ حاصل کرنے کے باوجود، پارٹی نے ریاستی درجے کی بحالی کے معاملے پر خاموشی اختیار کیے رکھی۔ انہوں نے کہا، "یہ جماعت دہائیوں تک اقتدار میں رہی، لیکن 5 اگست 2019 کے بعد، جب عوام کو ان کی سب سے زیادہ ضرورت تھی، یہ خاموش رہی۔ اب اچانک ریاستی درجے کی بحالی کا مطالبہ کیا جا رہا ہے، مگر سوال یہ ہے کہ گزشتہ چھ برسوں تک یہ آواز کیوں بلند نہیں کی گئی؟ اور حکومت بنانے کے بعد بھی اس معاملے پر سنجیدگی کیوں نہیں دکھائی گئی؟" انہوں نے الزام عائد کیا کہ جموں و کشمیر کے عوام اپنے بیشتر آئینی حقوق اور خصوصی حیثیت سے نیشنل کانفرنس کی پالیسیوں کے باعث محروم ہوئے۔ انہوں نے کہا، "1947 میں اسی جماعت نے جموں و کشمیر کا ہندوستان سے الحاق کرایا، اور بعد ازاں مرحلہ وار ریاست کے اختیارات اور خصوصی حیثیت نئی دہلی کے حوالے کرتی رہی۔ لیکن 5 اگست 2019 کے بعد جب عوام کو اس کی ضرورت تھی، یہ منظر سے غائب رہی۔" اپنے خطاب میں سید محمد الطاف بخاری نے ضلع بانڈی پورہ سے متعلق متعدد عوامی مسائل بھی اٹھائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گریز پل کی تعمیر کو فوری طور پر عمل میں لایا جائے تاکہ برفباری کے باعث طویل عرصے تک بند رہنے والے رزدان پاس کے متبادل کے طور پر دادی گریز کو سال بھر کشمیر کے دیگر علاقوں سے جوڑا جا سکے۔ انہوں نے بانڈی پورہ۔ سوگام روڈ کی تعمیر کا مطالبہ بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ برسوں تک اقتدار میں رہنے والی جماعتوں کی غفلت کے باعث بانڈی پورہ ترقی سے محروم رہا ہے۔ انہوں نے کہا، "ضلع کے اسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں نہ مناسب بنیادی ڈھانچہ موجود ہے اور نہ ہی مطلوبہ تعداد میں ماہر اور تربیت یافتہ عملہ۔" انہوں نے بانڈی پورہ کے ٹرانکل علاقوں میں بنیادی سہولیات، بالخصوص صاف پینے کے پانی کی فراہمی کا بھی مطالبہ کیا۔ کان کنی کے مسئلے پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مقامی لوگوں کو ان کے روایتی حقوق سے محروم کر دیا گیا ہے، جبکہ باہر سے آئے ٹھیکیداروں کو معمولی فیس کے عوض دریا دس سے لاکھوں روپے مالیت کا معدنی مواد نکالنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا: "مقامی باشندوں کو اپنی روایتی دستی کان کنی سے محروم کرنا ناانصافی ہے۔ اپنی پارٹی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ مقامی لوگوں کو کان کنی میں ان کا جائز حق ملے تاکہ ان کا روایتی ذریعہ معاش محفوظ رہ سکے۔" بڑھتی ہوئی بے روزگاری پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روزگار کے مواقع کی کمی کے باعث تعلیم یافتہ نوجوان مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: "نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان کی ایک بڑی وجہ بھی بے روزگاری ہے۔"

105

بڑی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر یوتھ صدر اور ٹیم کے رکن کی ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچ کر 'من کی بات' پروگرام کو کامیاب بنائیں اور عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 'من کی بات' ایک قومی پلیٹ فارم بن چکا ہے، جو وزیر اعظم نریندر مودی کو براہ راست عوام سے جوڑتا ہے اور سماجی شعور و مثبت تبدیلی کو فروغ دیتا ہے۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ عوام سے مسلسل رابطہ رکھیں، مودی حکومت کی کامیابیوں اور فلاحی اسکیموں کو موثر انداز میں عوام تک پہنچائیں اور پارٹی کے تمام آئندہ تنظیمی پروگراموں کو کامیابی سے انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط اور فعال بوتھ ڈھانچہ پارٹی کی پالیسیوں اور وژن کو ہر گھر تک پہنچانے کے لیے ناگزیر ہے۔ پریا سیٹھی نے کہا کہ بی جے پی کی اصل طاقت اس کے نظم و ضبط کے حامل کارکنوں اور بوتھ ٹیموں میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر کارکن کو دیہی اور نچلی سطح پر پارٹی کو مزید مضبوط بنانے اور عوام سے روابط مستحکم کرنے کے لیے پوری لگن سے کام کرنا چاہیے۔ ضلع صدر راجیش گپتا نے کہا کہ بوتھ صدور تنظیمی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے انہیں باہمی ہم آہنگی کے ساتھ کام کرتے ہوئے ہر پارٹی پروگرام کو موثر اور نتیجہ خیز بنانا ہوگا۔ رکن اسمبلی پدھیر سیٹھی نے کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ عوام سے مسلسل رابطے میں رہیں، مقامی مسائل کو بروقت حل کرنے کی کوشش کریں اور وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں شروع کی گئی ترقیاتی اور فلاحی اسکیموں کو موثر انداز میں اجاگر کریں۔ رکن اسمبلی کلدیپ راج دوبے نے کہا کہ تنظیم کو مزید مضبوط بنانے اور حکومتی فلاحی اسکیموں کا فائدہ ہر مستحق فرد تک پہنچانے کے لیے ہر بوتھ کارکن کی فعال شرکت ضروری ہے۔ رکن اسمبلی اروند گپتا نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ متحرک، متحد اور اپنی تنظیمی ذمہ داریوں کے تئیں پرعزم رہیں۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط بوتھ حیث ورک ہی بی جے پی کی مسلسل ترقی اور عوامی اعتماد کی ضمانت ہے۔

106

عالیہ پر حسب روایت قرآن خوانی، ختمات معظمات، درود و اذکار، مولود خوانی اور وعظ و تبلیغ کی روح پرور مجالس منعقد ہوں گی، جن میں ہزاروں عقیدت مند شرکت کر کے بزرگان دین کو خراج عقیدت پیش کریں گے اور امت مسلمہ کے امن، خوشحالی اور اتحاد کے لیے خصوصی دعائیں بھی مانگی جائیں گی۔

107

کی اپیل کی ہے اور لقمہ اجل بنے افراد کے لواحقین کے حق میں بھرپور ایکس گریشیا ریلیف فراہم کی جائے۔ انہوں نے مقامی آبادی سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے بھائیوں کے مدد و اعانت میں اپنا دست تعاون پیش کریں۔

108

۔ حکیم یاسین نے کہا کہ پارٹی نے نیشنل کانفرنس سے یہ وضاحت طلب کی تھی کہ مجوزہ احتجاج کے ذریعے کس نوعیت کے ریاستی درجے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ نیشنل کانفرنس نے پارٹی کے خط کا کوئی جواب نہیں دیا، اس لیے پی ڈی ایف نے احتجاج سے دور رہنے کا فیصلہ کیا، تاہم امید ظاہر کی کہ آئینی اور سیاسی معاملات پر سنجیدہ سیاسی مکالمہ جاری رہے گا۔ سابق وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ متعدد مواقع پر عوامی طور پر یہ یقین دہانی کرا چکے ہیں کہ جموں و کشمیر کو مناسب وقت پر ریاستی درجہ بحال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی اصل تشویش صرف ریاستی درجے تک محدود نہیں بلکہ 5 اگست 2019 سے پہلے کی آئینی حیثیت کی مکمل بحالی بھی ہے۔ انہوں نے کہا، "اگر مقصد 5 اگست 2019 سے پہلے کی آئینی حیثیت، بشمول آرٹیکل 370 اور 35 اے کی بحالی ہے، تو پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ نے ہمیشہ اس مطالبے کی حمایت کی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔" حکیم یاسین نے حکمران نیشنل کانفرنس کو اسمبلی انتخابات کے دوران کیے گئے وعدے بھی یاد دلائے، جن میں روزگار کی فراہمی، سبسڈی والا راشن، بلا تعطل بجلی، بہتر عوامی خدمات، موثر طرز حکمرانی اور تیز رفتار ترقی شامل تھے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ان میں سے بیشتر وعدے ابھی تک پورے نہیں کیے گئے اور عوام اب بھی اپنی روزمرہ زندگی میں عملی بہتری کے منتظر ہیں۔

109

سپرنٹنڈنگ انجینئر جل شکتی سریا احمد وانی، سپرنٹنڈنگ انجینئر پی ڈی ڈی محمد یوسف میر، بلاک میڈیکل آفیسر، تحصیلدار احسن ناگ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایم سی اے اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

110

کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھیں، چوبیس گھنٹے صورتحال کی نگرانی کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے فیلڈ افسران کو ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنے اور کسی بھی ایسے واقعے کی فوری اطلاع دینے کی ہدایت دی جس میں فوری مداخلت کی ضرورت ہو۔ ڈپٹی کمشنر نے این ایچ اے آئی، بی آر او/ایکن، محکمہ تعمیرات عامہ (پی ڈبلیو ڈی) اور پی ایم جی ایس وائی کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ متاثرہ سڑکوں کی فوری بحالی کے لیے مناسب افرادی قوت اور مشینری تعینات کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ قومی شاہراہ سمیت تمام اہم سڑکوں کو ٹریفک کے قابل رکھا جائے تاکہ مسافروں اور ہنگامی خدمات کی محفوظ نقل و حرکت یقینی بنائی جا سکے۔ ضروری خدمات کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے پانی کی فراہمی، بجلی، صحت سہولیات، ضروری اشیائے خورد و نوش کی دستیابی اور دیگر عوامی سہولیات کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ ان خدمات کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی رکاوٹ سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار رہیں۔

111

سرکاری ہدایات پر سختی سے عمل کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ڈی ای او سی)، ڈپٹی کمشنر آفس بارہمولہ یا پولیس کنٹرول روم بارہمولہ سے فوری رابطہ کریں۔ ضلع انتظامیہ نے شہریوں سے موسم بہتر ہونے تک مکمل احتیاط برتنے اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرنے کی بھی اپیل کی ہے۔

112

میں ظفر میر نے کہا کہ حلقے میں پینے کے صاف پانی کا طویل بحران عوام کے لیے روزمرہ کی اذیت بن چکا ہے، جبکہ خستہ حال سڑکیں، ناکافی بنیادی ڈھانچہ اور ناقص عوامی خدمات انتظامی بے حسی کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کسان برادری کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کھاد کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے سبزی اگانے والے کسانوں کو شدید مالی دباؤ میں مبتلا کر دیا ہے، جبکہ بار بار ہونے والی موسمی تباہ کاریوں نے باغبانی کے شعبے کو بھی سخت نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ کسانوں اور باغبانوں کے لیے فوری طور پر جامع امدادی اور معاوضہ پیکیج کا اعلان کیا جائے۔ کنونشن کے دوران مندوبین نے متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کی جس میں انتظامیہ کے ذریعے نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا (این ایچ اے آئی) کی جانب سے زمین مالکان اور متاثرہ خاندانوں کو وعدہ شدہ معاوضہ فوری طور پر جاری کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ قرارداد میں کہا گیا کہ مزید تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ظفر میر نے ضلعی انتظامیہ اور عوامی نمائندوں کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ چاڈورہ اسمبلی حلقے کے دو لاکھ سے زائد عوام کے مفادات کے تحفظ میں ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پینے کے پانی کے بحران کے مستقل حل، صحت کی سہولیات میں بہتری، پرائمری ہیلتھ سینٹروں میں ادویات کی باقاعدہ دستیابی اور د

سپورٹس ٹائمز

بین ڈکٹ نے لارڈز میں ویور چرڈز کا 47 سال پرانا ون ڈے ریکارڈ توڑ دیا

لارڈز، 19 جولائی (نیوز ڈیسک): انگلینڈ کے اوپنر بین ڈکٹ نے بھارت کے خلاف تیسرے اور فیصلہ کن ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں شاندار 141 رنز کی اننگز کھیل کر ویسٹ انڈیز کے عظیم بلے باز ویو رچرڈز کا 47 سال پرانا تاریخی ریکارڈ توڑ دیا۔ بین ڈکٹ نے صرف 120 گیندوں پر 141 رنز اسکور کیے، جو ان کے ون ڈے کیریئر کا سب سے بڑا انفرادی اسکور بھی ہے۔ اس شاندار اننگز کی بدولت وہ لارڈز کے تاریخی میدان پر ایک روزہ کرکٹ میں سب سے زیادہ انفرادی اسکور کرنے والے بلے باز بن گئے۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ ویو رچرڈز کے پاس تھا جنہوں نے 1979 کے ورلڈ کپ فائنل میں انگلینڈ کے خلاف ناقابل شکست 138 رنز بنائے تھے۔ یہ ریکارڈ تقریباً پانچ دہائیوں تک قائم رہا جسے اب بین ڈکٹ نے اپنے نام کر لیا۔ بین ڈکٹ اس تین میچوں کی سیریز میں سنچری بنانے والے پہلے بلے باز بھی بن گئے۔ انہوں نے 108 گیندوں پر اپنی سنچری مکمل کی اور اس کے بعد بھی جارحانہ انداز میں بیٹنگ جاری رکھتے ہوئے ریکارڈ بک میں اپنا نام درج کرا دیا۔ انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا، جس کے بعد ڈکٹ نے ابتدا ہی سے بھارتی بولرز پر حاوی رہتے ہوئے میدان کے چاروں طرف دلکش اسٹروکس کھیلے۔ انہوں نے آف سائیڈ پر عمدہ ڈرائیوز، شارٹ گیندوں پر پل شاٹس اور تیز رفتار رنگ کے ذریعے مسلسل اسکور بورڈ کو متحرک رکھا۔ ڈکٹ نے پہلے وکٹ کے لیے جیکب بیتھل کے ساتھ 192 رنز کی شراکت قائم کی، جس نے انگلینڈ کو مضبوط بنیاد فراہم کی۔ سنچری مکمل کرنے کے بعد بھی وہ جارحانہ انداز میں کھیلتے رہے اور ٹیم کا مجموعہ تیزی سے آگے بڑھایا۔ بھارت کی جانب سے جسپریت بمراہ انجری کے باعث میچ میں شریک نہیں تھے، جس کے باعث بھارتی بولنگ اٹیک میں وہ کاٹ دکھائی نہیں دی جو انگلینڈ کی بیٹنگ کو روکنے کے لیے درکار تھی۔ فاسٹ بولرز مسلسل دباؤ قائم نہ رکھ سکے، جبکہ اسپنرز بھی بین ڈکٹ کی روانی توڑنے میں ناکام رہے۔ بین ڈکٹ کی یادگار اننگز کا اختتام اس وقت ہوا جب پرنس یادو نے سست رفتار باؤنسر پر انہیں دھوکا دیا۔ ڈکٹ نے پل شاٹ کھیلنے کی کوشش کی لیکن گیند صحیح طرح قائم نہ ہو سکی اور سید حابولر کے ہاتھوں میں چلی گئی۔ وہ 141 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، جس پر لارڈز میں موجود تماشائیوں نے کھڑے ہو کر ان کی شاندار اننگز کا بھرپور خیر مقدم کیا۔

روہت شرما نے لارڈز میں تاریخی سنچری بنا کر ریٹائرمنٹ کی قیاس آرائیوں کا بھرپور جواب دے دیا

لارڈز، 19 جولائی (نیوز ڈیسک) بھارتی کپتان روہت شرما نے اپنے مستقبل اور ممکنہ ریٹائرمنٹ سے متعلق جاری قیاس آرائیوں کا جواب میدان میں شاندار سنچری کی صورت میں دیا۔ انگلینڈ کے خلاف تیسرے اور فیصلہ کن ایک روزہ میچ میں انہوں نے دلیرانہ بیٹنگ کرتے ہوئے بھارت کی 388 رنز کے مشکل ہدف کے تعاقب کو مضبوط بنیاد فراہم کی۔ گزشتہ کئی دنوں سے یہ خبریں گردش کر رہی تھیں کہ شاید یہ روہت شرما کا آخری ون ڈے میچ ہو، جبکہ حالیہ کم اسکورز کے باعث ان کے مستقبل پر بھی سوالات اٹھائے جا رہے تھے۔ تاہم روہت نے کسی بیان یا وضاحت کے بجائے اپنے بلے سے جواب دینا بہتر سمجھا۔ سنچری مکمل کرنے کے بعد بھی روہت نے کسی جذباتی جشن کا مظاہرہ نہیں کیا۔ انہوں نے نہ ایلمٹ اتارا نہ آسمان کی جانب دیکھا اور نہ ہی کوئی خاص جشن منایا۔ انہوں نے صرف بلا بلند کر کے تماشائیوں کی داد قبول کی اور فوراً اگلی گیند کے لیے تیار ہو گئے، کیونکہ ان کی نظر میں اصل مقصد ابھی میچ جیتنا تھا۔ لارڈز کے تاریخی میدان میں موجود شائقین نے ان کی اننگز پر بھرپور داد دی، جبکہ بھارتی ڈریسنگ روم میں تمام کھلاڑی احتراماً کھڑے ہو گئے۔ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے بالکونی سے تالیاں بجائیں، جبکہ ویرات کوہلی میدان میں آ کر اپنے دیرینہ ساتھی کو گلے لگا کر مبارکباد دی۔ روہت نے ابتدا میں محتاط انداز اختیار کیا اور نئی گیند کے سامنے انگلینڈ کے فاسٹ بولرز کا صبر سے سامنا کیا۔ انہوں نے آف اسٹمپ سے باہر جاتی گیندوں کو چھوڑا اور صرف مناسب گیندوں پر شاٹس کھیلے۔ شبمن گل کے ساتھ انہوں نے پہلی وکٹ کے لیے عمدہ شراکت قائم کر کے بھارت کو مضبوط آغاز فراہم کیا۔ جیسے ہی گیند پرانی ہوئی، روہت اپنے روایتی جارحانہ انداز میں نظر آئے۔ ان کے خوبصورت پل شاٹس، کور ڈرائیوز اور بلند و بالا اسٹروکس نے انگلش بولرز کو دباؤ میں ڈال دیا اور بھارت کی اننگز کو رفتار بخشی۔ شبمن گل کے آؤٹ ہونے کے بعد بھی روہت نے اپنی عمدہ بیٹنگ جاری رکھی اور اسٹرائیک کو دانشمندی سے تبدیل کیا اور ڈھیلی گیندوں کو باؤنڈری کی راہ دکھاتے رہے۔

کیلیان ایمباپے ورلڈ کپ کی تاریخ کے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی بن گئے

میامی، 19 جولائی (نیوز ڈیسک) فرانس کے اسٹار فارورڈ کیلیان ایمباپے نے فیفا ورلڈ کپ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی کا اعزاز اپنے نام کر لیا۔ انہوں نے ہفتے کو انگلینڈ کے خلاف تیسری پوزیشن کے میچ میں دو گول اسکور کر کے ورلڈ کپ میں اپنے مجموعی گولوں کی تعداد 22 کر دی۔ اگرچہ فرانس کو اس سنسنی خیز مقابلے میں انگلینڈ کے ہاتھوں (4-6) سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، تاہم 27 سالہ ایمباپے نے اس کارکردگی کے ساتھ ارجنٹائن کے لیونل میسی کا ریکارڈ توڑ دیا، جنہوں نے ورلڈ کپ میں 21 گول اسکور کیے تھے۔ میسی اتوار کو اسپین کے خلاف فائنل کھیلنے والے ہیں، جو غالباً ان کے کیریئر کا آخری ورلڈ کپ میچ ہوگا، جبکہ توقع کی جا رہی ہے کہ ایمباپے کم از کم ایک اور ورلڈ کپ میں فرانس کی نمائندگی کریں گے۔ ایمباپے نے اپنے تیسرے ورلڈ کپ کا اختتام 10 گولوں کے ساتھ کیا اور اس طرح وہ گولڈن بوٹ کی دوڑ میں بھی سرفہرست ہیں۔ اس فہرست میں لیونل میسی سے دو گول آگے ہیں۔ ریئل میڈرڈ کے اسٹرائیکر نے صرف 22 ورلڈ کپ میچوں میں یہ تاریخی کارنامہ انجام دیا۔ انہوں نے 2018 کے ورلڈ کپ میں 4 گول اسکور کیے تھے، جبکہ 2022 میں 8 گول کیے۔ ان دونوں ٹورنامنٹس میں فرانس فائنل تک پہنچا، جہاں اس نے 2018 میں کروشیا کو شکست دے کر ٹائٹل جیتا، جبکہ 2022 کے فائنل میں ارجنٹائن کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ میچ کے بعد ایمباپے نے کہا کہ انہیں یقین ہے لیونل میسی فائنل میں بھی گول کریں گے، لیکن ان کی اولین ترجیح ہمیشہ اپنی ٹیم کو کامیابی دلانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ کپ میں زیادہ گول کرنا یقیناً ایک بڑے اعزاز کی بات ہے اور اس سے ایک کھلاڑی کی الگ پہچان بنتی ہے، تاہم وہ اس تاریخی ریکارڈ کے بجائے یہ پسند کرتے کہ فرانس فائنل کھیل رہا ہوتا۔

اسٹیفانوس سٹسیپاس نے سوئس اوپن جیت کر 16 ماہ بعد اے ٹی پی ٹائٹل اپنے نام کر لیا

گسٹاد، 19 جولائی (نیوز ڈیسک) یونان کے ٹینس اسٹار اسٹیفانوس سٹسیپاس نے 16 ماہ کے طویل انتظار کا خاتمہ کرتے ہوئے سوئس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا ٹائٹل جیت لیا۔ انہوں نے فائنل میں سلوینیا کے رافائل کولیگنون کو 4-6، 7-6 (3)، 3-6 سے شکست دے کر اے ٹی پی ٹور کا ایک اور اعزاز اپنے نام کیا۔ یہ مارچ 2025 میں دبئی ٹینس چیمپئن شپ جیتنے کے بعد سٹسیپاس کا پہلا اے ٹی پی ٹائٹل ہے، جبکہ مجموعی طور پر یہ ان کے کیریئر کا 136 واں اے ٹی پی سنگلز ٹائٹل ہے۔ فتح کے بعد سٹسیپاس نے کہا کہ وہ سب سے پہلے اس شاندار فائنل پر اپنے حریف کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے مطابق اس کامیابی کا ان کے لیے بہت زیادہ مطلب ہے کیونکہ انہیں کسی اے ٹی پی ٹائٹل کا انتظار کیے ہوئے کافی عرصہ گزر چکا تھا۔ 27 سالہ سٹسیپاس، جو ماضی میں عالمی درجہ بندی میں تیسرے نمبر پر رہ چکے ہیں اور اس وقت 85 ویں نمبر پر موجود ہیں، نے دو گھنٹے اور 17 منٹ تک جاری رہنے والے مقابلے میں عمدہ سروس کا مظاہرہ کیا۔

پی وی سندھو نے جاپان اوپن جیت کر ناقدین کو خاموش اور خود پر اعتماد کو پھر سے زندہ کر دیا

ٹوکیو، 19 جولائی (نیوز ڈیسک) بھارت کی اسٹار بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو نے جاپان اوپن سپر 750 ٹائٹل جیتنے کے بعد کہا ہے کہ گزشتہ کئی ماہ کے دوران بہت سے لوگ ان سے پوچھتے تھے کہ کیا ان کا بہترین دور ختم ہو چکا ہے، لیکن انہوں نے کبھی خود پر یقین نہیں کھویا اور مسلسل محنت جاری رکھی۔ سندھو نے اتوار کو فائنل میں جاپان کی عالمی چیمپئن اکانے یاماگوچی کو 21-17، 21-17 سے شکست دے کر جاپان اوپن کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ یہ ان کی 19 ماہ بعد پہلی ٹائٹل فتح ہے۔ کامیابی کے بعد جذباتی انداز میں گفتگو کرتے ہوئے سندھو نے کہا کہ فتح کے بعد ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے کیونکہ یہ کامیابی ان کے لیے بے حد اہم تھی۔ ان کے مطابق وہ مسلسل سخت محنت کر رہی تھیں اور انہیں ہمیشہ یقین تھا کہ وہ دوبارہ کامیابی حاصل کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے لوگ سوال کرتے تھے کہ ان کے کھیل کو کیا ہو گیا ہے اور کیا ان کا سفر ختم ہو چکا ہے، لیکن انہوں نے ہمیشہ اپنے خاندان، کوچز، سپورٹ اسٹاف اور سب سے بڑھ کر اپنی صلاحیتوں پر اعتماد برقرار رکھا۔ یہ فتح سندھو کی 2019 میں باسل میں ورلڈ چیمپئن شپ جیتنے کے بعد سب سے بڑی کامیابی قرار دی جا رہی ہے۔ جاپان اوپن میں انہوں نے ایک بھی گیم ہارے بغیر ٹائٹل جیتا اور اس اعزاز کو حاصل کرنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئیں۔ سیمی فائنل میں انہوں نے سابق اولمپک چیمپئن چن یوفی کو شکست دی، جبکہ فائنل میں موجودہ عالمی چیمپئن اکانے یاماگوچی کو بھی سیدھے گیمز میں ہرایا۔ سندھو کو کسی بڑے بی ڈبلیو ایف ٹائٹل جیتے سات سال گزر چکے تھے۔ اگرچہ انہوں نے 2022 کے کامن ویلتھ گیمز میں طلائی تمغہ جیتا تھا، لیکن اسی سال ہاکی کھیلنے میں اسٹریس فریکچر کی وجہ سے ان کا کیریئر متاثر ہوا اور وہ طویل عرصے تک اپنی بہترین فارم سے دور رہیں۔ رواں سال ان کی کارکردگی میں مسلسل بہتری دیکھی گئی۔

انگلینڈ نے فرانس کو سنسنی خیز مقابلے میں شکست دے کر ورلڈ کپ میں تیسری پوزیشن حاصل کر لی

میامی، 19 جولائی (نیوز ڈیسک) انگلینڈ نے فیفا ورلڈ کپ 2026 کے تیسری پوزیشن کے میچ میں فرانس کی شاندار واپسی کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے سنسنی خیز مقابلے کے بعد 4-6 سے کامیابی حاصل کر لی۔ بکایو ساکا نے ہیٹ ٹرک اسکور کی جبکہ یہ انگلینڈ کی 1966 میں واحد عالمی اعزاز جیتنے کے بعد ورلڈ کپ میں بہترین کارکردگی قرار دی جا رہی ہے۔ میامی میں کھیلے گئے اس یادگار مقابلے میں انگلینڈ نے پہلے ہاف میں مکمل برتری قائم کرتے ہوئے ڈیکلن رائس، ایڈی نکیتیا اور بکایو ساکا کے دو گولوں کی بدولت وقفے تک 4-0 کی سبقت حاصل کر لی۔ دوسرے ہاف میں فرانس نے شاندار انداز میں واپسی کی۔ کپتان کیلیان ایمباپے نے دو گول اسکور کیے اور فرانس کئی مواقع پر میچ برابر کرنے کے قریب پہنچ گیا، تاہم انگلینڈ نے اپنی برتری برقرار رکھی۔ میچ کے اختتامی لمحات میں بکایو ساکا نے پنالٹی پر اپنا تیسرا گول کر کے ہیٹ ٹرک مکمل کی اور اسکور 3-5 کر دیا، جس سے انگلینڈ کا دباؤ کافی حد تک کم ہو گیا۔ اس کے بعد عثمان ڈیمبیلے نے فرانس کی جانب سے ایک اور گول کر کے مقابلے میں سنسنی پیدا کی، لیکن انجری ٹائم میں متبادل کھلاڑی ہوڈ سیلنگھم نے ٹورنامنٹ کا اپنا ساتواں گول اسکور کر کے فرانس کی امیدوں کا خاتمہ کر دیا۔ سیلنگھم ایک ہی ورلڈ کپ میں سات گول کرنے والے انگلینڈ کے پہلے کھلاڑی بھی بن گئے۔ انگلینڈ کے کوچ تھامس ٹوخل نے میچ کے بعد کہا کہ ان کی ٹیم نے پہلے ہاف میں شاندار کھیل پیش کیا۔ تاہم دوسرا ہاف انتہائی مشکل اور ہنگامہ خیز رہا۔ ان کے مطابق گزشتہ چند ہفتوں کی مسلسل محنت سے کھلاڑی جسمانی اور ذہنی طور پر تھک چکے ہیں، لیکن ٹیم نے ایک بار پھر غیر معمولی کردار اور اتحاد کا مظاہرہ کیا۔ یہ مقابلہ ورلڈ کپ کی تاریخ کے تیسری پوزیشن کے میچوں میں سب سے زیادہ گولوں والا میچ بھی ثابت ہوا۔ دونوں ٹیموں نے مجموعی طور پر 10 گول اسکور کیے، جس سے 1958 کے ورلڈ کپ میں فرانس کی مغربی جرمنی کے خلاف 3-6 کی فتح کا ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ دوسری جانب فرانس کے لیے یہ میچ کوچ دیدیے دیشان کی بطور قومی کوچ آخری ذمہ داری تھی۔ فرانس کی خواہش تھی کہ 2018 میں ورلڈ کپ جتوانے والے کوچ کو فتح کے ساتھ رخصت کیا جائے، تاہم ٹیم پہلے ہاف کی خراب کارکردگی کے باعث یہ ہدف حاصل نہ کر سکی۔ کیلیان ایمباپے نے اس میچ میں دو گول کر کے ٹورنامنٹ میں اپنے مجموعی گولوں کی تعداد 10 تک پہنچا دی۔ اس کے ساتھ ہی وہ گولڈن بوٹ کی دوڑ میں لیونل میسی سے دو گول آگے نکل گئے اور ورلڈ کپ کی تاریخ میں مجموعی طور پر 22 گول کر کے میسی کا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔

انتونیلی نے بیلجین گراں پری جیت کر فارمولا ون چیمپئن شپ میں اپنی برتری مزید مضبوط کر لی

اسپا فرانکورشامپ، بیلجیم، 19 جولائی (نیوز ڈیسک) میکسیکو کے نوجوان ڈرائیور کیمی انتونیلی نے اتوار کو بیلجین گراں پری جیت کر فارمولا ون عالمی چیمپئن شپ میں اپنی برتری مزید مستحکم کر لی۔ اس کامیابی کے بعد وہ مجموعی اسٹینڈنگ میں فیراری کے لیوس ہیملٹن سے 45 پوائنٹس اور اپنی ٹیم کے ساتھی جارج رسل سے 50 پوائنٹس آگے ہو گئے ہیں۔ ریس کے آغاز ہی میں جارج رسل کے لیے دن انتہائی مایوس کن ثابت ہوا۔ پہلے لیپ پر اسپا فرانکورشامپ سرکٹ کے لی کومبز موڑ پر لیوس ہیملٹن سے ٹکر کے بعد ان کی گاڑی بجری میں پھنس گئی اور وہ ریس سے باہر ہو گئے۔ اس حادثے کے نتیجے میں رسل مجموعی چیمپئن شپ میں دوسرے سے تیسرے نمبر پر چلے گئے۔ ریس میں شارل لیکلرک نے فیراری کے لیے دوسرا مقام حاصل کیا، وہ 44 لیپس پر مشتمل مقابلے میں فاتح انتونیلی سے صرف 1.952 سیکنڈ پیچھے رہے۔ ورچوئل سیفٹی کار کے دوران پٹ اسٹاپ کی حکمت عملی کی بدولت لیکلرک کچھ وقت کے لیے سبقت بھی حاصل کرنے میں کامیاب رہے، تاہم انتونیلی نے دوبارہ برتری سنبھال لی۔

انگلینڈ نے فیصلہ کن ون ڈے 27 رنز سے جیت کر سیریز اپنے نام کرلی

لندن، 19 جولائی (یو این آئی) روہت شرما کی شاندار سنچری اور شبمن گل کے ساتھ پہلی وکٹ کے لیے عمدہ شراکت بھی بھارت کو شکست سے نہ بچا سکی، کیونکہ انگلینڈ نے لارڈز میں کھیلے گئے تیسرے اور فیصلہ کن ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت کو 27 رنز سے شکست دے کر سیریز اپنے نام کرلی۔ 388 رنز کے مشکل ہدف کے تعاقب میں بھارتی ٹیم مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 360 رنز ہی بنا سکی۔ بھارت کو روہت شرما اور شبمن گل نے شاندار آغاز فراہم کیا۔ دونوں نے پہلی وکٹ کے لیے بڑی شراکت قائم کر کے انگلینڈ کے بولرز کو دباؤ میں رکھا۔ روہت شرما نے انتہائی ذمہ دارانہ اور جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 84 گیندوں پر اپنی 34 ویں ون ڈے سنچری مکمل کی۔ وہ لارڈز میں ون ڈے سنچری بنانے والے پہلے بھارتی بلے باز بھی بن گئے۔ روہت شرما نے 122 گیندوں پر 132 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جس میں 15 چوکے اور 4 چھکے شامل تھے۔ انہوں نے شبمن گل کے ساتھ مل کر بھارت کی کامیابی کی امیدیں روشن رکھیں، تاہم ان کے آؤٹ ہونے کے بعد بھارتی اننگز کی رفتار متاثر ہوئی۔ شبمن گل نے بھی عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 79 رنز بنائے اور روہت کے ساتھ مضبوط بنیاد فراہم کی، لیکن درمیانی اوورز میں مسلسل وکٹیں گرنے سے بھارت دباؤ میں آگیا۔ انگلینڈ کے لیگ اسپنر عادل رشید نے اہم موقع پر روہت شرما کی وکٹ حاصل کر کے میچ کا رخ بدل دیا، جبکہ جوفرا آرچر نے بھی ایک اہم کامیابی حاصل کی۔ آخری اوورز میں گرنور برار نے ناٹ آؤٹ 18 اور ارشدیپ سنگھ نے صرف 6 گیندوں پر 15 رنز بنا کر جدوجہد کی، تاہم مطلوبہ ہدف تک پہنچنا ممکن نہ ہو سکا۔ انگلینڈ کی جانب سے گیندبازوں نے ابتدا میں دباؤ برقرار رکھا اور بعد میں اہم مواقع پر وکٹیں حاصل کر کے بھارت کو مطلوبہ رفتار سے رنز بنانے سے روک دیا۔ اس سے قبل انگلینڈ نے بین ڈکٹ کی ریکارڈ ساز 141 رنز کی اننگز، جیکب بیتھل کے 91، جوروٹ کے ناقابل شکست 74 اور جوس بٹلر کے برق رفتار ناقابل شکست 41 رنز کی بدولت 3 وکٹوں پر 387 رنز کا بڑا مجموعہ بنایا تھا۔ اس فتح کے ساتھ انگلینڈ نے تین میچوں کی ون ڈے سیریز 2-1 سے اپنے نام کرلی، جبکہ لارڈز میں کھیلا گیا فیصلہ کن مقابلہ بین ڈکٹ کی تاریخی اننگز اور روہت شرما کی دلیرانہ سنچری کے باعث طویل عرصے تک یاد رکھا جائے گا۔

وزیراعظم نریندر مودی نے جاپان اوپن میں پی وی سندھو کی تاریخی فتح پر مبارکباد دی

نئی دہلی، 19 جولائی (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی نے جاپان اوپن 2026 کا خطاب جیتنے پر ہندوستانی بیڈمنٹن اسٹار پی وی سندھو کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی یہ تاریخی کامیابی ان کے غیر متزلزل عزم اور غیر معمولی صلاحیتوں کا مظہر ہے اور اس سے ملک بھر کے نوجوان کھلاڑیوں کو نئی تحریک ملے گی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے پی وی سندھو کی کامیابی کو ہندوستانی بیڈمنٹن کے لیے ایک تاریخی لمحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ باوقار جاپان اوپن کا خطاب جیتنے والی پہلی ہندوستانی کھلاڑی بن گئی ہیں۔

انہوں نے اپنے پیغام میں کہا، "ہندوستانی بیڈمنٹن کے لیے یہ ایک تاریخی کامیابی ہے۔ جاپان اوپن 2026 میں فتح حاصل کرنے پر پی وی سندھو کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد۔ پورے ٹورنامنٹ کے دوران ان کا غیر متزلزل عزم اور غیر معمولی مہارت نمایاں رہی۔ اس باوقار خطاب کو جیتنے والی پہلی ہندوستانی بن کر انہوں نے اس کامیابی کو مزید یادگار بنا دیا ہے۔ ان کی یہ کامیابی ملک بھر کے بے شمار نوجوان کھلاڑیوں کو کھیل کے میدان میں آگے بڑھنے کی ترغیب دے گی۔"

پی وی سندھو نے ٹوکیو میں کھیلے گئے بی ڈبلیو ایف سپر 750 ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز فائنل میں جاپان کی اکانے یاماگوچی کو سیدھے گیمز میں شکست دے کر رواں سیزن کا سب سے بڑا خطاب اپنے نام کیا۔

اس فتح کے ساتھ ہی بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور کا خطاب جیتنے کا ان کا دو سالہ انتظار بھی ختم ہو گیا اور ان کے شاندار کریئر میں ایک اور نمایاں کامیابی کا اضافہ ہو گیا۔ دو مرتبہ کی اولمپک تمغہ یافتہ اور سابق عالمی چیمپئن پی وی سندھو طویل عرصے سے ہندوستان کی کامیاب ترین بیڈمنٹن کھلاڑیوں میں شمار ہوتی ہیں۔ انہوں نے اولمپکس، عالمی چیمپئن شپ، دولت مشترکہ کھیلوں اور ایشیائی کھیلوں میں متعدد تمغے جیتے ہیں۔ جاپان اوپن کا خطاب ان کی کامیابیوں میں ایک اور اہم اضافہ ہے اور انہیں ہندوستان کے عظیم ترین کھیلوں کے آئیکنز میں مزید مضبوط مقام دلاتا ہے۔

وزیراعظم کا مبارکبادی پیغام کھیل اور سیاسی حلقوں کی جانب سے پی وی سندھو کو ملنے والی وسیع پیمانے پر ستائش کے مطابق ہے۔ ان کی تاریخی کامیابی کو ہندوستانی بیڈمنٹن کے لیے ایک اہم سنگ میل اور ملک بھر کے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کے لیے باعث تحریک قرار دیا جا رہا ہے۔

بنگلہ دیش نے 2026 کی اپنی پہلی ٹی20- سیریز جیت لی

ہاوایو، 19 جولائی (یو این آئی) بنگلہ دیش نے ابتدائی میچ میں شکست کے بعد شاندار واپسی کرتے ہوئے تین میچوں کی ٹی20- سیریز میں زمبابوے کو 1-2 سے شکست دے کر 2026 کی اپنی پہلی ٹی20- بین الاقوامی سیریز اپنے نام کرلی۔ اس کامیابی کے ساتھ اس نے زمبابوے کے کپتان سکندر رضا کے ریکارڈ ساز میچ کا جشن بھی ماند کر دیا، جنہوں نے تینوں فارمیٹس میں مجموعی طور پر 314 بین الاقوامی میچ کھیل کر اپنے ملک کی جانب سے سب سے زیادہ میچ کھیلنے والے کرکٹر ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ بنگلہ دیش کی ٹیم میچ کے آخری اوور کے آغاز پر انتہائی مضبوط پوزیشن میں تھی اور اسے جیت کے لیے محض 5 رنز درکار تھے، جبکہ اس کا اسکور کریز پر موجود تھا اور 6 وکٹیں ابھی باقی تھیں۔ لیکن اس کے بعد میدان پر ایک ایسا سنسنی خیز ڈرامہ دیکھنے کو ملا جس نے میچ کا رخ ہی بدل دیا۔ آخری اوور کی شروعات میں بنگلہ دیشی بلے بازوں پر اچانک دباؤ سوار ہو گیا۔ مصدق حسین یار کر گیند پر رن اٹھانے کی کوشش میں بولڈ ہو گئے، اور اگلی ہی گیند پر سیف الدین بھی ایک غیر ضروری شاٹ مارنے کے چکر میں کیچ آؤٹ ہو گئے۔ بنگلہ دیش نے مسلسل دو گیندوں پر دو وکٹیں گنوا دیں اور میچ کا فیصلہ آخری 3 گیندوں پر 4 رنوں پر آگیا۔ گیند باز ایوانز اس وقت بیٹ ٹرک پر تھے۔ اگلی ہی گیند پر ایوانز نے مہدی حسن کو ایل بی ڈبلیو (ایل بی ڈبلیو) کر دیا اور وہ اپنی ہیٹ ٹرک کے بارے میں بالکل پرامید تھے، لیکن امپائر نے گیند پھینکے جانے سے ٹھیک پہلے ہی اسے 'ڈیڈ بال' قرار دے دیا تھا۔ امپائر کے اس فیصلے کی وجہ یہ تھی کہ گیند بازی کے دوران پیچھے کھڑا ایک فیلڈر حرکت کر رہا تھا، جسے کمنٹیٹرز نے "ایک ناتجربہ کار اور غلطی" قرار دیا۔ ایوانز نے اس فیصلے پر امپائر سے بحث بھی کی، لیکن بنگلہ دیش خوش قسمتی سے ایک بڑی مصیبت سے بچ نکلنے میں کامیاب رہا۔

ایل پی ایل میں مبینہ میچ فکسنگ

سابق ہندوستانی انڈر19- کرکٹر منجوت کلرا 31 جولائی تک عدالتی تحویل میں

کولمبو، 19 جولائی (یو این آئی) سری لنکا کی پولیس نے تصدیق کی ہے کہ سابق ہندوستانی انڈر19- کرکٹر منجوت کلرا کو 2026 لنکا پریمیئر لیگ (ایل پی ایل) کے دوران مبینہ بدعنوانی اور میچ فکسنگ سے متعلق الزامات کے معاملے میں 31 جولائی تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔ انہیں 16 جولائی کو گرفتار کیا گیا تھا۔

منجوت، جو تاجر میانک گوئل کے ساتھ جافنا کنگز فرنچائز کے شریک مالکان میں شامل ہیں، کو 17 جولائی کو کولمبو کی مجسٹریٹ عدالت میں پیش کیا گیا۔

مقامی میڈیا کے مطابق عدالت کو بتایا گیا کہ کلرا نے مبینہ طور پر جافنا کنگز کے لیے کھیلنے والے بھانوکا راجاپکسے اور سری لنکا کے قومی کرکٹروں دنیتھ ویلالاگے اور اوشنا فرنینڈو سے رابطہ کیا اور میچوں کے نتائج پر اثر انداز ہونے کے لیے انہیں 30 ہزار امریکی ڈالر سے زائد کی پیشکش کی۔

تحقیقات کے دوران عدالت کو بتایا گیا کہ تفتیش کاروں کے پاس مبینہ فون کالز کی ریکارڈنگ اور ویڈیو شواہد موجود ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کھلاڑیوں نے ابتدائی رابطے کے بعد کھیلوں سے متعلق جرائم کی روک تھام کے خصوصی تحقیقاتی یونٹ (ایس آئی یو) سے رابطہ کیا۔ یونٹ کی ہدایت پر مبینہ طور پر ایک کروڑ 15 لاکھ سری لنکن روپے کی ادائیگی پر بات چیت ہوئی، جس میں 95 لاکھ سری لنکن روپے ایڈوانس رقم طے کیے گئے۔ پولیس نے بتایا کہ کلرا اور ایک دوسرے شخص کو اس وقت گرفتار کیا گیا جب دوسرا شخص پیشگی رقم سے بھرا ایک طے شدہ مقام پر لے کر پہنچا۔

دفاعی وکیل نے تمام الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کلرا کی جانب سے رشوت کی پیشکش یا ادائیگی کا کوئی ثبوت موجود نہیں ہے۔ عدالت سے ضمانت کی درخواست بھی کی گئی، تاہم چیف مجسٹریٹ نے اسے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس مرحلے پر ضمانت سے تحقیقات متاثر ہو سکتی ہیں۔

ورلڈ کپ 2026 سے فیفا کی آمدن 15 ارب ڈالر سے تجاوز کر سکتی ہے: انفانٹینو

نیویارک، 19 جولائی (یو این آئی) فیفا کے صدر جیانی انفانٹینو نے کہا ہے کہ کینیڈا، میکسیکو اور امریکہ میں منعقد ہونے والے فیفا ورلڈ کپ 2026 کی غیر معمولی کامیابی نے عالمی فٹبال میں سرمایہ کاری اور تجارتی مواقع کے نئے دروازے کھول دیے ہیں، جبکہ ٹورنامنٹ سے حاصل ہونے والی مجموعی آمدن 15 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔

نیویارک میں ورلڈ کپ کے فائنل سے ایک روز قبل فیفا کی 211 رکن ایسوسی ایشنز کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے جیانی انفانٹینو نے کہا کہ فیفا ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے اور اپنے ٹورنامنٹس سے حاصل ہونے والی آمدن دنیا بھر میں فٹبال کے فروغ اور رکن ممالک کی معاونت پر خرچ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2023 سے 2026 کے مالیاتی دورانیے میں فیفا کی مجموعی آمدن 15 ارب ڈالر سے زیادہ رہنے کی توقع ہے، جو عالمی فٹبال کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ فیفا صدر کے مطابق ورلڈ کپ 2026 نے ادارے کے لیے نئے تجارتی اور مالی مواقع پیدا کیے ہیں، جن سے حاصل ہونے والے وسائل دنیا بھر میں فٹبال کی ترقی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور رکن ممالک کی معاونت کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مالی کامیابی کا براہ راست تعلق کھیل کے معیار سے ہے۔ اگر فیفا کھیل کے میدان میں درست فیصلے کرتا ہے تو تجارتی اور مالی کامیابیاں بھی اسی رفتار سے بڑھتی رہیں گی۔

'فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل' کا مقصد فوسل ایندھن پر انحصار کم کرنا ہے / منسکھ مانڈویہ

نئی دہلی، 19 جولائی (یو این آئی) نوجوانوں کے امور اور کھیل کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ نے اتوار کو کہا کہ 'فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل' مہم کا مقصد فوسل ایندھن پر ضرورت سے زیادہ انحصار کم کرنا اور آلودگی میں کمی لانا ہے۔ انہوں نے میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں اس ملک گیر مہم کے 82 ویں ایڈیشن کی قیادت کی، جو ملک بھر میں 10 ہزار سے زائد مقامات پر منعقد ہوا۔ دسمبر 2024 میں شروع کی گئی اس مہم کے تحت اب تک 30 لاکھ سے زائد افراد شریک ہو چکے ہیں۔ اس موقع پر ہاکی اولمپین پریتی دوبے، فٹ انڈیا چیمپئن چار ول ملک اور یوگا کوچ ایتا سونکی نے بھی سائیکل ریلی میں حصہ لیا۔

مسٹر مانڈویہ نے کہا کہ ہر اتوار صرف ایک گھنٹہ سائیکل چلانے سے صحت بہتر رکھنے، آلودگی کم کرنے اور ملک کے ایندھن کے وسائل بچانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی سوچ کے تحت لاکھوں نوجوان سائیکلنگ کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنا رہے ہیں۔ آیوشمان آروگیہ مندر کے ریاستی پروگرام افسر ڈاکٹر انشول مدگل نے کہا کہ اس مہم کا مقصد احتیاطی صحت کی خدمات کو فروغ دینا اور لوگوں کو جسمانی طور پر صحت مند رہنے کے لیے بیدار کرنا ہے۔

ویسٹ انڈیز کے لیے چوتھا ون ڈے فیصلہ کن، شائی ہوپ نے ورلڈ کپ کوالیفکیشن کی اہمیت اجاگر کر دی



بارباڈوس، 19 جولائی (یو این آئی) ویسٹ انڈیز کے کپتان شائی ہوپ نے کہا ہے کہ نیوزی لینڈ کے خلاف پانچ ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا چوتھا مقابلہ ان کی ٹیم کے لیے انتہائی اہم ہے، کیونکہ ہر میچ 2027 کے ون ڈے ورلڈ کپ کے لیے براہ راست کوالیفکیشن کی دوڑ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ویسٹ انڈیز اس وقت پانچ میچوں کی سیریز میں 1-2 سے پیچھے ہے، جبکہ آئی سی سی کی تازہ ون ڈے درجہ بندی میں دسویں نمبر پر موجود ہے۔ گزشتہ ورلڈ کپ کے لیے براہ راست کوالیفائی نہ کرنے کے بعد کیریبین ٹیم اس بار ایسی غلطی دہرانا نہیں چاہتی۔ اتوار کو بارباڈوس کے کینسنگٹن اوول میں کھیلا جانے والا چوتھا ون ڈے ویسٹ انڈیز کے عظیم کرکٹر سر گیری سوبرز کی یاد کے نام منسوب کیا گیا ہے۔ اس موقع پر کرکٹ ویسٹ انڈیز نے دونوں آخری میچوں کے لیے شائقین کے داخلے کو مفت کر دیا ہے، جبکہ پہلے سے ٹکٹ خریدنے والوں کو رقم واپس کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ شائی ہوپ نے کہا کہ سر گیری سوبرز نے ویسٹ انڈیز کرکٹ کی عظمت کی بنیاد رکھی اور ان کی خدمات پوری ٹیم کے لیے باعث تحریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم اس میچ میں اپنے عظیم سابق کرکٹر کو خراج عقیدت پیش کرنے کے جذبے کے ساتھ میدان میں اترے گی اور فتح حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم میں بھی کئی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ جسٹن گریوز کمر کی انجری سے صحت یاب ہونے کے بعد اسکواڈ میں واپس آگئے ہیں، جبکہ برانڈن کنگ کی بھی واپسی ہوئی ہے۔ انجری کے باعث روسٹن چیز اور جان کیمبل دستیاب نہیں ہوں گے، جبکہ خاری پیئر بھی اسکواڈ سے باہر ہو گئے ہیں۔ ان کی جگہ جیڈن سیلز کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ کپتان شائی ہوپ نے بتایا کہ بارباڈوس کی وکٹ پر وہ ٹیس کے مقابلے میں مختلف ہو سکتی ہے، تاہم حتمی حکمت عملی ٹاس اور وکٹ کا جائزہ لینے کے بعد طے کی جائے گی۔

ای سی بی نے برینڈن میکولم کی جگہ لینے والے کا فیصلہ پہلے ہی کر لیا ہے / لیہمن

ایڈنبرگ، 19 جولائی (یو این آئی) نارتھمپٹن کے کوچ ڈیرن لیہمن نے کہا ہے کہ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ (ای سی بی) نے برینڈن میکولم کی جگہ لینے والے شخص کے بارے میں پہلے ہی فیصلہ کر لیا ہے۔

نارتھمپٹن شائر کو ریکارڈ کی برابری کرتے ہوئے تیسرا ٹی20- بلاسٹ خطاب جتانے کے بعد ڈیرن لیہمن نے اس بات کو ہنسی میں اڑا دیا کہ وہ انگلینڈ کے ٹیسٹ کوچ بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ای سی بی نے برینڈن میکولم کے متبادل کا "پہلے ہی فیصلہ کر لیا ہے"۔ سال 2018 میں بال ٹیمپرنگ اسکینڈل کے بعد لیہمن نے آسٹریلیا کے ہیڈ کوچ کا عہدہ چھوڑ دیا تھا اور تب سے انہوں نے بین الاقوامی کرکٹ میں کوچنگ نہیں کی ہے۔ وہ گزشتہ سال ہیڈ کوچ کے طور پر نارتھمپٹن سے جڑے تھے اور اس سیزن کے آغاز میں انہوں نے 2029 تک اپنے معاہدے میں توسیع کی تھی۔ اس ذمہ داری کے ساتھ ساتھ وہ انگلینڈ میں سردیوں کے دوران آسٹریلیا میں اے بی سی ریڈیو کے لیے براڈکاسٹنگ کا کام بھی کرتے ہیں۔ ٹیسٹ کوچ کے عہدے سے میکولم کو حال ہی میں ہٹائے جانے کے بعد ای سی بی نئے چیف کوچ کی تلاش کر رہا تھا، لیکن جمعہ کو اس عمل کو اس وقت جھٹکا لگا جب اس عہدے کے لیے ابتدائی پسند مانے جانے والے اینڈرو فلاور نے خود کو اس دوڑ سے باہر کر لیا۔

لاس اینجلس نائٹ رائیڈرز نے واشنگٹن فریڈم کو شکست دے کر میجر لیگ کا خطاب جیتا

اوکلینڈ (کیلیفورنیا)، 19 جولائی (یو این آئی) آندرے فلیچر کی 47، کولن منرو کی 40 اور میتھیو ٹرامپ کی 30 رنز کی عمدہ اننگز کے بعد سنیل نارائن اور جیسن ہولڈر کی تین، تین جبکہ شیڈلی وان شالک وک کی دو وکٹوں کی شاندار بولنگ کی بدولت لاس اینجلس نائٹ رائیڈرز نے واشنگٹن فریڈم کو ایک سنسنی خیز مقابلے میں ایک رن سے شکست دے کر میجر لیگ کرکٹ کا خطاب اپنے نام کر لیا۔ یہ لاس اینجلس نائٹ رائیڈرز کا پہلا میجر لیگ کرکٹ ٹائٹل ہے۔ واشنگٹن فریڈم نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے لاس اینجلس نائٹ رائیڈرز کو آندرے فلیچر اور کولن منرو کی اوپننگ جوڑی نے پہلی وکٹ کے لیے 66 رنز کی شراکت کے ساتھ عمدہ آغاز فراہم کیا۔ آٹھویں اوور میں نکھل چودھری نے آندرے فلیچر کو 47 رنز پر بولڈ کر کے واشنگٹن کو پہلی کامیابی دلائی۔ اسی اوور کی پانچویں گیند پر انہوں نے آندرے رسل کو بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ کر دیا۔

لتابہت سنگھ ورلڈ جونیئر اسکوائش چیمپئن شپ میں ہندوستانی ٹیم کی قیادت کریں گی

اونٹاریو (کینیڈا)، 19 جولائی (یو این آئی) ٹاپ سیڈ لتابہت سنگھ پیر سے نیاگرا آن دی لیک میں شروع ہونے والی ورلڈ جونیئر اسکوائش چیمپئن شپ 2026 میں ہندوستانی ٹیم کی قیادت کریں گی۔ چیمپئن شپ کے انفرادی مقابلے 20 سے 25 جولائی جبکہ مردوں اور خواتین کے ٹیم مقابلے 26 سے 31 جولائی تک کھیلے جائیں گے۔ انفرادی زمرے میں 180 سے زائد انڈر19- کھلاڑی اور ٹیم ایونٹ میں 24 ممالک کی 40 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ 18 سالہ لتابہت سنگھ گزشتہ سال کانسی کا تمغہ جیت کر اس ایونٹ میں ہندوستان کے 15 سالہ انتظار کا خاتمہ کر چکی ہیں۔ عالمی درجہ بندی میں 20 ویں نمبر پر موجود یہ کھلاڑی اب ورلڈ جونیئر خطاب جیتنے والی پہلی ہندوستانی خاتون بننے کی کوشش کریں گی۔

ہندوستانی ٹیم: مرد: آریہ ویر دیوان، وائی نفیس، گوردیر سنگھ، پرو رمبھیلا

خواتین: لتابہت سنگھ، رودر اسنگھ، انیکا دوبے، سانوی کلکی۔

خواتین کے مقابلوں میں مصر کی رکیہ سالم دوسری سیڈ ہیں، جبکہ مردوں میں مصر کے محمد زکریا ٹاپ سیڈ کے طور پر میدان میں اتریں گے۔ ہندوستان کے ایشیائی جونیئر چیمپئن آریہ ویر دیوان کو 5/8 سیڈنگ دی گئی ہے۔ یہی آٹھ کھلاڑی ٹیم چیمپئن شپ میں بھی ہندوستان کی نمائندگی کریں گے۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گاؤں میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ دینے، کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تمام شعبوں سے متعلق سپورٹس سرگرمیوں کے لئے ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا براہ راست دفتر کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی اور ہی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات اور وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور ٹیکنیکی کے ساتھ شائع کرتا ہے اور کسی قسم کی ذمہ داری نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com
مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR,
Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781